احوال و آثار

# عبداللہ خویشگی قصوری

یعنی

عہد شاہجہانی و عالمگیری کے ایک کثیر التصانیف عالم، شاعر، مؤرخ
اور تذکرہ نویس کے حالات زندگی اور علمی کمالات کا مفصل جائزہ

تالیف

محمد اقبال مجددی

پروگریسو بکس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھم صل علیٰ محمد
وعلیٰ آل محمد کما صلیت
علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم
انک حمید مجید ۝

اللّٰھم بارک علیٰ محمد وعلیٰ
آل محمد کما بارکت علیٰ
ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم
انک حمید مجید ۝

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

احوال و آثار

# عبداللہ خویشگی قصوری رحمۃ اللہ علیہ

یعنی

عہد شاہجہانی و عالمگیری کے ایک کثیر التصانیف عالم، شاعر، مؤرخ
اور تذکرہ نویس کے حالات زندگی اور علمی کمالات کا مفصل جائزہ

تالیف

محمد اقبال مجددی

ناشران

پروگریسو بکس لاہور

یوسف مارکیٹ ، غزنی سٹریٹ
اردو بازار ، لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ


| | |
|---|---|
| کتاب | احوال و آثار عبداللہ خویشگی قصوری |
| مولف | محمد اقبال مجددی |
| طبع اول | ۱۹۷۲ء |
| طبع دوم | ۲۰۱۶ء (بتجدید نظر) |
| مطبع | آصف صدیق، پرنٹرز، لاہور |
| قیمت | /= روپے |
| ناشر | چوہدری غلام رسول ۔ میاں جواد رسول<br>میاں شہزاد رسول |

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8834778

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ٥ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ٥ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# انتساب

مؤلف اپنی اس کاوش کو

مخدومی مولوی شمس الدین مرحوم و مغفور

تاجر کتب نادرہ، لاہور

المتوفی ۱۱ جنوری ۱۹۶۸ء

کے نام معنون کرتا ہے

احقر
محمد اقبال مجددی

لاہور
۲۸ شعبان ۱۳۹۰ھ

کتبہ الفقیر نفیس رقم ۱۳۹۱ھ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# فہرست


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| ☆نقش ثانی | 13 |
| ☆تقریب | 17 |
| ☆پیش لفظ | 21 |
| ☆تقریظ | 23 |
| ☆حرفِ اوّل | 25 |
| ☆اجداد | 28 |
| ☆مولانا احمد شوریانی | 28 |
| ☆شیخ محمد وتوزئی | 32 |
| ☆والد | 34 |
| ☆عبدالستار شوریانی برادرِ خرد عبدی | 34 |
| ☆نام | 38 |
| ☆لقب | 38 |
| ☆تخلص | 39 |
| ☆ولادت | 40 |
| ☆رفیقہ حیات | 41 |
| ☆محمد معتصم باللہ بن عبدی | 43 |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |


| | |
| --- | --- |
| ☆عبدی کا شجرۂ نسب | 44 |
| ☆شجرہ | 46 |
| ☆اساتذہ | 47 |
| ☆ شیخ نعمت اللہ لاہوری | 47 |
| ☆درس وتدریس | 52 |
| ☆عبدی مشائخ کی خدمت میں | 53 |
| ☆ شیخ فتح اللہ | 54 |
| ☆شاہ سراج الدین | 55 |
| ☆ شیخ عبدالرحمٰن رفیع | 57 |
| ☆ شیخ پیر محمد لکھنویؒ | 58 |
| ☆مولانا خواجہ علی | 61 |
| ☆ شیخ محمد رشید جونپوریؒ | 62 |
| ☆ شیخ عبداللطیف برہانپوری | 67 |
| ☆ شیخ برہان الدین برہانپوریؒ | 71 |
| ☆ شیخ بازید وتوزئیؒ | 73 |
| ☆ شیخ حبیب جنیریؒ | 74 |
| ☆ شیخ محمد نعیم جونپوریؒ | 75 |
| ☆شاہ دولہ دریائی گجراتیؒ | 76 |
| ☆ میر سید احمد گیسودراز کالپویؒ | 77 |
| ☆ شیخ عبدالخالق خویشگی قصوریؒ | 79 |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|

| ☆عبدی کے اُمراء سے روابط | 83 |
| ☆مرزا راجہ جے سنگھ | 85 |
| ☆داؤد خاں حسین زئی | 85 |
| ☆حسن خان و سعید خان خویشگی | 86 |
| ☆تصانیفِ عبدی | 87 |
| ☆(۱) بحر فراسۃ اللا فظ فی شرح دیوان خواجہ حافظ | 89 |
| ☆خطی نسخے | 93 |
| ☆(۲) خلاصۃ البحر قدیم وجدید | 93 |
| ☆(۳) جامع البحرین فی زوائد النہرین | 95 |
| ☆(۴) خلاصۃ البحر فی التقاط الدرر | 96 |
| ☆(۵) اخبار الاولیاء من لسان الاصفیاء (بعد ۱۰۷۷ھ) | 97 |
| ☆فہرست تراجم مشائخ اخبار الاولیاء | 97 |
| ☆باب اوّل احوال مشائخ خویشگیان | 97 |
| ☆سببِ تصنیف | 100 |
| ☆سال و مقامِ تصنیف | 101 |
| ☆اہمیت | 103 |
| ☆نقائص | 104 |
| ☆ایک اور غلط فہمی کا ازالہ | 105 |
| ☆اخبار الاولیاء کے قلمی نسخے | 105 |
| ☆ترقیمۂ کاتب | 105 |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
| --- | --- |
| ☆(۶)معارج الولایت | 107 |
| ☆سال تصنیف(۱۰۹۶ھ) | 109 |
| ☆فہرست مشائخ مشمولہ معارج الولایت | 111 |
| ☆معارج الولایت کے مآخذ | 123 |
| ☆معارج الولایت میں منقولہ کتب کے متون | 127 |
| ☆معارج الولایت بحیثیت ماخذ | 131 |
| ☆معارج الولایت کے نقائص | 132 |
| ☆جانبدارانہ پہلو | 134 |
| ☆معارج الولایت کے قلمی نسخے | 134 |
| ☆(۷)اسرار مثنوی وانوار معنوی | 137 |
| ☆مآخذ | 139 |
| ☆مستشرقین کی فروگزاشتیں | 140 |
| ☆سال تصنیف | 140 |
| ☆نسخ خطی | 143 |
| ☆(۸)تحقیق المحققین فی تدقیق المدققین | 144 |
| ☆(۹)فوائد العاشقین | 147 |
| ☆(۱۰)بہارستان شرح گلستان ۱۱۰۵ھ | 148 |
| ☆(۱۱)تحفۂ دوستان شرح بوستان(۱۱۰۶ھ) | 151 |
| ☆(۱۲)فوائد موتقنہ | 153 |
| ☆(۱۳)اوراد خویشگی | 154 |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| ☆(۱۴)تحفۂ بدریہ وہدیۂ قدریہ | 154 |
| ☆(۱۵)تحفۂ نوریہ | 155 |
| ☆(۱۶)شرح کلمات وافیات | 155 |
| ☆(۱۷)فوایدخردہ درشرح قصیدۂ بردہ | 156 |
| ☆تصانیف عبدی حصہ دوم | 157 |
| ☆(۱۸)جامع الکلمات | 157 |
| ☆(۱۹)تلقین المریدین | 159 |
| ☆(۲۰)تلقین الطالبین | 162 |
| ☆(۲۱)اورادالسادات | 163 |
| ☆(۲۲)اورادالنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 164 |
| ☆(۲۳)مقصودالسالکین | 164 |
| ☆(۲۴)حصول الوصول | 164 |
| ☆(۲۵)جامع الحقائق | 166 |
| ☆(۲۶)فوائدالطالبین | 167 |
| ☆(۲۷)مظہرالوجودومظہرالشہو د | 168 |
| ☆(۲۸)محرقاۃ الرفضۃ | 168 |
| ☆(۲۹)محاکمات العلماء فی اختلاف الصوفیہ والفقہاء | 169 |
| ☆(۳۰)راحۃ الاشباح فی شرح نزہۃ الارواح | 170 |
| ☆(۳۱)مبینات اشراق اللمعات | 171 |
| ☆(۳۲)شرح حروف عالیات | 172 |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| ☆(۳۳)روائح شرح لوائح | 173 |
| ☆(۳۴)فوائد العارفین | 174 |
| ☆(۳۵)جامع البحرین شرح دیوان شیخ عبدالقادر جیلانیؒ | 175 |
| ☆(۳۶)مخزن الحقائق شرح کنز الدقائق | 175 |
| ☆(۳۷)بحرِ زخار شرح ہدایہ | 175 |
| ☆(۳۸)فوائدِ لالی شرح قصیدہ امالی | 176 |
| ☆(۳۹)معجز شرح موجز | 176 |
| ☆(۴۰)شرح نو بہار | 177 |
| ☆(۴۱)اسرارِ الٰہی | 177 |
| ☆(۴۲)مزرعۃ الآخرۃ | 177 |
| ☆(۴۳)سلسلۃ الذہب | 177 |
| ☆(۴۴)مظہر العجائب | 177 |
| ☆(۴۵)مظہر الغرائب | 177 |
| ☆(۴۶)کفایت الاسرار | 179 |
| ☆(۴۷)کفایت الانوار | 180 |
| ☆(۴۸)مہمیز | 180 |
| ☆(۴۹)ارشاد الحربی | 181 |
| ☆(۵۰)ارشاد العالمین | 181 |
| ☆(۵۱)ہدایۃ المصلین | 182 |
| ☆(۵۲)بوارق خاطفہ | 182 |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| ☆(۵۳) قواعد التکسیر | 182 |
| ☆(۵۴) خلاصۃ التکسیر | 182 |
| ☆(۵۵) فوائد التکسیر | 182 |
| ☆(۵۶) تحفۂ سریہ (فارسی نظم) | 183 |
| ☆دیوان عبدی | 183 |
| ☆عبدی کا سالِ وفات | 184 |
| ☆عبدی کی حضرت مجدد الف ثانی کی مخالفت | 185 |
| ☆عبدی کی چند جانبدارانہ تحریریں | 185 |
| ☆عبدی اور شیخ آدم بنوریؒ | 192 |
| ☆وجوہِ مخالفت | 195 |
| ☆وجودی صوفیہ کی صحبت | 197 |
| ☆شیخ عبداللطیف برہانپوری کے نظریات کے عبدی پر اثرات | 199 |
| ☆قاضی قصور | 201 |
| ☆عبدی کا قیام اورنگ آباد | 201 |
| ☆شیخ ابن عربیؒ سے عقیدت | 208 |
| ☆نتیجہ | 209 |
| ☆ضمیمۂ اوّل | 211 |
| ☆سرگزشتِ عبدی بزبانِ عبدی | 211 |
| ☆ضمیمۂ ثانی | 235 |
| ☆حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خلاف ایک فتویٰ اور اُس کا تجزیہ | 235 |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| صفحہ | عنوانات |
|---|---|
| 247 | ☆ تقابلی جائزہ |
| 267 | ☆ استفتاء |
| 281 | ☆ قطعۂ تاریخ تالیف |
| 283 | ☆ مآخذ |
| 289 | ☆ فہرست عکسیات |


☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نقش ثانی

۱۹۷۰ء کے آغاز کی بات ہے' مؤلف مسکین اسلامیہ کالج سول لائنز' لاہور میں بی اے سال اوّل کا طالب علم تھا' جب پنجاب یونیورسٹی' لاہور کے مرکزی کتب خانہ میں جا کر اپنے ہم وطن عبداللہ خویشگی قصوری کی تصنیف معارج الولایت کا قلمی نسخہ دیکھا' یہ صوفیہ کا ایک عمومی تذکرہ ہے' اس سے میں بہت متاثر ہوا اور سوچا کہ اپنے اس ہم مستقر کے احوال و آثار پر ایک کتاب لکھوں' کتاب کا مطالعہ کیا تو اس کے بہت سے خصائص کا علم ہونے کے ساتھ یہ بھی معلوم ہوا کہ اس میں میرے روحانی جداعلیٰ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کے خلاف بہت سا مواد ہے اور اس نے حضرت کے خلاف حدود ۱۰۹۰ھ کو مرتب ہونے والا ایک فتویٰ بھی نقل کر کے محفوظ کر لیا ہے تو اس کی حقیقت جاننے کے لیے اب میری تمام تر توجہ عبداللہ خویشگی اور اس کی دوسری تصانیف کی طرف مبذول ہوگئی۔

نصابی کتابوں سے تو پہلے ہی بے زار تھا' اب اس نئے شوق نے تو نصاب سے کوسوں دور کر دیا' پہلا سہ ماہی امتحان ہوا تو بغیر تیاری کے ہی کامیاب ہوگیا تاہم اس مقصد کے لیے جس کامل توجہ کی ضرورت تھی وہ میں کبھی بھی نہ دے سکا۔

پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے عملہ نے بلاوجہ مخطوطات کے استعمال کی راہ میں رکاوٹیں ڈالیں' میں سال بھر ان کا سامنا کرتا رہا' معارج الولایت کا یہ مخطوط کئی بار چھپا دیا گیا' جس کے باعث میرا کام متاثر ہوتا رہا' لائبریری کے ایک افسر ملک

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

احمد نواز صاحب نے اس معاملہ میں سب سے اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے معارج الولایت کا خطی نسخۂ ذخیرۂ آذر اپنے سیف میں چھپا دیا اور مجھ کم سن کو لائبریری سے صرف اس لیے نکال دیا کہ میں مسلسل مخطوطات کا استعمال کرتا ہوں۔

قصور اور اس کے نواح میں جہاں کہیں کسی کتب خانہ کا علم ہوتا فوراً وہاں پہنچ جاتا تھا' ڈاکٹر مولوی محمد شفیع (سابق پرنسپل اورینٹل کالج' لاہور) خود قصور کے باشندہ تھے اور اس شہر کے افاغنہ پر ایک مقالہ بھی لکھا تھا' ان کے ذاتی کتب خانہ میں عبداللہ خویشگی اور قصور کے حوالہ سے کئی مخطوطات تھے' ان کا انتقال (۱۹۶۳ء) ہو چکا تھا' ان کے فرزند گرامی احمد ربانی بھی اپنے والد کی طرح کتب خانہ نہیں دکھاتے تھے' وہ ان مخطوطات کی صرف اتنی اہمیت جانتے تھے کہ ان کی مالیت کروڑوں روپے ہے' وہ اپنے والد کی علمیت کے وارث نہیں تھے بلکہ ان کی شخصیت کا منفی پہلو یعنی فرعونیت اور فخر و غرور ان میں ودیعت کر گیا تھا۔

بڑی مشکلات سے مرحوم کے کتب خانہ تک رسائی ہوئی' پھر ستم یہ تھا کہ میں بیس سال کا ایک جوان تھا' ایک غیر علمی آدمی یہ تصور بھی نہیں کر سکتا تھا کہ یہ تحقیق جیسا مشکل کام بھی کر سکتا ہے' تاہم قطرہ قطرہ کر کے کچھ رطب و یابس جمع ہوا لیکن وہ اس قابل نہیں تھا کہ کتاب کی شکل بنتی' اپنے مخدوم محترم حکیم محمد موسیٰ امرتسری مرحوم کی شفقت اور رہنمائی میں اسے مرتب صورت دینے میں لگا رہا' آخر یہ فیصلہ کیا کہ جس قدر مواد ہم دست ہوا ہے اُسے ترتیب دے کر کتابی صورت میں شائع کر دیا جائے۔

معروف خطاط سید انور حسین نفیس رقم مرحوم نے بڑی حوصلہ افزائی کی اور اپنے حلقہ کے ایک کاتب منشی عبدالحکیم سے کتابت کروائی' گو یا یہ کتابت معیاری نہیں تھی تاہم قبول کیا اور اپنے مخدوم و مربی مولوی شمس الدین (ف ۱۹۶۸ء) کے متبنیٰ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

محمد شفیق صاحب نے اسے شائع کرنے کا عزم کر لیا' اس طرح مجھ بے بضاعت کی یہ ابتدائی کاوش منظرِ عام پر آ گئی۔

اتنے میں بی اے کر کے پنجاب یونیورسٹی' لاہور کے شعبۂ تاریخ میں سال اوّل کا طالب علم بن چکا تھا' یہاں بھی وہی صورت حال رہی' نصاب سے لاتعلقی اور لاپرواہی کے باعث اساتذہ کی سرزنش کا نشانہ بنتا رہا' اس داغ کو دھونے کے لیے میں نے اپنی مذکورہ کتاب کی رونمائی کی تقریب کرنے کا فیصلہ کر لیا' رائٹرز گلڈ' لاہور کے کارکنوں سے ملا' انہیں اس امر کا یقین ہی نہ ہو سکا کہ بیس سال کا ایک جوان کسی تحقیقی کتاب کا مؤلف بھی ہو سکتا ہے' اپنے خام خیال کے مطابق میں نے اس تقریب میں اظہارِ خیال کے لیے اپنے شعبہ کے اساتذہ کو دعوتِ فکر دی' مجھے معلوم تھا کہ ان میں سے ایک استاد کے سوا باقی کوئی بھی کسی کتاب کا مؤلف نہیں ہے' یہ دیکھ کر اور سن کر افسوس ہوا کہ ان میں سے کسی میں بھی کتاب پر رائے زنی کا ملکہ نہیں ہے' ہاں جو صاحب مؤلف تھے اور محقق ہونے کے دعویٰ دار بھی انہوں نے ایک جوان سال مؤلف کی اس طرح حوصلہ افزائی فرمائی کہ کہا کہ میرے نزدیک اس موضوع پر کام کر کے وقت ضائع کیا گیا ہے' ان کے بعد کراچی سے تشریف لانے والے مقرر محمد ایوب قادری مرحوم نے ان کے اس لایعنی اعتراض کا جواب دیتے ہوئے بہت کچھ کہا اور ان کے غیر علمی رویہ کے خلاف بہت محتاط انداز میں بات کی تو یہ تھی پاکستان کی سب سے قدیم اور نامور یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ کی طرف سے اپنے ایک طالب علم کی حوصلہ افزائی کی روداد۔

اس کتاب میں ایک نومشق مؤلف کی ساری لغزشیں موجود ہیں اور زبان و بیان کی خامیاں ان کے علاوہ ہیں تاہم اپنی ابتدائی دور کی اس علمی یادگار میں زیادہ تصحیح نہیں کی گئی بلکہ اُسے اُسی طرح رہنے دیا گیا ہے تا کہ تاحیات اپنی اس علمی کم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مائیگی کا احساس تازہ ہوتا رہے۔

یہ کتاب اپنی تکمیل (۱۹۷۰ء) کے دو سال بعد ۱۹۷۲ء کو مخدومی مولوی شمس الدین مرحوم کے علمی مرکز (محل کتابفروشی ونوادرات) اور دار المؤرخین، لاہور کی مشترکہ کوشش سے طبع ہوئی۔

اب اس کتاب کا یہ دوسرا ایڈیشن میرے عزیز دوست چودھری غلام رسول صاحب اپنے ادارہ پروگریسو بکس (لاہور) سے شائع کر رہے ہیں جو اس کے پہلے بہت سی علمی کتابیں خصوصاً تصوف وسلوک کی کتب اور علماء وصوفیہ کے تذکرے شائع کر چکے ہیں، اس کتاب کی کمپوزنگ مسٹر ریحان علی نے بڑی محنت اور فنی مہارت سے کی جس کے لیے مؤلف ان کا شکر گزار ہے۔

تاریخ افاغنہ کے ماہر جناب عبدالحلیم افغانی مرحوم (ساکن مردان) نے ۱۹۷۳ء کو ہماری درخواست پر اس کتاب کا ناقدانہ مطالعہ کیا اور ہمیں انساب افاغنہ کے سلسلہ میں کئی اہم نکات سے آگاہ فرمایا، جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

مؤلف

محمد اقبال مجددی

۲۳ مارچ ۲۰۱۶ء

(یوم قیامِ پاکستان)

دار المؤرخین

196۔بی سبزہ زار لاہور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# تقریب

از

## پروفیسر محمد ایوب قادری مدظلہ استاذ اردو، اُردو کالج، کراچی

مضافاتِ لاہور میں قصور ایک تاریخی قصبہ ہے، زمانۂ قدیم سے یہ بستیِ علم و عرفاں کا مرکز رہی ہے، صوفیائے کرام میں حضرت شاہ کمال چشتی، شاہ عنایت قادری (ف بعد ۱۱۴۸ھ) بابا بلھے شاہ (بعد ۱۱۸۱ھ) علمائے عظام میں مولانا احمد شوریانی (۸۳۰ھ)، مولانا رحمت وتوزئی، اخوند سعید، مولانا محمد شریف نقشبندی (۱۱۵۳ھ) خواجہ محمد مقیم مجددی، خواجہ عبدالخالق، بایزید قصوری (۱۰۹۰ھ) اور شعرائے نامدار میں تسلیم والہداد خاں قصوری کے اسمائے گرامی علمی دنیا میں بقائے دوام کا درجہ رکھتے ہیں، دورِ آخر کے علماء واکابر میں مولانا غلام محی الدین (۱۲۷۰ھ) مولانا غلام دستگیر (۱۳۱۵ھ) مولانا غلام علی (۱۳۰۶ھ) مولانا غلام اللہ (۱۳۴۱ھ) مولانا غلام رسول، ڈاکٹر مولوی محمد شفیع (۱۳۸۲ھ) مولانا عبدالرسول بن مولانا غلام محی الدین، ڈاکٹر محمد اقبال، پروفیسر اورنٹیل کالج، لاہور (۱۹۴۸ء) آسمان علم و فضل کے آفتاب و مہتاب گزرے ہیں۔

قصور میں افاغنہ کی ایک شاخ خویشگی زمانۂ قدیم سے آباد ہے۔ اس قبیلے میں بھی اربابِ علم وفضل اور امراء و روساء ہوئے ہیں، امرائے قصور کے نام شہرت و عظمت کی وجہ سے تاریخ میں نمایاں وممتاز نظر آتے ہیں، قصور کے قبیلہ خویشگی میں عہد شاہ جہانی میں ایک شخص غلام معین الدین عبداللہ خویشگی المتخلص بہ عبدی پیدا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہوا، جس نے عالم گیر کا پورا زمانہ دیکھا ہے، وہ اپنے دور کا نامور فاضل، جید عالم، معروف مصنف، مقبول مدرس اور متوسط شاعر تھا۔

عبداللہ خویشگی کی زندگی اگر ایک طرف درس و تدریس اور تصنیف و تالیف سے عبارت ہے تو دوسری طرف وہ امراء و روساء اور ارکانِ دولت کی مصاحبت و ہم نشینی کرتا نظر آتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ زمانہ شناس بھی ہے اور ماحول و حالات پر بھی نظر رکھتا ہے، اس نے مختلف موضوعات مثلاً تاریخ و سوانح، تصوف، فقہ اوراد و وظائف، علم کلام، منطق و طب پر کم و بیش (اکاون ۵۱) کتابیں لکھی ہیں، اس سے اس کی جامعیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اس کی بعض کتابیں خاصی ضخیم ہیں، اس نے فارسی کے سوانحی ادب میں خاصا اضافہ کیا ہے، تلقین المریدین، اخبار الاولیاء اور معارج الولایت اس نوع کی کتابیں ہیں۔

آخر الذکر کتاب معارج الولایۃ بعض اعتبار سے اس کی ایک اہم اور معرکہ آراء تصنیف ہے، یوں تو یہ کتاب برصغیر کے صوفیہ و مشائخ کا ایک ضخیم تذکرہ ہے لیکن اس کتاب میں عبداللہ خویشگی نے برصغیر پاک و ہند کی مشہور زمانہ مجددی تحریک کو اپنی تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور حضرت مجدد الف ثانیؒ سے متعلق جس قدر مخالف و منفی آراء ہیں ان کو بالتزام جمع کر دیا ہے، یہ کتاب ۱۰۹۶ھ میں مکمل ہوئی۔ اس سے اس وقت کے مذہبی عوامل اور ذہنی پس منظر کے سمجھنے میں خاصی مدد ملتی ہے، یہ کتاب ابھی تک زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوئی بلکہ ہمارے خیال سے خویشگی کی کوئی کتاب بھی آج تک نہیں چھپی ہے اور نہ ہی اس کے حالات و سوانح مرتب و مدون ہوئے ہیں، یہ بھی اتفاق ہے کہ جس تحریک کا وہ سب سے بڑا مخالف ہے، اس تحریک کے ایک ارادت مند محمد اقبال مجددی نے اس کے حالات مرتب کئے ہیں اور سب سے پہلے خویشگی علمی دنیا میں ایک مجددی ہی کے ذریعہ متعارف ہو رہا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے۔

محمد اقبال مجددی تحقیق کا اعلیٰ ذوق رکھتے ہیں، انہوں نے یہ کتاب نہایت محنت اور تحقیق سے لکھی ہے اور اس سلسلہ میں وہ سفر کی صعوبتوں سے بھی دوچار ہوئے ہیں انہوں نے عبداللہ خویشگی کی اکثر تصانیف کو ترتیب حالات کے سلسلے میں پیش نظر رکھا ہے کم وبیش تمام عصری تذکرے اور مآخذ بھی ان کے سامنے رہے ہیں انہوں نے تنقیح وتنقید کے بعد حقیقت تک پہنچنے کی پوری پوری کوشش کی ہے اس کتاب کے منابع و مصادر بڑی حد تک مخطوطات کی صورت میں تھے، مجددی صاحب کی مساعی جمیلہ قابل مبارک باد ہے کہ انہوں نے ان خطی مآخذ و منابع کو ذاتی نیز دوسرے کتب خانوں سے تلاش کر کے خویشگی کے حالات و آثار پر ایک کتاب مرتب کر دی اس کتاب کے ذریعہ انہوں نے تحقیق وتنقید کا ایک اعلیٰ معیار پیش کیا ہے اس تالیف پر مجددی صاحب علمی دنیا کی طرف سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔

اردو کالج، کراچی

محمد ایوب قادری
۲۵ ستمبر ۱۹۷۱ء

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# پیش لفظ

از

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ایم اے، پی ایچ ڈی، ایس ای۔ ایس

استاذ گورنمنٹ کالج، ٹنڈو محمد خان، حیدر آباد، سندھ

فاضل مؤلف محترم جناب محمد اقبال مجددی ملک کے ان خاموش محققین میں ہیں جن کا مطلوب و مقصود صرف تحقیق ہے، جو کسی صلے کے طالب نہیں، علم و دانش کے ایسے مخلص خدمت گزار اگر نایاب نہیں تو کمیاب ضرور ہیں، موصوف کے متعدد علمی و تحقیقی مقالات پاک و ہند کے موقر جرائد میں شائع ہو چکے ہیں، مثلاً معارف (اعظم گڑھ)، برہان (دہلی)، المعارف (لاہور) بصائر (کراچی) وغیرہ وغیرہ۔ مطبوعہ مقالات کے علاوہ بہت سی کتابیں اور مضامین و مقالات زیر ترتیب ہیں۔

زیر نظر کتاب قصور (پاکستان) کے ایک کثیر التصانیف عالم، شاعر اور ادیب عبداللہ عبدی خویشگی کے احوال و آثار پر مشتمل ہے اور بڑی تحقیق اور جستجو کے بعد پیش کی گئی ہے، فاضل مؤلف کی دقت نظری کا اس سے انداز ہوتا ہے کہ انہوں نے مشرق و مغرب کے بعض محققین کی غلطیوں کی نشاندہی کی ہے مثلاً ڈاکٹر مولوی محمد شفیع مرحوم، ڈاکٹر سید عبداللہ، شیخ محمد اکرام، ایتھے، اسٹوری، ای۔ ڈی راس، براؤن اور مارشل وغیرہ۔

فاضل مؤلف نے اس کتاب کو پانچ ابواب پر تقسیم کیا ہے احوالِ عبدی، شیوخ عبدی، عبدی کے سلاطین و امراء سے تعلقات، تصانیف عبدی، عبدی کی حضرت مجدد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الف ثانی کی مخالفت' چوتھے باب کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے' حصہ اوّل میں معلوم و موجود تصانیف کا ذکر ہے اور حصہ دوم میں معلوم مگر ناموجود تصانیف کا ذکر ہے' تصانیف کے باب میں یہ اہتمام رکھا ہے کہ قلمی نسخوں کی تفصیلات بھی فراہم کی ہیں خصوصاً معارج الولایت کا تفصیلی تعارف کرایا ہے' یہ کتاب بعض حیثیات سے نہایت اہم ہے۔

مکمل سوانح کے لئے بعض دیگر اُمور کی بھی ضرورت ہوتی ہے' شاید قارئین اس کمی کو محسوس کریں مگر یہ کمی سوانحی مواد کی عدم فراہمی کی وجہ سے ہے' جو کوئی نقص نہیں' ایسی شخصیت پر قلم اُٹھانا جس کے متعلق سوانحی مواد تقریباً معدوم ہو چکا ہو' نہایت مشکل کام ہے۔ اس مشکل کا صحیح احساس اسی کو ہو سکتا ہے جو اس منزل سے گزرا ہو۔

فاضل مؤلف نے جو کچھ پیش کیا ہے' جن حالات میں پیش کیا ہے اور جس انداز سے پیش کیا ہے' لائق تحسین ہے' اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف کی اس علمی اور تحقیقی کاوش کو شرفِ قبولیت بخشے' آمین!

گورنمنٹ کالج
ٹنڈو محمد خان' سندھ

محمد مسعود احمد
۵ رمضان المبارک ۱۳۹۱ھ
۲۶ اکتوبر ۱۹۷۱ء

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# تقریظ

از

مولانا سید شرافت نوشاہی مدظلہ سجادہ نشین

ساہن پال شریف، گجرات

زیرنظر کتاب ''احوال و آثار عبداللہ خویشگی قصوری'' محمد اقبال مجددی لاہوری کے زورِ طبع کا نتیجہ ہے، عبدی کی گمنام شخصیت جن کا ذکر کسی تذکرہ میں نہیں پایا جاتا، بڑی محنت و کاوش سے ان کی کتابوں کا مطالعہ کر کے ان کے حالات کو منصۂ شہود پر اُجاگر کیا ہے اور ان کی تصانیف کی فہرست جن کی تعداد پچاس تک پہنچی ہے، بڑی تلاش سے مہیا کر کے قارئین کے سامنے پیش کی ہے، مولانا مجددی صاحب کا یہ بڑا علمی کارنامہ ہے جو انہوں نے تحقیقی دنیا کے سامنے کالشمس فی نصف النہار ظاہر کر دیا ہے، میں نے اس کتاب کو لفظ بلفظ پڑھا ہے ہر ایک واقعہ میں مولانا نے جابجا عبدی کی تصانیف کی اصل عبارتیں تحریر کی ہیں جس سے واقعات کی صحت میں کوئی شبہ نہیں رہ جاتا مجددی صاحب نے اس بات کا بھی سراغ لگایا ہے کہ مولانا خویشگی قصوری، حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ کے ساتھ اختلاف کی کیا حقیقت تھی، انہوں نے اپنی تحقیق سے ان اعتراضات پر بھرپور تنقید کی ہے۔

بہر کیف یہ کتاب نادر معلومات کا خزانہ ہے، اُمید ہے کہ اہل علم حضرات اور اہل انصاف احباب داد دیئے بغیر نہیں رہ سکیں گے، دعا ہے کہ اللہ کریم عزاسمہٗ، مولانا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مجددی صاحب کو علم و فکر میں ترقی عطا فرمائے، آمین!

درگاہ عالیہ نوشاہیہ ساہن، پال شریف — سید شرافت نوشاہی عفی اللہ عنہ

گجرات، پاکستان — ۱۱ محرم ۱۳۹۱ھ / ۹ مارچ ۱۹۷۱ء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# حرفِ اوّل

قصور کی سیاسی، علمی اور ثقافتی تاریخ کی تدوین ہمارے پروگرام میں شامل ہے، قصور کے علماء کا ایک مفصل تذکرہ بھی زیرِ ترتیب ہے، یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس کے علاوہ پنجاب پر ہماری تصانیف و مقالات حسبِ ذیل ہیں:

(۱) احوال و آثار خواجہ محمد سعید لاہوریؒ نقشبندی (زیرِ ترتیب)

(۲) ساہووالہ (سیال کوٹ) کے علماء کا ایک غیر مطبوعہ تذکرہ
مطبوعہ مجلّہ صحیفہ، مجلس ترقی ادب، لاہور اکتوبر ۱۹۷۱ء

(۳) احوال و آثارِ مولانا سید شرافت نوشاہی مدظلہ، مطبوعہ دار المؤرخین، لاہور

(۴) (تذکرہ) تحفۃ الواصلین اور اس کا سالِ تصنیف مطبوعہ معارف اعظم گڑھ، نومبر ۱۹۶۷ء

(۵) شاہ حسین لاہوری (م ۱۰۰۸ھ) کی ایک غیر مطبوعہ فارسی تصنیف ''تہنیت''
مطبوعہ مجلّہ معارف دار المصنفین، اعظم گڑھ، اگست ۱۹۷۰ء

(۶) لاہور کے چند غیر معروف صوفیہ، مطبوعہ المعارف، لاہور، اپریل ۱۹۷۰ء

(۷) مولانا نور محمد مدقق لاہوری (زیرِ ترتیب)

ہم چاہتے تھے کہ اس کتاب میں بطور مقدمہ قصور کی سیاسی، علمی اور ثقافتی تاریخ کا جائزہ لیا جاتا لیکن طوالت کے خوف نے ہمیں اس مقدمہ کو الگ کتابی صورت دینے پر مجبور کر دیا۔

اس کتاب میں بعض مقامات پر فارسی کے طویل اقتباسات دیئے گئے ہیں، جس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اقتباسات مخطوطات سے ماخوذ ہیں، مطبوعات کے اقتباسات دینے کی بجائے ان کے فقط حوالے ہی دیئے گئے ہیں۔

حسبِ ذیل اُمور کے لیے ہم قارئین سے معذرت خواہ ہیں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(i) ہم نے صاحب سوانح عبداللہ خویشگی قصوری کے لیے واحد کا صیغہ استعمال کیا ہے۔
(ii) مستشرقین کی گروگزاشتوں کی نشاندہی کے سلسلہ میں ہمارے لہجے میں قدرے تلخی پیدا ہوگئی ہے۔
(iii) اس کتاب کے آخری باب یعنی عبداللہ خویشگی کی حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مخالفت میں خطاب میں سختی اور لہجے میں درشتی پائی جاتی ہے۔

مؤلف اپنے ان بزرگوں مولانا سید حامد میاں، مولانا سید شرافت نوشاہی، مولانا محمد سعید احمد مجددی، مولانا سید انور حسین نفیس رقم، مولانا سید طیب شاہ ہمدانی، ڈاکٹر وحید قریشی، پروفیسر محمد ایوب قادری، ڈاکٹر ظہور الدین احمد، ڈاکٹر احمد بشیر، ملک احمد نواز، جناب نصیر احمد، جناب احمد ربانی اور پروفیسر محمد صدیق، بابا محمد فضل خان خویشگی مدظلہم العالی کا بہ صمیم قلب ممنون ہے کہ انہوں نے اس کتاب کی تالیف میں معاونت فرمائی۔

مخدومی مولانا حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ نے اس کتاب کی تالیف کے سلسلہ میں جو معاونت فرمائی، اس کا شکریہ الفاظ ادا کرنے سے قاصر ہیں۔

پروفیسر محمد ایوب قادری اور ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہما نے فقیر کی اس کتاب کا تنقیدی نظر سے مطالعہ فرما کر نہایت مفید مشورے دیئے اور اس کتاب پر تقریظیں بھی لکھیں، جس کے لیے مؤلف سراپا سپاس ہے۔

مؤلف اپنے والد بزرگوار میاں نور محمد مدظلہ اور برادرانِ گرامی محمد اسلام، محمد سعید، محمد سلیم، محمد اشرف اور محمد یوسف کے مالی تعاون اور محمد ریاض، محمد اشفاق بن محمد اسلام ساکنین قصور کی قصور نوردی میں رہنمائی کے لیے تہ دل سے شکر گزار ہے، محترم محمد شفیق نے طباعت کے مصارف برداشت کیے۔

| | |
|---|---|
| دار المورخین | مؤلف |
| محبوب پارک، گلزار کالونی | محمد اقبال مجددی |
| چاہ میراں، لاہور | ۱۹ اگست ۱۹۷۱ء |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قصبہ قصور دریائے راوی، ستلج اور بیاس کے کنارے پر واقع ہے اور فیروز پور روڈ پر لاہور سے ۳۴ میل دور جنوب مشرق میں آباد ہے۔[1]

زمانۂ قدیم سے قصور اہل علم کا مرکز رہا ہے بالخصوص ہر زمانے میں یہاں افغانوں کا اثر ورسوخ رہا ہے، قصور کے افغان زیادہ تر خویشگی نسل سے ہیں، قصور میں جن کے موجود ہونے کا ثبوت ساتویں صدی ہجری سے ملتا ہے، ان کی اصل وادی ارغسان (یکہ توت) سے ہے جو صوبہ کابل میں واقع ہے۔[2]

قصور میں آباد ہونے والے خویشگی، پیروتو شوریانی متوفی ۵۵۰ھ کی نسل سے تھے، عبداللہ خویشگی لکھتا ہے:

"قطب الاقطاب وفرد الاحباب بود و نام او دراصطلاح قوم حضرت پیر کبار است و او نیز خویشگی است، چه شوریان و شوره نام پدر اوست که پسر خویشگی بوده"۔[3]

حضرت پیروتو شوریانی، حضرت شیخ مودود چشتی[4] (۴۳۰ـ۵۲۷) کے خلفاء میں سے تھے، عبداللہ خویشگی قصوری نے اپنی تصنیف اخبار الاولیاء من لسان الاصفیاء میں قصور کے صوفیہ، علماء اور شعراء کے مفصل اور دلچسپ حالات لکھے ہیں۔

یہاں ہم قصور کے ایک کثیر التصانیف مصنف، شاعر اور امیر عبداللہ عبدی خویشگی قصوری کے حالات کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں۔

---

۱۔ ایمپریئل گزیٹر 149x.vx

۲۔ اسلامک کلچر جولائی ۱۹۲۹ء مقالہ ڈاکٹر مولوی محمد شفیع

۳۔ عبدی۔ معارج الاولایت قلمی ورق ۵۴۱ نسخۂ آذر۔

۴۔ برائے شرح حال شیخ مودود چشتی رجوع کنید بہ جواہر مودودی قلمی، خزینۃ الاصفیاء وغیرہما۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# اجداد

## مولانا احمد شوریانی

عبدیؔ نے اپنی تصانیف میں پیروتو شوریانی المعروف بہ حضرت پیر کبارؒ کی اولاد میں سے جن کے ساتھ اپنا کوئی پدری یا مادری تعلق ظاہر کیا ہے ان کے حالات اختصار کے ساتھ یہاں لکھے جاتے ہیں:

چنانچہ اس نے معارج الولایت میں لکھا ہے کہ میرے دادا مولانا احمد شوریانی اور حضرت مجدد الف ثانیؒ (م ۱۰۳۴ھ) کے درمیان مخلصانہ اور عقیدت مندانہ تعلقات تھے، لکھتا ہے:

"مولانا احمد شوریانی از اولاد حضرت پیر کبار و جد پدری این ضعیف (عبدی) است و تلمذ شیخ اسحاق بن کاکوؒ [۵] است کہ استاذ الاساتیذ لاہور و از اولاد حضرت گنج شکر اودہ...... و معاصر شیخ احمد کابلی و شیخ عبدالحق دہلوی و شیخ عیسیٰ سندی برہانپوری و شیخ احمد کابلی بسیار عزت و توقیر ایشان نگاہ داشتی و چون ہر دو عزیز یکجا بودندی و معارف و حقائق را ذکر کردندی اجنبی را دران مجلس دخل نبودی و دو سہ روز خلوت کردی و شیخ احمد ایشان را

۵ شیخ اسحاق بن کاکوؒ متوفی ۹۹۶ھ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بسیار پسندیدی و چون در دہلی برائے زیارت
حضرت خواجه قطب الاسلام وشیخ الاسلام
و پیران چشت قدس اللـه اسرارہم تشریف
داشتند و باشیخ عبدالحق دہلوی ملاقات
دست داد بسیار توقیر و تکریم ایشان بجا می
آورد......شیخ عبدالحق بر علو ہمت ایشان
آفرینہا کرده و در توقیر و تعظیم به فرمود و
چون در برہان پور رسیدند و مشائخ برہان پور
را دیدند و باشیخ عیسیٰ سندی ملاقات
حاصل شد و بعض مسائل دینی مذکور شدند'
بی آنکه از مولد و موطن بگویند شیخ عیسیٰ
بشناخت و گفت مگر تو مولانا احمد شوریانی
ہستی که چنین اصلابت در دین داری؟
ایشان قبول کردند و گفتند که فقیر احمد است
و یکی از ادنیٰ بزرگان خداوند تعالیٰ است و
شیخ عبداللطیف برہان پوری فرمودی که در
عمر خود دو کس را از علماء ظاہر و باطن
ملاقات کرده ام که مثل ایشان دیگری را
نیافته ام یکی شیخ عبدالوہاب مرصعی' دوم
شیخ احمد شوریانی' وشیخ عبداللطیف گفتی
در قومی که مثل شیخ احمد شوریانی باشد'

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شرف آن قوم است و وی بدیگری برای تحقیقات امور دین چرا رود و ہر کہ برای دیدن شیخ عبداللطیف از قصور ببلدۂ برہان پور آمدی اورا باز بقصد ردّ کردی و گفتی چرا چندین تصدیع کشیدی برو پیش شیخ احمد شوریانی وفرزندان او کہ ترا بخدا رسانند و دین ترا از رہزنان نگاہدارند......وکتابی مختصر کہ سوالات احمدی مشہور است (تصنیف احمد شوریانی) کہ برائے رِدّ ملاحدہ و زنادقہ واستفسار متصدفہ تحریر نمودہ"۔[٦]

عبدی نے "سوالات احمدی" کی تلخیص معارج الولایت میں ورق ۳۶۹ تا ۳۷۴ شامل کی ہے۔

مولانا احمد شوریانی نے دو شادیاں کی تھیں' بتک زیٔ قبیلہ کی بیوی کے بطن سے' ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی اور عارف زیان قبیلہ کی بیوی کے بطن سے چار لڑکے اور ایک لڑکی پیدا ہوئی ایک لڑکا ان کی زندگی میں فوت ہوگیا' بڑے لڑکے کا نام عبدالحق معروف بہ عبدالقادر تھا' عبدالقادر خود کو عبدالمقتدر کا نام بھی دیتے تھے' یہی عبدی کے والد تھے' عبدی اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے:

"پوشیدہ نماند کہ حضرت ایشان (مولانا احمد شوریانی) را منکوحہ بود از اولاد شیخ بتنک' خداوند تعالیٰ یک پسر و یک دختر

---

٦ عبدی: معارج الولایت ورق ۳۶۹۔اب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کرامت فرموده پسر را نام عبدالله نهادند و ازعبدالله دو پسر متولد شد و چون آن صالحه ودیعت حیات سپرد' حضرت ایشاں زوجه دیگر از عارف زیان که قوم خود بودند بزنی خواستند خق سبحانه از وی چهار پسر و یک دختر عنایت فرمودیکے در حیٰوۃ حضرت سفر آخرت کردند بقیه سه که بودند کلاں باسم عبدالصمد ومتوسط بنام عبدالحق که مشهور به عبدالقادر است وپدر این احقر باشد و خود را باسم عبدالمقدر (عبدالمقتدر) موسوم ساختند"۔ [7]

مولانا احمد شوریانی کا سالِ وفات معارج الولایت اور اخبار الاولیاء میں عبدی نے نہیں لکھا ہے۔ لیکن مفتی غلام سرور لاہوری مرحوم نے بغیر کسی حوالے کے ان کا سالِ وفات ۱۰۳۰ھ لکھا ہے۔ [8]

اعجاز الحق قدوسی نے خزینۃ الاصفیاء اور نزہۃ الخواطر کے حوالے سے مولانا احمد شوریانی کے متعلق لکھا ہے:

"آپ کا اسم گرامی شیخ احمد' آپ کے والد کا نام عبداللہ اور آپ کے والد کے دادا کا نام قاضی محی الدین عبداللہ خویشگی چشتی تھا"۔ [9]

---

۷ عبدی۔ اخبار الاولیاء ورق ۵۹ ب

۸ مفتی غلام سرور لاہوری: خزینۃ الاصفیاء جلد اوّل صفحہ ۴۵۸

۹ قدوسی اعجاز الحق: تذکرہ صوفیائے پنجاب' مطبوعہ کراچی' ۱۹۶۲ء صفحہ ۸۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حقیقت یہ ہے کہ اعجاز الحق قدوسی صاحب 'خزینۃ الاصفیاء کی عبارت نہیں سمجھ سکے' خزینۃ الاصفیاء میں ہے:

"شیخ احمد شوریانی از اولاد پیر کبار است وجدپدری خواجہ غلام محی الدین (معین الدین) عبداللہ خویشگی چشتی صاحب معارج الولایت واخبار الاولیاء است"۔ [۱۰]

معلوم نہیں کہ مندرجہ بالا اقتباس میں سے قدوسی صاحب نے احمد شوریانی کے والد کا نام عبداللہ اور والد کے دادا کا نام قاضی محی الدین عبداللہ خویشگی کیسے اخذ کرایا؟ حالانکہ صاحب خزینۃ الاصفیاء نے مولانا احمد شوریانی کے تعارف کے لئے عبداللہ خویشگی کا سہارا لیا ہے' حقیقت یہ ہے کہ احمد شوریانی قصوری' عبداللہ خویشگی کے دادا تھے' یہ مزید تعجب خیز امر ہے کہ صاحب نزہۃ الخواطر نے احمد شوریانی کے والد کا نام عبداللہ کیسے لکھ دیا ہے [۱۱] حالانکہ ان کا ماخذ بھی جیسا کہ انہوں نے خود وضاحت کی ہے' خزینۃ الاصفیاء ہی ہے۔

بحث کا حاصل یہ ہے کہ خزینۃ الاصفیاء کے ناقلین کو غلط فہمی ہوئی ہے' مولانا احمد شوریانی' عبداللہ خویشگی کے دادا تھے۔

## شیخ محمد وتوزئی

عبدی نے ان کو اپنا جد مادری لکھا ہے' وہ شیخ مامی کے عرف سے معروف تھے' عبدی اپنی والدہ مرحومہ کے حوالے سے ان کے حالات اس طرح لکھتا ہے:

---

۱۰۔ مفتی غلام سرور: خزینۃ الاصفیاء جلد ا صفحہ ۴۵۷

۱۱۔ عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر جلد ۵ صفحہ ۵۶

فقیر محمد جہلمی: حدائق الحنفیہ صفحہ ۴۰۳ (خزینۃ الاصفیاء کا لفظی ترجمہ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"از اولاد عارف زئ است و در عرف شہرت
بشیخ مامی یافتہ' جد مادری این احقر است
زاہد و رأیض و متورع و متعبد بود و صلوٰۃ
خمسہ را بجماعت در مسجد خواجہ حاجی
اویس کہ جد مادری وی بود ادا کردی
وبمتابعت حاجی در تعمیر مسجد
بسیار کوشیدی وفقراء بانواع خدمت پیش
آمدنی......والدہ مرحومہ میگفت کہ چون پدر
من در ابتداجوانی بکسب تجارت مشتغل
گشت خمس سال را در راہ خداوند تعالیٰ نہاد
و گفت کہ ہر رنج کہ برین مال حاصل شود
داخل آن خمس است......والدہ مرحومہ من
میگفت کہ چون در خانہ من دختران بسیار
پیدا می شدند ومن ازین جہۃ مغموم بودم
روزی بہ جد والدۂ خود متوجہ شدم و گفتم اے
پدر بزرگوار درین باب درحق من توجہ مبذول
فرمایند وعقد کارمن کشائید' بدین نیت فاتحہ
خواندم و بخواب شدم ایشان در خواب حاضر
شدند و کودکی پیش ایشان بازی میکرد
وفرمود کہ اے دختر میدانی کہ این طفل
کیست و نام وی چیست گفتم نی' فرمود کہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

این پشر تست و نامش محمد اسحاق است
چوں بیدار شدم خوشحال گشتم واین
رویا صالحہ را تفول گرفتم در اندك مدة
خداوند تعالیٰ بمن پسری داد و نام او محمد
اسحاق نہادم مولد و مدفن وی (شیخ محمد
وتوزئی) قصور است"۔[۱۲]

## والد

عبدی عبداللہ خویشگی کے والد کا نام عبدالحق تھا اور وہ عبدالقادر کے عرف سے معروف تھے۔[۱۳] عبدی کی جو تصانیف ہمیں اب تک دستیاب ہوئی ہیں' ان میں عبدی کے والد کے متعلق کوئی صراحت نہیں ملتی۔

## عبدالستار شوریانی برادر خرد عبدی

عبدی جب اورنگ آباد اور اجمیر گیا تو اس کا چھوٹا بھائی عبدالستار بھی شریک سفر تھا' جو سفر کے دوران قصبہ سانپ گانو پہنچ کر بیماری اسہال میں مبتلا ہوا اور ۱۰۹۶ھ میں وفات پا گیا' عبدی نے معارج الولایت میں عبدالستار شوریانی کے حالات تفصیل سے لکھے ہیں جنہیں ہم یہاں اختصار کے ساتھ نقل کر رہے ہیں:

۱۲ عبدی۔ اخبار الاولیاء ورق ۸۸ب تا ۹۰

۱۳ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۲۔ عبدی نے اخبار الاولیاء (تصنیف ۱۰۷۷ھ) میں اپنے والد کے لیے مرحوم کا دعائیہ لفظ لکھا ہے' جس سے واضح ہوتا ہے کہ اس کے والد ۱۰۷۷ھ سے قبل فوت ہو چکے تھے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

”برادر خورد این ضعیف (عبدی) بود در اوائل چیزی نخوانده بود آخر الامر مرچون محبت الٰہی بر وی غلبہ کرد باکمال سعی قرآن مجید را در بیجاپور تلمذنمود بعد ازان اکثر اوقات تلاوت قرآن نمودی چنانکہ از ہفت روز بجناب الٰہی بشوق ختم قرآن کردی و بامور دنیاکم پرداختی و باذکر اسم ذات و نفی و اثبات بسیار مستعدی بودی چنانکہ از کثرت اشغال تصفیۂ باطن او را بکمال دست دادہ بود......وچون از وفات بہلول خان عرف عبدالکریم [۱۴] ببلدۂ اورنگ آباد معاودت دست داد ہمراہ فقیر بود آخر الامر چون بزیارت حضرت خواجہ بزرگ معین الحق والدین قدس اللہ سرہ بجانب اجمیر اتفاق سفر افتاد' نیز ہمراہ بود و بعد از فراغ زیارت

---

۱۴ عبدالکریم بن عبدالرحیم مخاطب بہ بہلول خان' بیجاپور میں نو وارد افغان تھا' علی عادل شاہ ثانی کی فوج میں نمایاں مقام حاصل کرلیا تھا اور بیجاپور کی تمام لڑائیاں جو عادل شاہ کے عہد میں ہوئیں شرزہ خان کے شریک رہا' علی عادل شاہ ثانی کے انتقال ۱۰۸۳ھ/۱۶۷۲ء کے بعد فوت ہوا' بقول نصرتی ۔

اتھا پوت بہلول خان کا عظیم او عبدالکریم ابن عبدالرحیم

(نصرتی: علی نامہ صفحہ ۲۴۵)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

آن قدوۂ احرار و اسوۂ اخیار، واقعہ بُغی شہزادہ اکبر [۱۵] بوقوع پیوست وظل الٰہی عالمگیر شاہ ثانی را بتعاقب او امر فرمودند بوسطہ بعضی عزیزان نوکری شاہ عالم حاصل شد بعدازان چون بادشاہ عالمگیر و شاہ عالم بجانب برہانپور معاودت نمودند ہمراہ ایشان بودم، پس قضاء آلٰہی برادر مرحوم را بیماری اسہال روی نمود چنانچہ مدتی آن مرض امتداد یافت و چون در اں بیماری استقامت داشت کہ ہرگز شکوہ از قضاء و قدر بزبان نیاوردی وبرنماز وروزہ و تلاوت قرآن و نوافل مستعد بودی وچوں بعضی اوقات از دفع مرض استفسار رفتی گفتی کہ ازین مرض خلاص ممکن نیست بنا بران کمتر پرہیز نمودی وہرچہ خواستی خوردی چنانکہ بدن او از غلبہ مرض زار ونزار شدہ بود و چون شاہ عالم از رام کہات و کوابند (مرا) رخصت کردند ہر چند مقیم شدم وگفت کہ بیماری غالب است و مصلحت

۱۵ اکبر بن عالمگیر کی بغاوت اور اس کے تعاقب کے لیے شہزادہ محمد معظم کے تقرر کا واقعہ ۲۲ جلوس عالمگیری ۱۰۸۹ھ/ ۱۶۷۸ء کا ہے۔ (خافی خان: منتخب اللباب جلد ۲ صفحہ ۷۰۔ ۲۶۹)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سفر نیست گفت من بغیر از صحبت شما
آرامی نخواہم یافت' الغرض دران سفر بسیار
محنت ومشقت کشید ونیز قلق و اضطراب
بسیار کردم و در دفع بیماری او معالجت و
دعوات نمودم چون قضا الٰہی به علاج و دعا
مندفع نشود آن معالجات ودعوات سودی
نکرد وچون قصبه سانپ گانو رسیدیم پرسید
که این کدام جا است؟ گفتم قصبه سانپ گا نو
گفت این موضع خوشی است و (مرا) مدفن در
ہمین جای خواہد بود' آخر الامر در شب شنبه
ششم ماه محرم الحرام سنه الف و تسعین
وست ہجری وفات یافت و در گورستان
قصبه مذکور قریب قبرپخته گچی مدفون
گشت' بعد از وفات اکثر اوقات بامداد واعانة
رسیده است' رحمة الله علیه"۔[۱۶]

عبدی جب شیخ جنیری مدفون اورنگ آباد کی خدمت میں حاضر ہوا تو عبدالستار شوریانی بھی ہمراہ تھا'[۱۷] معارج الولایت کے مندرجہ بالا اقتباس سے نہ صرف عبدالستار کے حالات کا علم ہوتا ہے بلکہ خود عبدی کی بعض نہایت اہم سرگرمیوں پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

---

۱۶ عبدی: معارج الولایت ورق ۴۷۹-۱ب

۱۷ ایضاً ورق ۴۷۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## نام

عبیداللہ نام تھا اور وہ عبداللہ کے عرف سے معروف تھا' خواجگان چشت" خصوصاً حضرت خواجہ معین الدین حسن سجزیؒ سے نہایت عقیدت رکھتا تھا' اس لیے اپنے نام سے پہلے غلام معین الدین ضرور لکھتا تھا۔

## لقب

زمانۂ طالب علمی میں عبداللہ اپنے استاذ کی بجائے بطور معلم طلبہ کو پڑھاتا تھا گویا معلم کا قائم مقام تھا اس لیے خلیفہ جی کے لقب سے مخاطب کیا جانے لگا چنانچہ خود اپنے حالات کے باب میں لقب کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"در زمانِ تعلیم بر جمیع طفلانِ قائم مقام بودم و لہذا بخطاب خلیفہ جی مخاطب گشتم"۔[۱۸]

انڈیا آفس کے فارسی مخطوطات کے فہرست نگار ایتھے نے بحر الفراسۃ تصنیف عبداللہ خویشگی کے تحت خلیفہ جی کو خلیفہ حی (HAYY) لکھ دیا ہے۔[۱۹] اور بعض دوسرے فہرست نگاروں نے بھی ایتھے کی غلطی کا اعادہ کیا ہے' یہاں تک کہ ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب نے بھی فہرست مخطوطات دانش گاہ پنجاب میں اس لفظ کو ایتھے ہی کے حوالے سے خلیفہ حی لکھ دیا ہے۔[۲۰]

---

۱۸ عبدی: اخبار الاولیا من لسان الاصفیاء قلمی ورق ۱۵۹ اب مکتوبہ ۱۱۱۴ھ مملوکہ مولانا سید طیب شاہ ہمدانی مدظلہ قصور

19 Cat India Office, Ethe Ms. No.1271.

20 Cat, Panjab University Library Vol.1, F.II Ms. No.387. P.278

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حقیقت یہ ہے کہ لفظ ''جی'' عزت و تکریم کے لیے استعمال ہوتا ہے' جیسا کہ میاں جی اور اکثر حضرت میاں میر لاہوریؒ ۱۰۴۵ھ کے لیے میاں جیو ہی کا لفظ استعمال ہوتا تھا[۲۱] اخبار الاولیاء کے نسخہ کلکتہ کے دیباچہ میں عبد اللہ خویشگی نے خلیفہ جی ہی لکھا ہے۔

بحث کا حاصل یہ ہے کہ عبد اللہ خویشگی کا لقب خلیفہ جی تھا نہ کہ خلیفہ حی۔

## تخلص

عبد اللہ خویشگی فارسی میں شعر کہتا تھا' عبدی تخلص تھا اور اس نے اپنی تصانیف میں اپنے اشعار جابجا نقل کیے ہیں' مولوی ڈاکٹر محمد شفیع مرحوم نے کپورتھلہ کی لائبریری میں عبدی کی کتاب بحر الفراسۃ دیکھی تھی' ان کا کہنا تھا کہ عبد اللہ عبیدی تخلص کرتا تھا' مرحوم لکھتے ہیں:

''اس کا تخلص عبیدی تھا جیسا کہ دیباچہ سے معلوم ہوتا ہے''۔[۲۲]

راقم کے پیش نظر اس وقت بحر الفراسۃ کے تین خطی نسخے مخزونہ کتب خانہ دانشگاہ پنجاب ہیں' جن میں عبد اللہ خویشگی نے اپنا تخلص نہیں لکھا ممکن ہے کہ بضرورت شعری عبیدی میں ثقالت محسوس کرتے ہوئے اسے عبدی میں تبدیل کر دیا ہو' عبدی نے اپنی دیگر تصانیف میں جہاں کہیں اپنے اشعار نقل کیے ہیں اُن میں اپنا تخلص عبدی ہی لکھا ہے' شیخ محمد رشید جونپوریؒ کی مدح میں جو قصیدہ لکھا ہے اس میں

---

۲۱ دارا شکوہ لکھتا ہے:

''وجہ تسمیۂ میاں لیست کہ چون بزبان ہندی میاں صاحب را می گویند و جیو لفظ تعظیم است و حضرت ایشان را چون ہمہ بجائے صاحب خود می دانستند تعظیم ایشان لازم می شمردند از این جہت میاں جیو می گفتند۔ (سکینۃ الاولیاء صفحہ ۲۵' مطبوعہ ایران' ۱۹۶۵ء)

۲۲ اورینٹل کالج میگزین' لاہور' اگست ۱۹۲۷ء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اپنے تخلص عبدی کو بروزن ابدی لایا ہے

از غبار وجود عبدی را　　　غسلی دہ شہود ابدی را[۲۳]

یہاں عبدی تخلص ہی درست معلوم ہوتا ہے' گویا اس کا پورا نام غلام معین الدین عبداللہ عبدی خویشگی قصوری ہے جسے ہم نے اس کتاب میں اختصار کے پیش نظر عبدی لکھا ہے۔

## ولادت

تمام مطبوعہ اور متعارف تذکرے عبدی کے ذکر سے یکسر خالی ہیں اس کے حالات کا سب سے بڑا ماخذ اس کی اپنی تصانیف ہیں' عبدی نے اخبار الاولیاء من لسان الاصفیاء ۱۰۷۷ھ کے قریب تصنیف کی جس کا آخری باب اس نے اپنے حالات کے لیے مختص کر دیا لیکن افسوس ہے کہ اس نے اپنے حالات کے سلسلے میں تعین سن وصال ضروری نہیں سمجھا یہاں تک کہ اپنا سال ولادت بھی نہیں لکھا لہٰذا ہم اس کی دیگر تصانیف کی مدد سے تعینِ سنین کی کوشش کرتے ہیں۔

اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے کہ میں تیئس سال کی عمر میں علم کی تحصیل سے فارغ ہو گیا۔

"در سنہ ثلث و عشرین از عمر خود فارغ شدہ"۔[۲۴]

چنانچہ اس نے فراغت کے فوراً بعد اپنی تصنیف معارج الولایت کے لیے مواد کی فراہمی اور خواجگان چشت کے ملفوظات وغیرہ سے اقتباسات لینے کا سلسلہ

---

۲۳ عبدی: معارج الولایت' قلمی ورق ۳۸۴ (یہ شعر وزن سے خارج ہے)

۲۴ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شروع کر دیا' لکھتا ہے:

"ازین جهة این ضعیف (عبدی) قریب سی سال است که بعد فراغ از تحصیل علوم ظاهر متابعة این طائفه علیه وتبعیت این فرقه سنیه بحسب طاقت خویش میکرد واحوال و اعمال و اقوال ایشان از کتب متعددهٔ ملفوظات متنوعه انتخاب می نمود"۔ [۲۵]

گویا معارج الولایت کی تدوین میں تیس سال لگے' معارج الولایت کا سال تکمیل ۱۰۹۶ھ (سال تصنیف پر بحث اپنے مقام پر آئے گی) ہے ۳۰ سال کا زمانہ طالب علمی اور تیس سال معارج الولایت کی تدوین کی مدت کو جمع کیا جائے تو معارج الولایت کی تکمیل کے وقت عبدی کی عمر ترپن (۵۳) برس ہوتی ہے اب ۱۰۹۶ھ (سال تکمیل معارج) میں سے ۵۳ منہا کیے جائیں تو تخمیناً ۱۰۴۳ھ عبدی کا سال ولادت برآمد ہو جاتا ہے۔

## رفیقہ حیات

عبدی کی رفیقہ حیات کے متعلق صرف اس قدر معلوم ہو سکا ہے کہ وہ عالم خان نبیرۂ بی بی درہ قصوری [۲۶] کی دختر تھیں' عبدی لکھتا ہے:

---

۲۵ عبدی: معارج الولایت قلمی ورق ۶۵۳

۲۶ بی بی درہ از قوم حسین زیان در قبیلہ شمہ زیان بود شوہر ایشان سعید خان نام از قبیلہ موسیٰ زیان بود عارفۂ وقت کاملہ زمان خود بود و خوارق بسیار از بی بی منقول است' نقل است کہ چون پسران وی نوکر بودند و بصاحب خود بروبہ گوران ہندوستان تاخت نمودہ شہید شدند' بی بی سر از مراقبہ برآورد و گفت کہ چہ واقعہ پیش آمدہ کہ من پسران خود را بی سر بینم' چون مردمان بعد از چند روز از ان آمدند خبر شہادت پسران بی بی رسانیدند۔ (اخبار الاولیاء قلمی ورق ۱۲۴)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"نقلست که نبیرۂ بی بی (درہ) کہ مسمّٰی بہ عالم خان بود و ہنوز بوجود نیامدہ بی بی میگفت کہ من باغ عالم خان یعنی اولاد و اخفاد او را دریں جا مشاہدہ مینمائم بعد از مدتی خداوند تعالیٰ عالم خان را بوجود آورد و درخانہ او چہار پسر و یک دختر کرامت فرمود و آن دختر وی در حبالہ ازدواج این احقر است"۔ [۲۷]

عبدی ۱۰۴۳ھ میں پیدا ہوا' ۲۳ سال درسی علوم کی تحصیل میں صرف کیے' ایک سال قصور میں مدرس رہا' پھر کسبِ معاش کے لیے قصور سے دہلی' اورنگ آباد اور گجرات وغیرہ گیا' قصور سے اس کی ابتدائی غیر حاضری کو ہم کم از کم تین سال کی مدت قرار دے سکتے ہیں' گجرات سے قصور میں آ کر شادی کی' گویا اس کی شادی ۲۷ سال کی عمر میں ہوئی (۲۳+۱+۳=۲۷) ۱۰۴۳ھ (سال ولادت عبدی) میں ۲۷ سال جمع کیے جائیں تو ۱۰۷۰ھ اس کا سال تزویج برآمد ہو جاتا ہے' اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے:

"بعد از مراجعت بوطن از تحصیل سُنت (تزویج) بجہۃ کسب...... بطرف دہلی رفتہ شد"۔ [۲۸]

---

۲۷ عبدی: اخبار الاولیاء قلمی ورق ۱۲۴

۲۸ ایضاً ورق ۱۶۳ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## محمد معتصم باللہ بن عبدی

عبدی نے اخبار الاولیاء میں صراحت کی ہے کہ اس وقت ۱۰۷۷ھ ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک فرزند عطا کیا ہے جس کا نام میں نے محمد معتصم باللہ رکھا ہے' نام کی وجہ تسمیہ کے متعلق لکھتا ہے کہ میرے جد پدر مولانا احمد شوریانی اکثر اپنی اولاد کے ایسے نام تجویز کرتے تھے جن سے عبودیت ظاہر ہوتی ہے۔ عبدی کہتا ہے کہ ان کی خواہش تھی کہ میری اولاد میں سے بھی کسی کا نام معتصم باللہ ہو انہوں نے کہا: اگر میری اولاد میں سے کسی کے ہاں کوئی فرزند تولد ہو تو وہ یہ نام رکھ کر میری خواہش پوری کرے چنانچہ عبدی نے مولانا احمد شوریانی کی وصیت پر عمل کیا اور اپنے ۱۰۷۷ھ میں تولد ہونے والے لڑکے کا نام معتصم باللہ رکھا اور حصولِ برکت کے لیے نام سے پہلے محمد کا اضافہ کر دیا چنانچہ وہ لکھتا ہے:

"اکثر حضرت اخوند (مولانا احمد شوریانی) را بطریق بود که هر فرزندی که از اولاد ایشان بوجود می آمد بحکم حدیث نبوی ﷺ عبد والاسماء باسم عبودیت را در اولاد خود نهادم ولیکن اسمی دیگر که من آن را دوست میدارم باقیمانده است و آن معتصم باللّٰہ است اگر کسی از اولاد من آن را به پسر خود وضع کند از خداوند تعالٰی امید وارم که به برکت این اسم سعادت مند باشد' چون درنیولا بتاریخ دواز دهم شهر ذی القعد سنه الف و سبع وسبعین

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حق سبحانہ وتعالیٰ از عطیات بی نہایت خود، این کمترین را فرزندی عنایت فرمودہ برآن وصیت حضرت اخوند عمل نمودہٗ بجہۃ تبرک و یمن نام محمد را بران اضافت نمودہ، معتصم باللہ نام نہاد"۔ [۲۹]

## عبدی کا شجرۂ نسب

افغانوں کا شجرۂ نسب خاصا اُلجھا ہوا ہے، مخزن افغانی ۱۰۳۰ھ اور خود عبداللہ عبدی خویشگی نے اخبار الاولیاء میں اپنے نسب کی تحقیق کی ہے چونکہ عبداللہ خویشگی کے جد پدر مولانا احمد شوریانی سے پہلے کے نسب میں بہت اختلاف ہے خود عبدی کی اخبار الاولیاء میں نسب تحقیق افاغنہ کسی خاص نتیجہ پر نہیں پہنچتی اس لیے ہم نے اس شجرہ کو اس کے دادا سے شروع کیا ہے۔

مولانا احمد شوریانی نے دو شادیاں کی تھیں قبیلہ بتک زئی کی زوجہ کے بطن سے ایک لڑکا عبداللہ اور ایک دختر تولد ہوئی، عبداللہ کے دو لڑکے تھے، قبیلہ عارف زیان کی زوجہ کے بطن سے چار لڑکے اور ایک لڑکی تولد ہوئی، فرزند کلاں عالم طفولیت میں فوت ہو گیا، دوسرا عبدالصمد اور تیسرے لڑکے کا نام عبدالحق عرف عبدالقادر تھا، یہی صاحب سوانح عبدی کے والد تھے، اس کے علاوہ ایک اور لڑکے اور لڑکی کے متولد ہونے کا ذکر بھی کیا گیا ہے لیکن ان کے نام نہیں لکھے گئے۔

عبدالحق عرف عبدالقادر (والد عبدی) کا محمد وتوزئی کی بیٹی سے عقد کیا گیا جس کے بطن سے تین لڑکے اور دختران بسیار تولد ہوئیں، فرزند کلاں عبدی عبداللہ خویشگی

---


۲۹ ایضاً ورق ۵۹ تا ۶۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

صاحب سوانح، فرزند خورد عبدالستار شوریانی متوفی ۱۰۹۶ھ اور فرزند سوئم محمد اسحاق کا ذکر عبدی نے اخبار الاولیاء اور معارج الولایت میں کیا ہے جن کے ممکن الحصول حالات لکھے جا چکے ہیں، عبدی (صاحب سوانح) کا عقد عالم خان نبیرہ بی بی درہ کی صاحبزادی سے ہوا جس کے بطن سے فقط ایک لڑکے محمد معتصم باللہ (متولد ۱۰۷۷ھ) کے تولد ہونے کا ثبوت ملتا ہے، جس کے متعلق تفصیل سے لکھا جا چکا ہے، اگلے صفحہ میں شجرہ نسب عبدی بہ صورتِ نقشہ ہم نے اخبار الاولیاء اور معارج الولایت کی مدد سے تیار کیا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شجرۂ نسب عبداللہ خویشگی قصوری




Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# اساتذہ

عبدی اپنے والد سے رخصت لے کر بغرض تکمیل علوم قصور سے لاہور پہنچا' یہاں جن اساتذہ عصر سے اس نے علوم ظاہری کی تکمیل کی' ان میں سے میاں محمد صادق' میاں محمد سعید اور شیخ نعمت اللہ کا ذکر اس نے اس طرح کیا ہے:

"چون حوادث و علائق ازین اُمنّیت مانع می شدند از والد رخصت گرفته بلاهور رفتم وبملازمتِ علمأ وقت واساتیذ عصر که میاں محمد صادق بود و محمد سعید و شیخ نعمت اللّٰه' کتب تحصیلِ را تلمذ نمودم"۔[1]

عبدی کے اساتذہ میں سے بجز شیخ نعمت اللہ کسی کے حالات نہیں ملتے۔

## شیخ نعمت اللہ لاہوری

ہمارے محدود علم میں شیخ نعمت اللہ لاہوری کے حالات سے تمام مطبوعہ اور متعارف کتب اور تذکرے خالی ہیں' شیخ نعمت اللہ لاہور کے مدرس' قاری اور جید عالم تھے' شاہ جہان اور اورنگ زیب دونوں کا زمانہ پایا' اب تک آپ کی صرف ایک تصنیف مفید القراء دریافت ہوئی ہے اور ہنوز ان کے حالات کا یہی واحد ماخذ ہے۔

آپ کا نام نعمت اللہ اور والد کا نام رحمت اللہ تھا' داد کے متعلق صرف اس قدر معلوم ہوا ہے کہ ان کا نام مرزا تھا' مفید القراء میں لکھتے ہیں:

---

[1] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"احقر العباد الضعیف النحیف المفتقر الی اللّٰہ الصمد الغنی نعمت اللّٰہ ابن رحمت اللّٰہ بن مرزا"۔[2]

مفید القراء کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ پنجاب کے کسی نواحی موضع سے لاہور میں آ کر "زمین کلالان" میں آباد ہوئے تھے' دیباچہ کتاب میں لکھتے ہیں:

"بندۂ حقیر اضعف العباد نعمت اللّٰہ بن رحمت اللّٰہ لاہوری ساکن نو زمین کلالان"۔[3]

مفید القراء کے مطالعہ سے مترشح ہوتا ہے کہ شیخ نعمت اللہ نے پنجاب ہی میں علوم متداولہ کی تحصیل کی تھی' کتاب کے خاتمہ میں اپنے جن اساتذہ کرام کا ذکر کیا ہے وہ تمام پنجاب کے اساتذہ تھے' یہ تمام حضرات غیر معروف ہیں' ان کے حالات کلیتاً پردہ اخفا میں مستور ہیں' خدا کا شکر ہے کہ اس کتاب کے ذریعہ پنجاب کے چند جید علماء کے نام محفوظ ہو گئے ورنہ ان کے حالات تو در کنار آج ہم ان کے ناموں سے بھی واقف نہ ہوتے' شیخ نعمت اللہ اپنے قراءت کے اساتذہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"احقر العباد الضعیف النحیف المفتقر الی اللّٰہ الصمد الغنی نعمت اللّٰہ بن رحمت اللّٰہ بن مرزا کہ بخدمت مغفوری مرحومی اجود القراء میاں محمد حسین قاری و حافظ سعد

---

[2] نعمت اللہ لاہوری: مفید القراء' قلمی' خاتمہ کتاب

[3] ایضاً دیباچہ کتاب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الله قاری و میاں فتح محمد نواسۂ میاں نور الدین محمد قاری مدت مدید قرآن مجید خوانده و شنیده و اجازۃ تدریس از ایشان گرفته و مولویوں مذکورون بخدمت حضرت میاں نور الدین محمد مذکور خوانده و میاں مذکور بخدمت میاں حاجی ابراہیم خوانده و ایشان بخدمت حاجی احمد خوانده و ایشان بخدمت حاجی محمود خوانده وایشان بخدمت شیخ جعفر السنہوری خوانده غفر الله علیہم اجمعین"۔[4]

عبدی جیسا کہ وضاحت کی جا چکی ہے ۱۰۴۳ھ میں پیدا ہوا تیرہ سال کی عمر میں یعنی ۱۰۵۶ھ کو تحصیل علم کے لیے لاہور آیا اور تیئس سال کی عمر میں یعنی ۱۰۶۶ھ میں فارغ التحصیل ہوا' اس دس سال کے عرصہ میں اس نے شیخ نعمت اللہ سے بھی اکتساب کیا۔

اب تک مؤلف احقر کو شیخ نعمت اللہ لاہوری کی فقط ایک ہی تصنیف مفید القراء کا علم ہوسکا ہے۔ یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے مخارج حروف وقواعد قرآن مجید سے متعلق ہے۔

مفید القراء میں سال تصنیف کی کوئی وضاحت نہیں کی گئی تاہم مصنف نے دیباچہ کتاب میں عہد تصنیف کی طرف جو اشارہ کیا ہے' اس سے شاہ جہان کے ایام معزولی اور اورنگ زیب عالم گیر کی اورنگ نشینی کے ابتدائی ایام میں اس کا تصنیف

[4] ایضاً خاتمہ کتاب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہونا ثابت ہوتا ہے' لکھتے ہیں:

"در دور معظم و مکرم ابو المظفر شہاب الدین محمد صاحب قران ثانی محی الدین اورنگ زیب بہادر عالی خلد اللّٰہ ملکہ و سلطنۃ وافاض علی العالمین بر احسانہ"۔

گویا یہ کتاب ۱۰۶۷ھ کے بالکل ابتداء کی تصنیف ہے۔

طرز نگارش اور اسلوب بیان مصنف کے پنجابی نژاد ہونے کی غمازی کرتا ہے' کتاب کی زبان سلیس فارسی نثر ہے' قراء کی سہولت کے پیش نظر بعض قواعد کو فارسی اشعار میں نظم بھی کیا گیا ہے' یہ کتاب چودہ ابواب پر مشتمل ہے۔

اب تک اس کتاب کے صرف دو قلمی نسخوں کا علم ہو سکا ہے' ایک نسخہ کتب خانہ انڈیا آفس لندن میں محفوظ ہے[۵] دوسرا قلمی نسخہ مؤلف کے ذاتی کتب خانہ میں ہے جو ۱۱۸۸ھ کا مکتوبہ ہے' ترقیمہ کاتب یہ ہے:

"تمت هذه الرسالة المبارك المسماة مفيد القرآء فى يوم المنگل وقت آخر ظهر من شهر الجمادى الثانى ۱۱۸۸ھ من هجرت النبى صلى الله عليه وسلم"۔

اوراق ۲۴ سطر ۲۷ تقطیع ۸۰ ۹x۶ بخط نستعلیق و نسخ

حافظ نعمت اللہ لاہوری کا سال وفات ہنوز معلوم نہیں ہو سکا' شاہ جہان کے عہد میں ۱۰۵۶ھ تا ۱۰۶۶ھ ان کا لاہور میں مدرس رہنے کا ذکر کیا جا چکا ہے پھر ۱۰۹۰ھ کے قریب حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خلاف ایک فتوے میں شریک نظر آتے ہیں[۶] گویا

۵ Ethe. Ms. No. 2705

۶ ملاحظہ ہو ضمیمہ نمبر ۲ کتاب حاضر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ان کا زمانہ حیات مذکورہ سنین کی موجودگی میں قبل ۱۰۵۶ھ تا بعد ۱۰۹۰ھ متحقق ہے۔ ے

☆☆☆☆☆

ے حافظ نعمت اللہ لاہوری پر ہمارا ایک مقالہ مجلہ المعارف لاہور جون ۱۹۷۱ء شائع ہو چکا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# درس و تدریس

تحصیل علوم سے فراغت کے بعد عبدی لاہور سے اپنے آبائی قصبہ قصور میں آیا اور ایک سال یہاں درس و تدریس کا ہنگامہ برپا کیے رکھا' اسی دوران میں بحر الفراست شرح دیوان حافظ ردیف شین تک چھ ماہ کی محنت سے تالیف کی (تفصیل آثار عبدی کے تحت آئے گی) اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے:

"در سنہ ثلث وعشرین از عمر خود فارغ شد'
بقصور آمدم وبمدت یک سال بدرس و
تدریس مقیدم و در دوران آن بمدت شش ماہ
بحر الفراست کہ شرح دیوان خواجہ حافظ
است تحریر مودم"۔[۸]

جیسا کہ ثابت کیا جا چکا ہے۔ عبدی ۱۰۴۳ھ میں پیدا ہوا' تئیس سال تحصیل علوم کے بعد قصور آ کر درس و تدریس میں مصروف رہا گویا اس کا قصور میں بہ حیثیت مدرس زمانہ قیام ۱۰۶۶ھ تا ۱۰۶۷ھ ہے۔

عبدی کی زندگی کا زیادہ حصہ اورنگ آباد اور دیگر مختلف علاقوں میں گزرا جہاں وہ امراء کے ہاں ملازم رہا' گجرات سے اپنے قصبہ قصور میں آ کر شادی کی اور پھر کسبِ معاش کے لیے دہلی روانہ ہو گیا۔[۹]

---

۸ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۱

۹ تفصیل "رفیقہ حیاتِ عبدی" کے تحت گزر چکی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# عبدی مشائخ کی خدمت میں

عبدی اپنے زمانۂ طفولیت سے ہی شیوخ کی صحبت کا شائق تھا لیکن اس کے اساتذہ اسے فقراء کی صحبت سے منع کرتے تھے کیوں کہ فقراء کی صحبت حصول علم میں مانع ہوتی ہے، اس لیے علوم ظاہری کی تکمیل تک عبدی فقراء کی صحبت سے گریز کرتا رہا، فراغت کے بعد خواجگان چشت کے ملفوظات کا مطالعہ بڑے انہماک سے شروع کیا اور بارہا یہ آرزو کی کہ کسی شیخ کے ساتھ تعلق پیدا ہو جائے، اس لیے جہاں کسی بزرگ کی بابت سنتا وہاں زیارت کے لیے پہنچ جاتا[1] پھر اُسے ملازمت کے سلسلہ میں پنجاب سے نکل کر ہندوستان کے اہم شہروں میں جانے کا اتفاق ہوا، عبدی جس شہر میں جاتا وہاں کے مشائخ سے ضرور ملتا، اُن کے مواعظ حسنہ سے مستفیض ہوتا۔

عبدی کا فقراء کے ساتھ اعتقاد بتدریج مستحکم ہوتا رہا، اس کے تصوف کی طرف میلان، ذہنی ارتقاء اور سنین ملاقات مشائخ فقراء کے مراتب پر ان کے حالات کی تحریر کے باب میں ترجیح دی گئی ہے، عبدی اپنے سفر اور دوران ملازمت کئی سلاسل کے اولیائے کرام سے ملا، لیکن خواجگان چشت کے ساتھ اس کا اعتقاد دیگر سلاسل کے اولیاء کی نسبت غالب رہا۔

عبدی نے اپنی تصانیف میں جن شیوخ کے ساتھ اپنے اعتقاد اور ملاقات کا

---

1. عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۹۱ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ذکر کیا ہے ہم ان کے حالات اختصار کے ساتھ یہاں تحریر کر رہے ہیں:

## شیخ فتح اللہ

عبدی ملازمت کے سلسلہ میں احمد آباد گیا تو وہاں شیخ فتح اللہ سے ملاقات ہوئی جو شاہ عالم کے باواسطہ مرید تھے‘ خود لکھتا ہے:

”چون بہ بلدۂ احمد آباد رسیدم بزیارت مشائخ آن وقت مشرف شدم‘ روزی بخدمتِ شیخ فتح اللّٰہ کہ بواسطہ از خلفاء شاہ عالم بود رفتم و شیخ را طریقۂ بود کہ در مسجد درونِ حجرہ بودی و بوقت نماز پنج گانہ از حجرہ بیرون آمدی و نماز باجماعت گزاردی انگاہ بزیارت شاہ عالم رفتے بہ نیت آن بزرگ فاتحہ خواندہ درون حجرہ رفتے و در حجرہ را محکم بستے وہیچ احدی را درون وی جای ندادی اگر کسے در جین معاودت حجرہ ملاقی شدی اگر قابل دانستی درون حجرہ بردی‘ ورنہ ہمان ساخت رخصت فرمودی‘ چون این احقر بملازمت وی پیوست درونِ حجرہ برد واز مولد و موطن وحسب و نسب استفسار نمود بعد استعلام حقیقت حال خوش وقت شدند ومواعظ ونصائح کما ینبغی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بتقدیم رسانید اختتام نصیحت وی آن بود که عبد اللّٰه فکر گور باید' ہیچ احدی را بغیر از نزول در آن نزول چاره نیست' بعد ازان مرا رخصت فرمودند چون از انجا برخاستم در تحصیل این فکر سعی بلیغ بجای می آوردم ہنوز (زمانه تالیف اخبار الاولیا) آن سخن از خاطر من نرفته است"۔[۲]

## شاہ سراج الدین

عبدی احمد آباد ہی میں شاہ سراج الدین سے ملا جو شاہ محمد غوث گوالیاری (متوفی ۹۷۰ھ) کی اولاد میں سے تھے' عبدی بروز جمعہ ان کی خدمت میں حاضر ہوا' مطول کا درس دے رہے تھے' اس سے فراغت کے بعد شرح مواقف کی باری آئی اور مسئلہ وجود بھی زیر بحث آیا' شاہ سراج الدین اور عبدی کی وجود کے بارے میں جو گفتگو ہوئی' خود عبدی کے الفاظ میں ملاحظہ ہو:

"بعد ازان روزی بخدمت شاه سراج الدین که از اولاد محمد غوث گوالیاری بود رفتم و ویرا طریقه بود که ہمیشه درس گفتے و در روز جمعه نیز بدرس مشغول بودی و در کسب ریاضت شانی عظیم داشت واز اکمل اولیاء بود' روز جمعه ملاقات حاصل شد. مطول را

---

۲؎ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۲ب ۱۶۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

درس میگفت بعد از فراغ مطول بتعلیم شرح مواقف شروع نمود مسئله وجود درمیان بود درین اثنا فقیر عرض نمود که وجود نزد متکلمین زائد بر ماہیة است خواه موجود ممکن باشد خواه واجب ونزد حکماء وجود عین ماہیة است در واجب و زائد بر ماہیة ممکن ونزد اشعری عین ماہة است' در واجب وممکن این نزاع در وجود خارجیست یادر وجود ذہنی ایشان ساکت مانندند' بعد ازان فقیر گفت که در شرحِ حکمت العین آورده که نزاع در وجود خارجیست' میر سید شریف آورده که نزاع در وجود ذہنی است من گفتم که حق بجانب شارح است زیرا که اگرنزاع در وجود ذہنی بودی لازم آمدن که متکلمین قایل بوجود ذہنی شدندی ولیس فلیس پس لازم آمد که نزاع در وجود خارجی است کما لا یخفٰی' بعد ازان از خدمت وی مرخص شدم' غائبانه اغلب بوفور علم و حلم مذکور نمودی وبدعا والتفات کرم فرمودی"۔[۳]

۳ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۳۔ا ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شیخ عبدالرحمٰن رفیع

احمد آباد ہی میں عبدی کی ملاقات شیخ عبدالرحمٰن سے ہوئی جو قطب العالم سید برہان الدین ابو محمد عبداللہ بخاری کی اولاد میں سے تھے' فتوحاتِ مکیہ کا تیس سال تک مطالعہ کیا تھا اور اس کے اکثر مطالب پر عبور رکھتے تھے' خود عبدی کے الفاظ ہیں:

"روزی بخدمت شیخ عبد الرحمٰن رفیع مشرف شدم......ویکے از قطب العالم پدر شاہ عالم وی را باستادی قبول کردہ بود وی عالم عامل درویش کامل بود بسیار التفات و عنایات در حق این احقر مبذول داشت واز حسب و نسب استفسار نمود و بذکر اسم ذات اجازت داد وی شیخ عالی ہمت بود' فتوحات راسی سال مطالعہ کردہ بود و اکثر مطالب وی را استحضار داشت و در علم نحو تسہیل ابن مالک و شروح ویرا مطالعہ نمودی و در ریاضت وعبادت شانی عظیم داشت' بعد از مواعظ بلیغ مرا رخصت فرمودند در قلیل ایّام بجانب وطن (قصور) معادرت حاصل شد' اشتیاق صحبت وی تا ہنوز باقی است"۔[۲۴]

[۲۴] ایضاً ورق ۱۶۳ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شیخ پیر محمد لکھنویؒ

شیخ پیر محمد جونپوری ثم لکھنوی' قریہ اٹاوان (جونپور) میں ۱۰۲۷ھ کو پیدا ہوئے' ابتدائی تعلیم جونپور ہی میں حاصل کی اور پھر دہلی آ کر بعض درسی کتب پڑھیں اور قنوج جا کر بھی بعض کتب سبقاً پڑھیں اور بقیہ علوم لکھنو آ کر شیخ عبدالقادر قاضی لکھنو سے پڑھے' شاہ عبداللہ سیاح دکنی سے بیعت ہوئے' آپ کثیر التصانیف مصنف تھے' چند کتابوں کے نام یہ ہیں: سراج الحکمت' حاشیہ شرح الہدایہ للمصدر شیرازی' حاشیہ علی ہدایۃ الفقہ' فتاوی الفقہیہ' اربع منازل فی سلوک (۱۰۶۷ھ لکھنو میں تالیف کی) اور مکتوبات در تصوف و سلوک[5] ۱۰۷۵ھ میں پیر محمد لکھنویؒ کو اورنگ زیب نے خلعت اور ایک ہزار پانچ سو روپے انعام دیے۔[6]

عبدی نے قصور میں اپنی شادی کے بعد دہلی جا کر نواب دلیر خان کی ملازمت اختیار کر لی' نواب کی ہمراہی میں عبدی لکھنو گیا تو حضرت پیر محمد لکھنوی سے بھی ملاقات ہوئی' ملازمت کے دوران عبدی کئی مہمات میں نواب کے ہمراہ رہا' جس کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی' واپسی کے وقت شاہ آباد سے گزر کر قصبہ لکھنو میں پہنچا اور پھر پیر محمد لکھنوی کی خدمت میں حاضر ہوا' لکھتا ہے:

"......نوکری نواب مستطاب (دلیر خان)
بوقوع پیوست و ہمراہی ایشان بطرف لکھنو
رفتہ اکثر از علماء و فقراء را دیدہ شد خصوصاً
از صحبت صاحب تجرید و تفرید شیخ پیر

---

[5] عبدی نے معارج الولایت میں ورق ۴۲۴ تا ۴۳۱ مکتوبات کی تلخیص شامل کی ہے۔

[6] محمد کاظم شیرازی: عالم گیر نامہ صفحہ ۸۸۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

محمد لکھنوی' از وی بسیار محظوظ گشتم وسعادت دارین حاصل کردم وایشان از مطالعه بحر الفراست (تصنیف عبدی) تمام ذوق یافتند وبدقت دقیق سخن وحدت تیز فهم موصوف می ساختند...... و در حین معاودت بشاه آباد که نامش در اصل "انگے" است' عبور قصبه لکهنو افتاد و زیارت شیخ پیر محمد دست داد"۔ [ے]

معارج الولایت میں لکھتا ہے:

"این ضعیف پیش از آنکه بسفر بنگاله در لکهنو بخدمت ایشان رسیده بسیار شفقت و مرحمت دربارۂ این ضعیف مبذول مبداشتند وبحر الفراسة شرح دیوان خواجه حافظ را دیده بسیار پسندیده و چند ماه در مطالعه داشتند وفرمودند بحریست که محیط انواع علوم و جمیع فنون است وچون بعد از معاودة از سفر بنگاله باز بخدمت ایشان مشرف شده وبعضی از سخنان حقائق و اسرار استفسار نموده همه را جواب شافی دادند ومقدمه ابواب فتوح فرمودند اضعاف

---

ے عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مضاعف الطاف و اشفاق مرحمت فرمودند چنانکه اکثر درویشان بر حال فیقر غبطه می خوردند وببعضی اشغالِ خواجگان قدس اللّٰه ارواحهم چنانکه تصور اطلاق و امثال آن اجازت دادند و خرقه تبرك پوشانیدند وببعضی ادعیه ماثوره چنانکه چهل اسم و حرز یمانی ماذون ساختند وبوقت رخصت مواعظ شافیه ونصائح وافیه وصیت فرمودند و در آخر فرمودند ترا بخدا سپردیم ہر جا که باشی بخدا باش و خاطر خود را از خواطر اغیار مخراش بلک جمیع ما سوای اللّٰه از ساخت سینه خود بتراش"۔[8]

پیر محمد لکھنوی نے ۱۴ جمادی الاخریٰ ۱۰۸۵ھ کو انتقال کیا' سال وفات: "لا خوف علیهم ولا هم یحزنون" سے برآمد ہوتا ہے۔[9]

---

۸ عبدی: معارج الولایت ورق ۳۲۲ ب

۹ برائے شرح حال شیخ پیر محمد لکھنوی رجوع کیجیے۔

(۱) عبدی: اخبار الاولیاء قلمی (۲) عبدی: معارج الولایت قلمی (۳) محمد اسلم پسروری: فرحۃ الناظرین نمبر ۱۶ (اقتباس علماء مشمولہ اورنٹیل کالج میگزین لاہور اگست ۱۹۲۸ء) (۴) محمد کاظم شیرازی: عالمگیر نامہ ۸۸۱ (۵) اشرف وجیہہ الدین: بحر زخار (۶) مفتی غلام سرور لاہوری: خزینۃ الاصفیاء ۴۸۲/۱ (۷) رحمان علی: تذکرہ علمائے ہند ۴۴ (۸) خورشید حسن لکھنوی: مخزن برکت (درحالات پیر محمد لکھنوی) جے نرائن پریس لکھنو ۱۳۱۹ھ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## مولانا خواجہ علی

مولانا خواجہ علی، مولانا شہباز محمد بھاگلپوری کے مرید وخلیفہ تھے، مولانا شہباز محمد بن محمد بن خیر بن علی بن علی بن اسماعیل بن اسحاق بن سعدی بن یعقوب بن محمد بن محمود بن مسعود بن احمد الحسینی لاہوری ثم بھاگلپوری، دیورہ (من مضافات بہار) ۹۵۶ھ میں پیدا ہوئے، شیخ شاہ محمد دیوری سے علوم ظاہر کی تکمیل کی اور شیخ یٰسین سلمانوی سے بیعت ہوئے، زندگی بھر درس دیتے رہے ۱۰۵۰ھ میں انتقال کیا۔[۱]

عبدی جب نواب دلیرخان کے ہمراہ مختلف مہمات پر گیا (جن کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی) تو نوادۂ خلیل کے مقام پر مولانا خواجہ علی سے ملاقات ہوئی اور ''انّ اللّٰہ خلق آدم علیٰ صورتہ'' اور حرمت تمباکو کے موضوعات پر گفتگو ہوئی، لکھتا ہے:

''چون بنوادۂ خلیل رسیدیم بجہۃ دیدن مولای خواجہ علی کہ از مریدان و خلفای مولانای شہباز بھاگلپوری بود رفتہ شد بغایت بزرگ و خوش خلق و صاحب فضیلت دیدہ شد از خدمت وی مسئالت رفت کہ ان اللّٰہ خلق آدم علیٰ صورتہ بر

[۱] برائے مفصل شرح حال مولانا شہباز محمد بھاگلپوری رجوع کنید بہ
(۱) گنج ارشدی مولفہ شیخ نصرۃ بن جمال ملتانی م ۱۰۹۰ھ
(۲) عبدالرحیم، مولانا، الدرر المنثور فی تراجم اہل صادقفور صفحہ ۳۷ مطبوعہ پٹنہ ۱۹۶۴ء
(۳) نزہۃ الخواطر ۵/۱۶۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تقدیری که ضمیر راجع باللّٰه باشد چه معنی دارد وسه تاویل که به مطابق علماء ظاہربود بیان کردند آنگاه گفته شد سوال از صورتے است که این صورت انموذج آن صورت است که حکم او درین بیت میر حسین مذکور است۔

که میگوئد که حق صورت نه بندد
من اینک دیده ام ذات مصور [۱۱]

رخصت کرتے وقت مولانا عبدالرشید جونپوری کی خدمت میں حاضر ہونے کی نصیحت فرمائی:

"بعد ازان از خدمت ایشان مرخص شدم در حین رخصت فرمودند که در جونپور شیخ عبد الرشید بزرگی ممتاز است و بعنایات والطاف ربانی سرفراز بزیارت وی مشرف شوند و فوائد دینی اخذ کنند۔ چون قبل ازین احرام زیارت آن کعبه شده بود بوصیت وی عزم بالجزم نمودم که بدین دولت مستفید شوم"۔ [۱۲]

## شیخ محمد رشید جونپوریؒ

شیخ محمد رشید بن محمد مصطفیٰ بن عبدالحمید عثمانی جونپوری ۱۰۰۰ھ کو برونه (من

---

۱۱ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۴ب ۱۶۵

۱۲ ایضاً ورق ۲۸۸ب .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مضافات جونپور) میں پیدا ہوئے' اساتذہ عصر سے درسی علوم کی تحصیل کی اور اس میں مہارتِ تامہ حاصل کر لی' شیخ طیب بن معین بنارسی متوفی ۱۰۴۲ھ سے سلسلہ چشتیہ' قادریہ اور سہروردیہ میں بیعت ہوئے' طریقہ قادریہ میں سید شمس الدین قبائی قادری موسوی کالپوری اور شیخ موسیٰ بن حامد بن عبدالرزاق اوچی سے بیعت ہوئے' طریقہ قلندریہ میں شیخ عبدالقدوس بن عبدالسلام قلندر جونپوری متوفی ۱۰۵۲ھ سے بیعت ہوئے[۱۳] عرصہ دراز تک درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا اور پھر اسے ترک کر کے فقط شیخ محی الدین ابن عربی کی تصانیف کے مطالعہ تک محدود کر دیا' آپ کی تصانیف میں سے رشیدیہ در علم مناظرہ' شرح ہدایۃ الحکمۃ' شرح علیٰ اسرار المخلوقاتِ شیخ الاکبر' خلاصۃ النحو (عربی) زاد السالکین' مقصود الطالبین' اور دیوان اشعار بہت معروف ہیں' آپ کے ملفوظات شیخ نصرت بن جمال ملتانی متوفی ۱۰۹۰ھ نے گنج ارشدی کے نام سے اور شیخ مودود بن محمد حسین جونپوری نے بھی جمع کیے' ابوالفیض قمر الحق غلام رشید بن بدر الحق محمد ارشد بن محمد رشید متوفی ۱۱۶۷ھ نے شیخ محمد ارشد بن شیخ محمد رشید کے ملفوظات ۱۱۳۴ھ میں گنج ارشدی کے نام سے مرتب کیے[۱۴] شیخ محمد رشید جمعہ ۱۹ رمضان ۱۰۸۳ھ میں فوت ہوئے۔[۱۵]

---

۱۳۔ تقی علی قلندر کاکوروی: الروض الازہر فی مآثر القلندر رصفحہ ۱۷۳

۱۴۔ گنج ارشدی کے قلمی نسخے ذخیرہ سبحان اللہ علی گڑھ نمبر ۱۹' برٹش میوزیم ۱۰۱۳ ب میں موجود ہیں' دو اور قلمی نسخے مملوکہ سید شاہ علی سبز پوش گورکھپور جن کا ذکر ظہیر الدین فاروقی نے اورنگ زیب اور اس کا عہد ۵۸۶ (انگریزی) میں بھی کیا ہے۔

۱۵۔ برائے شرح حال شیخ محمد رشید جونپوری رجوع کنید بہ (۱) گنج ارشدی مذکور (۲) عبدی: اخبار الاولیاء (۳) عبدی: معارج الولایت قلمی ورق ۳۸۳۔۳۸۸ (۴) مفتی غلام سرور: خزینۃ الاصفیاء ۱/۴۷۳ (۵) عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر ۵/۳۶۷ (۶) سید اقبال احمد' تاریخ جونپور ۴۴۶ (۷) محمد اسلم پسروری: فرحۃ الناظرین نمبر ۲۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی تعلیم سے فراغت کے بعد ہی شیخ محمد رشید جونپوری سے ملنے اور فیوض و برکات حاصل کرنے کا متمنی نظر آتا ہے چنانچہ جب احمد آباد میں مولانا خواجہ علی نے رخصت کے وقت اُن سے ملنے کی نصیحت کی تو عبدی کی آرزوِ ملاقات جو پہلے سے موجزن تھی کو مزید تقویت ملی' اس کا بیان مولانا خواجہ علی کے حالات کے ضمن میں نقل کیا جا چکا ہے۔

دلیر خان کے ہمراہ جب عبدی بنارس گیا تو شیخ محمد رشید کی خدمت میں حاضری کے لیے جونپور کی بھی راہ لی' اس وقت شیخ صاحب شیخپور (قریب الٰہ آباد) سیر کی غرض سے گئے ہوئے تھے' عبدی شیخ صاحب کے صاحبزادے شیخ محمد ارشد متوفی ۱۱۱۳ھ سے ملا انہوں نے عبدی کا اشتیاق دیکھ کر شیخ صاحب کو جونپور بلایا لیکن عبدی' شیخ محمد ارشد کو اطلاع دیئے بغیر ہی شیخ صاحب کی زیارت کے لیے ان کے قیام مذکور کی طرف چل دیا ادھر شیخ صاحب بھی اپنے صاحبزادے کی اطلاع پر جونپور کے لیے روانہ ہو گئے اس طرح عجیب اتفاق ہوا کہ عبدی شیخ صاحب سے نہ مل سکا' عدمِ وصالِ شیخ پر تاسف کا اظہار کرتے ہوئے اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے:

"چون به بنارس رسیدم از نواب (دلیر خان) مرخص شده بملازمت ایشان به جونپور رفتم بسیر شیخپور که قریب الله آباد است رفته بودند پسر ایشان رسید که محمد ارشد نام بودبسیار مهربانی مبذول داشتند وبجانب ایشان نوشتند که فلانی بقصد زیارت رسیده است این احقر در آنجا که کمال استسقاء لقاء داشت از عدم تنبه این قضیه

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

متوجه بدان بحر الطاف گشت و به تودیع آن مخدوم زاده حاضر نشد آن حضرت از تمام رافت عزیمت جونپور کردند کم طالعی خود بدولت پائبوس مشرف نگشت ہنوز تاسف وتلهف عدم وصال آن قبله اقبال باقی است' حضرت ایشان بجهة تسکین و تسلی این احقر نوازش نامه ہائے متواتر مبذول داشتند وبکسب جاروب وشغل بهونکم اشارۃً فرمودند"۔[16]

گویا عبدی ۱۰۷۷ھ (سال تصنیف اخبار الاولیاء) تک شیخ محمد رشید سے نہیں مل سکا۔

عبدی جب بنگالہ سے لوٹا تو واپسی پر شیخ محمد رشید جونپوری کی زیارت کے لیے جونپور بھی گیا' اس مرتبہ بھی شیخ شیخپور گئے ہوئے تھے' شیخ کے صاحبزادے شیخ محمد ارشد نے خط لکھ کر شیخ کو بلایا' اس مرتبہ بھی عبدی شیخپور روانہ ہو گیا تو راستے میں شیخ سے عبدی کی ملاقات ہوگئی' لکھتا ہے:

"این ضعیف وقتی که از سفر بنگاله معاودة کرده برای زیارت ایشان در جونپور رفته و ایشان بواسطه دیدن بعضی اعزه بجانب قصبه شیخ پور تشریف ارزانی داشته بودند ومخدوم زاده محمد ارشد......مکتوبی بآن

[16] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۶۔ا ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت نوشتند کہ فلانی برای زیارت بہ جونپور آمدہ اگر حکم شود بہ شیخپور بیاید از آنجا کہ کمال عطوفت ورافت دربارہ این ضعیف داشتند خود متوجہ جونپور شدند و در راہ تلاقی واقع شد"۔ [۱۷]

گویا عبدی کی شیخ سے بعد ۱۰۷۷ھ اور قبل ۱۰۸۳ھ (سال وفاتِ شیخ) ملاقات ہوئی۔

شیخ محمد رشید نے شیخ عبدالحمید کے لیے آسان و عام فہم زبان میں احیاء العلوم کے بعض مقامات کا فارسی ترجمہ "زاد السالکین" کے نام سے کیا [۱۸] تو عبدی نے اس ترجمے کی تلخیص فوائد العارفین کے نام سے کی' لکھتا ہے:

"آن حضرت را کتابی دیگر است مسمّٰی بہ زاد الساکین کہ ترجمہ بعضی مواضع احیاء ست برای شیخ عبد الحمید بعبارتی سادہ تحریر فرمودند واین ضعیف مختصروی بر آوردہ کہ موسوم بہ فوائد العارفین است' بغایت مستحسن واقع شدہ"۔ [۱۹]

شیخ محمد رشید پر حضرت محی الدین ابن عربی کے نظریات کے اثرات غالب اور راسخ نظر آتے ہیں' آخر عمر میں تو انہوں نے درس و تدریس کا سلسلہ یکسر منقطع کر

---

۱۷ عبدی: معارج الولایت ورق ۳۸۴

۱۸ ایضاً

۱۹ ایضاً ورق ۳۸۳ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کے اپنی بقیہ زندگی ابن عربیؒ کی تصانیف کے مطالعہ کے لیے وقف کر دی تھی اور حضرت ابن عربی پر معترضین کے جامع جوابات بھی دیئے تھے' عبدی پر شیخ محمد رشید کی صحبت کا نمایاں اثر ہوا (جس کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی) شیخ نے ابن عربیؒ کی بعض دقیق کتابوں کی شروح بھی لکھیں' عبدی خود صراحت کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"(شیخ محمد رشید) باکتب شیخ محی الدین عربی ذوق بسیار میداشت واعتراضات که بر کلام او وارد می شد آں را توجیہات معقول و موجه که مقبول عقل و نقل بودی میکرد و مواقع النجوم را بسیار دوست داشتی وفرمودی که اسرار او را چنانکه درین کتاب است کما ینبغی فهم نمیتوانم کردن وبر اسرار الخلوة که مختصری از تصانیف شیخ محی الدین است شرحی بغایت مستحسن وخوب نوشته وذکر قلندریه را باقصی الغاية رسانیده بود"۔[20]

عبدی شیخ محمد رشید جونپوری کا با قاعدہ خلیفہ تھا۔[21]

## شیخ عبداللطیف برہانپوری

شیخ عبداللطیف برہانپوری کے معاصر مصنفین نے محض شیخ صاحب کے

[20] ایضاً ورق ۳۸۴

[21] کاتب محمد عبدالحمید: سمات الاخیار صفحہ ۶۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نظریات پر بحث کی ہے۔ حالاتِ زندگی نہیں لکھے' اس کی وجہ یہ بھی معلوم ہوتی ہے کہ شیخ صاحب اپنے حالات پردۂ اخفا میں رکھنا چاہتے تھے' نہ تو کبھی اپنا شجرہ نسب و طریقت ظاہر کیا اور نہ ہی دیگر نجی معاملات اپنے معاصرین کے سامنے بیان کیے۔

خود عبدی نے لکھا ہے:

"گویند کہ وی از اولاد شیخ بہاء الدین زکریا بود قدس اللہ سرہٗ ولیکن نسبۃ ارادہ ونسب خود ظاہر نمیکرد"۔ [۲۱(ب)]

اورنگ زیب عالمگیر شیخ صاحب سے انتہائی عقیدت رکھتا تھا' ایام شہزادگی میں ان کی صحبت سے لطف اندوز ہوتا تھا' فرحۃ الناظرین میں ہے:

"خدیو حق پرست (اورنگ زیب) در ایام شہزادگی دربرہانپور بارہا بمنزل آن عزلت گزین تشریف بردہ صحبت معنوی داشتہ اند"۔ [۲۲]

اورنگ زیب ان کی خدمت میں اپنے دست خاص سے لکھ کر فرامین وخطوط ارسال کیا کرتا تھا' بقول خافی خان:

"خلد مکان را در خدمت ایشان ارادت و حسن عقیدت تمام بود' ہیچ ماہ و ہفتہ نبود کہ فرمان لطف آمیز بدستخط خاص بنام ایشان صادر نشود"۔ [۲۳]

---

۲۱(ب) عبدی: معارج الولایت ورق ۶۴۶ب

۲۲ محمد اسلم پسروری: فرحۃ الناظرین صفحہ ۹۲' بختاور خان: مراۃ العالم جلد ۲ صفحہ ۴۰۷۔۴۰۸

۲۳ خافی خان: منتخب اللباب جلد ۲ صفحہ ۵۵۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مؤلف کو اس وقت تک شیخ عبداللطیف کی کسی تصنیف کے وجود کا علم نہیں ہو سکا، عبدی نے ان کے کچھ رسائل تصوف دیکھے تھے جن کے دیباچہ میں شیخ کا نام نہیں تھا لیکن ان کے تلامذہ مدعی تھے کہ یہ رسائل شیخ ہی کی تصنیف ہیں، عبدی لکھتا ہے:

"او را بعضی از رسائل در سلوك است لیکن نام او در خطبه مذکور نیست و طالبان او بوی نسبة می کنند"۔[۲۴]

شیخ عبداللطیف برہانپوری اکثر شیخ احمد شوریانی قصوری (جد پدر عبدی)، اُن کی اولاد، تلامذہ اور دیگر یاران قصور کے نام خطوط ارسال کیا کرتے تھے، عبدی نے داؤد خان حسین زئی اور دیگر احباب کے اصرار پر شیخ صاحب کے یہ مکتوبات "جامع الکلمات" کے نام سے مرتب کیے اور ان کو ابواب میں تقسیم کیا، عبدی لکھتا ہے:

"از شاه آباد از نواب صاحب (دلیر خان) رخصت گرفته بوطن مراجعت نمودم دو سه ماه در وطن (قصور) گزارنده شد، چون مرحوم و مغفور داؤد خان حسین زئی بجدّ شده که رقعه های شیخ عبد اللطیف برهانپوری را که ببعضے عزیزان نوشته اند ترتیبی لائق دهند باوجود عدم فرصت آن رقعات را جمع ساخته بوجه احسن ترتیب دادم وآن تالیف را جامع الکلمات نام نهادم"۔[۲۵]

---

۲۴ عبدی: معارج الولایت ورق ۶۴۶ ب

۲۵ عبدی: اخبار الاولیا ورق ۱۶۸ ب ۱۶۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

معارج الولایت میں لکھتا ہے:

"چون بعضی از مکاتیب بجانب بعضی از یاران قصور نوشته بود و بعضی از یاران مستدعی شده که آن را ترتیبی داد و رساله مدوّن سازد این ضعیف آن را ترتیب داده ومبّوب نموده چنانچه مکتوب عجیب و غریب بحصول پیوسته است"۔ [۲۶]

شیخ عبداللطیف بڑے عجیب و غریب اور متضاد نظریات رکھتے تھے جن سے عبدی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا' اس کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی۔

شیخ عبداللطیف کے سال وفات میں اختلاف ہے' خود عبدی بھی اس سلسلہ میں یکسر خاموش ہے' [۲۷] مراۃ العالم (۱۰۷۸ھ) کے مصنف نے ان کا سال وفات ۱۰۶۰ھ لکھا ہے۔ لیکن سال وفات کے لیے جو مصرعہ نقل کیا ہے اس سے ۱۰۶۵ھ سال وفات برآمد ہوتا ہے۔ یعنی

"آہ آن زان شیخ کامل" [۲۸]

صاحب نزہۃ الخواطر نے تالیف محمدی کے حوالہ سے ان کا سال وفات ۱۰۶۶ھ لکھا ہے۔ [۲۹]

---

[۲۶] عبدی: معارج الولایت ورق ۶۴۶ ب

[۲۷] ایضاً ورق ۶۴۶ ب

[۲۸] مراۃ العالم مؤلفہ بختاور خان ۲/ ۴۰۸

[۲۹] عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر جلد ۵ صفحہ ۲۴۷

برائے شرح حال شیخ عبداللطیف برہانپوری رجوع کنید بہ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## شیخ برہان الدین برہانپوریؒ

شیخ برہان الدین شطاری بکری برہانپوری المعروف بہ راز الٰہی بن کبیر محمد بن علی صدیقیؒ۔ شیخ عیسیٰ سندھی متوفی ۱۰۳۱ھ کے مرید و خلیفہ تھے شرح اسماء الحسنیٰ شرح آمنت باللہ رسالہ بیم کہانی، مکتوب عربی آپ کی تصانیف میں سے ہیں، ذخیرہ شیرانی کتب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور میں ان کا ایک قلمی رسالہ اور وصیت نامہ بھی موجود ہے، آپ کے ملفوظات کے دو مجموعے (۱) ثمرۃ الحیات ۱۰۵۳ھ مرتبہ عاقل خان رازی (۲) روائح الانفاس جامع یکے از معتقدان ایشان مرتب کیے گئے تھے، شیخ برہان الدین کا انتقال ۱۵ شعبان ۱۰۸۳ھ میں ہوا۔

عبدی کو ملازمت کے دوران دو مرتبہ اوّلاً ہمراہ مرزا راجہ جے سنگھ ۱۰۷۶ھ/ ۱۶۶۵ء ثانیاً بہمراہی دلیر خان ۱۰۷۷ھ/۱۶۶۶ء میں شیخ برہان الدین سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔

۱۰۷۶ھ میں اورنگ زیب نے بیجاپور کی تسخیر کے لیے مرزا راجہ جے سنگھ کو متعین کیا تو اس مہم میں عبدی بھی شریک ہوا، راجہ سے اجازت لے کر عبدی شیخ برہان الدین کی زیارت کے لیے برہانپور گیا، معارج الولایت میں لکھتا ہے:

"در زمانی کہ بمہم دکن بہمراہ راجہ جے سنگھ در برہانپور رفتہ شدہ این ضعیف

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) (۱) عبدی: اخبار الاولیاء ورق مذکور (۲) عبدی: معارج الولایت ورق مذکور (۳) رقعات عالمگیر (۴) بختاور خان: مراۃ العالم ۲/ ۴۷۔۴۸ (۵) محمد ساقی مستور خان: مآثر عالمگیری ۲۱۶، ۴۸۲، ۵۱۵ (۶) خافی خان: منتخب اللباب ۲/ ۵۵۵ (۷) عبدالفتاح بن محمد نعمان: مفتاح العارفین قلمی ورق متعلقہ (۸) محمد اسلم پسروری: فرحۃ الناظرین (باب تراجم مشائخ مشمولہ مجلہ اورینٹل کالج مئی ۱۹۲۸ء (۹) تالیف محمدی بحوالہ نزہۃ الخواطر ۵/ ۲۴۷)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بخدمت از مشرف شده لطف و عنایت از حد زیاده دربارۂ بنده مبذول داشتند' فرمودند مادام که درین جا مقام دارید ہمیشه دو وقت یا یک وقت آمده باشید از آنجا پیوسته بخدمت ایشان مستفید می شدم وبانواع عنایات مشرف می شدم چنانکه در حجره شریفه که خالی از اغیار بوده برده بانواع اشغال و اذکار اجازت دادند وادعیه ماثوره چنانکه چهل اسم وسیفی اول خود خوانده' پس فقیر را بخواندن مجاز فرمودند و گفته که شمارا به تمام اذکار و اشغال که در جواہر خمسه ورسالۂ شیخ وجیهه الدین است اذن وادیم که بخواست آلٰہی بمبلغ رجال رسید"۔[30]

مرزا راجہ جے سنگھ کی وفات کے بعد اورنگ زیب نے ۱۰۷۷ھ/۱۶۶۶ء میں دلیر خان کو بیجاپور کی تسخیر کے لیے متعین کیا اس مہم میں بھی عبدی شریک ہوا' اس مرتبہ بھی وہ دلیر خان سے اجازت لے کر برہان پور شیخ برہان الدین سے ملاقات کے لیے روانہ ہوا' اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے:

"نواب (دلیر خان) را بادشاه وقت بمهم دکن نامزد کردند نواب بدانصوب متوجه گشت بمصاحب وی اکثری از مشائخ آن

[30] عبدی: معارج الولایت ورق ۵۶۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

دیار را زیارت نموده ام خصوصًا از زیارت شیخ برہان که از خلفاء شیخ عیسٰی سندھی بود محظوظ شدم به اکثر از اشغال شطاریه اجازت دادند والتفات و مرحمت کما ینبغی بجا آوردند و رسالہ شیخ وجیہہ الدین گجراتی که مشحون بنوادر اشغال است ماذون ساختند وبه بعضی ادعیه چنانکه چہل اسم ونظائر آن بود مجاز ساختند"۔[۳۱]

## شیخ بازید وتوزئیؒ

عبدی اخبار الاولیاء میں لکھتا ہے:

"از اولاد شہاب الدین است صاحب تقوٰی وریاضت و خداوند مجاہدہ وولایت بود......کتب علم فقه ضروریه راخوانده

---

۳۱ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۹۴ب

برائے شرح حال شیخ برہان رجوع کنید بہ

(۱) عبدی: اخبار الاولیاء ورق مذکور (۲) عبدی: معارج الولایت ورق ۵۶۷ (۳) عبدالفتاح بن محمد نعمان: مفتاح العارفین قلمی ورق متعلقہ (۴) محمد ساقی مستعد خان: مآثر عالمگیری ۲۳۷ (۵) بختاور خان: مراۃ العالم قلمی ورق متعلقہ (۶) خافی خان منتخب اللباب جلد دوم صفحہ ۵۵۳ (۷) محمد اسلم پسروری: فرحت الناظرین نمبر ۲ (۸) خلیل الرحمٰن: تاریخ برہان پور (۹) سید مطیع اللہ راشد: برہان پور کے سندھی اولیاء ۲۶۳ (۱۰) بشیر محمد خان برہانپوری: "شاہ برہان الدین راز الٰہی" (مقالہ) معارف اعظم گڑھ مئی ۱۹۵۱ء۔ ۳۷۸۔۳۹۰ و جون ۱۹۶۱ء ۴۶۱۔۴۷۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بود......وبرین احقر بسیار شفقت و عنایت مبذول میداشتی واز علماء وقت مستثنیٰ نموده......اکثر اوقات در رویاء صالحه انواع الطاف دربارۂ این احقر بتقدیم رسانیده اند این احقر را اشتیاق صحبت ایشان بسیار است وایشان نیز این را از زمره مخلصان خود فهمیده اشتیاق وآرزو مندی رابسیار اظهار میکنند"۔ [۳۲]

## شیخ حبیب جنیریؒ

عبدی اپنے برادر خورد عبدالستار شوریانی کے ہمراہ کسی سفر میں شیخ حبیب سے ملا تھا' خود لکھتا ہے:

"اصل او از بنگاله بود وارادہ بخاك رکوکنی داشت و در صحبت شیخ جان محمد جالنه پوری نیز رسیده اول در قصبه جالنه بودی بعد ازان بجنیر رسیده......چنانکه وقتی بابرادر عزیز عبد الستار گفت که کار خیر تو درخانه فلان منصب دار شود که چنین و چنان حقیقت دارد آخر همچنان شد که وی گفته بود و وقتی بامردی سپاهی گفت که روزگار تو در

۳۲۔ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۹۰ ب تا ۹۲ مخلصا

برائے شرح حالش رجوع کنید بہ خافی خان: منتخب اللباب ۲/۵۲-۵۵۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سرکار شاہ عالم خواہد شدہمچنان (شد) کہ
گفتہ بود وچون آخر الامر از مردم سیواجی
آوردہ شد در جالنہ رفت و بامریدان شیخ جان
محمد صحبت او برنیامد پس در اورنگ آباد
رفت و ہمانجا وفات یافت رحمة اللّٰہ"۔[۳۳]

## شیخ محمد نعیم جونپوریؒ

شیخ محمد نعیم بن مفتی محمد فائض صدیقی اودھی ثم جونپوری نے علوم ظاہری و باطنی کی تحصیل شیخ محمد رشید جونپوری مذکور سے کی اور سلسلۂ قلندریہ میں شیخ عبدالقدوس قلندر جونپوری متوفی ۱۰۵۲ھ سے بیعت ہوئے' کثیر التصانیف مصنف تھے۔ حاشیہ ہدایۃ الفقہ (چودہ جلدوں میں) اور مشکاۃ کی نہایت دقیق شرح ضعف بصر کے زمانہ میں تصنیف کی' آخری سانس تک درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رکھا' شب جمعہ ۱۱۲۰ھ میں انتقال کیا' کسی معتقد نے سال وفات اس آیہ کریمہ سے نکالا:

وعندہ' جَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۔[۳۴]

عبدی کو شیخ محمد نعیم سے بڑی عقیدت تھی' معارج الولایت میں شاہ خضر قلندر رومی کے حالات کے باب میں ان کا ذکر بڑے احترام سے کیا ہے اور ان کی زیارت اور ملازمت وصحبت کا اشتیاق ان الفاظ میں کرتا ہے:

"از خلفاء ایشان (شیخ عبد القدوس قلندر) را
ارادۃ بسلسلہ قلندریہ چشتیہ است و از یاران

[۳۳] عبدی: معارج الولایت ورق ۴۷۸۔أ ب۔

[۳۴] نصرت بن جمال ملتانی: گنج ارشدی بحوالہ نزہۃ الخواطر جلد ۶ صفحہ ۳۶۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ایشان بمجاہدہ وریاضت وعشق و محبت
مرتاض وممتاز است واین ضعیف را شوق
ملازمت ایشان بسیار است واگر در ارادۂ
الٰہی است میسر شود ان شاء اللّٰہ تعالٰی"۔[۳۵]

عبدی کی جن تصانیف تک رسائی ہوئی ہے ان کے مطالعہ سے یہ معلوم نہ ہو سکا کہ آیا کبھی عبدی کی ان کی ملاقات بھی ہوئی یا محض حسرت ہی رہی۔

## شاہ دَولہ دریائی گجراتیؒ

شاہ دَولہ پنجاب کے معروف ترین بزرگوں میں سے تھے‘ ۱۰۸۷ھ میں انتقال کیا‘ کرامت نامہ میں ہے:[۳۶]

| | |
|---|---|
| ولی شاہ دَولہ کہ از اوست بود | بذکرش شب وروز ہم زوست بود |
| خردخواست چون از وصالش خبر | سروشش بگفتا "خدادوست بود" |

۱۰۸۷ھ

عبدی حسن ابدال جاتے ہوئے شاہ دَولہ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا‘ یہ معلوم نہ ہوسکا کہ عبدی حسن ابدال کیوں گیا‘ ملاقات کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچتا ہے:

"مرید سیدن سرمست است دراصل از قوم
افغانان بوده......وچون بوقت رفتن جانب
حسن ابدال بخدمت او رسیده شده در مراقبه
بود و قوالان مدح خواجگان قدس اللّٰه
ارواحهم میگفتند وچون سر از مراقبه بر آورد

---

[۳۵] عبدی: معارج الولایت ورق ۸۴۔ا‘ب

[۳۶] لالہ مشتاق رام گجراتی: کرامت نامہ قلمی ورق ۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بگریست پس از ساعتی که بافاقه آمده وشرینی باین ضعیف میداد بعرض رسانیده که عنایت ظاہری را خواہان نیست ہرچه عنایت شود از نعماء باطنی شود' تبسم فرمود وگفت این راہم بگیرید و آن راہم بگیرید که ہر دو شمارا حاصل شوند"۔ [۳۷]

## میر سید احمد گیسو دراز کالپویؒ

میر سید احمد گیسو دراز بن میر سید محمد [۳۸] محمد بن ابی سعید حسینی ترمذی کالپوی

۳۷ عبدی: معارج الولایت ورق ۴۳۱

برائے شرح حال شاہ دولہ دریائی رجوع کنید بہ

(۱) لالہ مشتاق رام گجراتی: کرامت نامہ ۱۱۳۲ھ (درحالات شاہ دولہؒ) قلمی

(۲) عبدی: معارج الولایت ورق ۴۳۱۔اُب

(۳) عبدالفتاح: مفتاح العارفین قلمی

(۴) شاہ محمد غوث لاہوری: اسرار الطریعت (رسالہ شاہ محمد غوث) فارسی مطبوعہ پشاور ۱۲۸۲ھ

(۵) وڈیرہ' گنیش داس: چار باغ پنجاب ۴۳' ۱۱۰' ۱۷۷' ۱۷۸' ۱۸۱' ۲۰۸' ۲۴۸ مطبوعہ امرتسر ۱۹۶۵ء

(۶) مفتی غلام سرور: خزینۃ الاصفیاء ۲/۱۰۲ شاہ دولہ کے سال وفات میں اختلاف ہے' ہم نے کرامت نامہ مذکور کے سنہ کو دیگر تذکرہ نویسوں پر ترجیح دی ہے۔

۳۸ میر سید محمد کالپوی (۱۰۰۶۔۱۰۷۱ھ) تفسیر سورۂ یوسف' کتاب الروائح عربی' تحقیق الروح' وحدۃ الوجود (عربی)' ارشاد السالکین' رسالۂ فنا' عقائد الصوفیہ' رسالہ واردات (عربی)' عمل والمعمول' رسالہ شغل کوزہ مسمّٰی بہ جام خدانما' رسالہ حقائق' مراتب الفنا' ان کی تصانیف میں سے ہیں (نزہۃ الخواطر ۵/۳۲۷) عبدی نے ان کی تفسیر سورۂ فاتحہ اور رسالہ روائح کی تلخیص معارج الولایت ورق ۳۸۹ تا ۴۰۷ شامل کی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

متوفی ۱۹ صفر ۱۰۸۴ھ اپنے والد کے مرید و خلیفہ تھے' طریقہ محمدیہ کے اکابر شیوخ میں سے تھے' مشاہدات الصوفیہ' شرح عقائد نسفیہ (چودہ دن میں تصنیف کی) اور جوامع الکلم در شرح اسماء الحسنیٰ ان کی تصانیف میں سے ہیں۔[۳۹]

میر سید احمد' شیخ محی الدین ابن عربی کی تصانیف کے بہترین مفسر اور شارح تھے اور ناقدین ابن عربی کی خوب زجر و توبیخ کرتے تھے' عبدی جب دکن گیا تو میر سید احمد سے ملاقات ہوئی' یہ ملاقات ایک طویل ''صحبت محرِ نامہ'' کی حیثیت رکھتی ہے' خود لکھتا ہے:

''پسر و مرید سید محمد است قدس سره.....وتوجیهات کلام قدماء خصوصًا مقدمات شیخ محی الدین عربی رامهما امکن تقریر نمودی.....ومترسمان ومتزهدان را زجر کردندی وچون مردم شاه جهان پور که خو را بسلسلۂ نقشبندیه انتساب می دادند وبا او مباحثه کردندی از ایشان متغیر بودی وهر که آمدی با او گفتی آیا طریقه نقشبندیه داری واز مردم شاه جهان پوری ووقتی که از سفر بنگاله مراجعة نموده اتفاق سفر بجانب دکن افتاده بود بایشان صحبت محرمانه واقع شده' بعد از استفسار بعضی از حقائق و معارف که بطریق تحقیق بود بسیار ملتفت ومهربانی ها

۳۹ عبدالحی الحسنی: نزہۃ الخواطر ۶۲/۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

را دربارۂ این ضعیف بکار بردند وبیعضی
اوراد و وظائف اجازت دادند و او را باجناب
خواجگان قدس اللّٰه ارواحہم خصوصیت
خاص بود......علی الخصوص حضرت میر
سید محمد گیسو دراز قدس اللّٰه سرہ را بسیار
دوست داشتی و گیسو دراز کردن از متابعت
آن حضرت بود و لہذا کتابی عربی در شرح
اسماء حسنٰی موسوم بہ جوامع الکلم
محرر نمودہ کہ بغایت متین و مستحسن است
و مختصری بعبارت فارسی در حقائق و
تصوف کہ مسمّٰی بہ مشاہدات است"۔[۴۰]

## شیخ عبدالخالق خویشگی قصوریؒ

شیخ عبدالخالق خویشگی ایک غالی وحدت الوجودی اور سماع کے رسیا تھے' ان مسائل میں وہ علماء سے مناظرے بھی کرتے تھے' عبدی پر ان کی خاص نظر عنایت تھی' اس کی عدم موجودگی اور حاضری میں اُسے اچھے الفاظ سے یاد کرتے تھے' عبدی لکھتا ہے:

"باستماع سماع ذوق بسیار داشتی وفرمودی
ذوقی کہ در سماع یافتہ ام در چیزی دیگر

[۴۰] عبدی: معارج الولایت ورق ۴۰۷ (تلخیص مشاہدات مشمولہ معارج الولایت ۴۰۷ب تا ۴۲۲ب)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نیافتہ ام وبامقدماتِ توحید باعلمأ ظواہر مباحثہ بسیار نمودی واحاطہ ذاتی را بہِ دلائل و براہین باثبات رسانیدی وخواستی کہ اختلاف صوفیہ و علماء کہ درین مسئلہ است برخیزد وحاشا وکلا کہ این اختلاف برخاستنی نیست............وبرفقیر بسیار مہربان بودی وبغیبہ وحضوربذکر خیر یاد فرمودی وخواستی کہ بہ بعض مقدمات ومعارف مذکور شود' مولد و مدفن او قصور است رحمۃ اللہ علیہ"۔[41]

عبدی نے اخبار الاولیاء میں بھی ان کے متعلق اسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا ہے' اخبار الاولیاء کے اندازِ بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ اس کی تصنیف ۱۰۷۷ھ تک بقیدِ حیات تھے[42] نیز اخبار الاولیاء میں ان کا مولد و مدفن نہیں بتایا اور نہ ہی ان کے نام کے ساتھ ایسے دعائیہ جملے لکھے گئے ہیں جس سے اس کا مزید ثبوت ملتا ہے کہ وہ ۱۰۷۷ھ تک حیات تھے لیکن معارج الولایت میں اس پر مستزاد ان کا مولد و مدفن قصور کے ساتھ ہی ان کو ''رحمۃ اللہ علیہ'' بھی لکھا ہے' جس سے واضح ہوتا ہے کہ ۱۰۹۶ھ (تکمیل معارج) سے قبل ان کا انتقال ہو چکا تھا گویا ان کا سال وفات بعد ۱۰۷۷ھ اور قبل ۱۰۹۶ھ کے درمیان یعنی ۱۰۹۰ھ کے قریب قرار دے سکتے ہیں۔

---

۴۱ عبدی: معارج الولایت ورق ۴۷ب

۴۲ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۹۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اس باب میں ہم نے جن شیوخ کے حالات لکھے ہیں' عبدی نے اگرچہ کہیں صراحت سے نہیں لکھا کہ وہ کس بزرگ سے بیعت تھا لیکن شیخ محمد رشید جونپوریؒ کو اپنی تصانیف میں کئی مقامات پر ''شیخ ما'' [۴۳] اور اپنا ''پیر طریقت'' و ''مرشد حقیقت'' لکھا ہے۔ [۴۴] جس سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ شیخ محمد رشید جونپوریؒ سے بیعت تھا' عبدی باقاعدہ شیخ محمد رشید جونپوری کا خلیفہ تھا۔ [۴۵] جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے۔

☆☆☆☆☆

---

۴۳ عبدی: بہارستان شرح گلستان قلمی خاتمۂ کتاب

۴۴ عبدی: تحفۂ دوستان شرح بوستان قلمی دیباچہ کتاب

۴۵ کاتب' عبدالمجید: سمات الاخیار صفحہ ۶۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# عبدی کے اُمراء سے روابط

۱۰۶۶ھ میں عبدی نے بحر الفراسۃ شرح دیوان حافظ ردیف ش تک لکھی تو اس کے دیباچہ میں اس نے شاہ جہان کی مدح میں ایک طویل قصیدہ بھی لکھا[۱] یہ زمانہ عبدی کی ملازمت دلیر خان سے پہلے کا ہے۔

شاہ جہان کے آخری ایام میں جو کہ بغاوتوں کا دور تھا' عبدی نے نواب دلیر خان کی ملازمت اختیار کر لی' جیسا کہ بحث کی جا چکی ہے کہ عبدی ۱۰۶۶ھ میں فارغ التحصیل ہوا اور اسی سنہ کے اختتام پر ملازمت کی تلاش میں قصور سے نکل کر گجرات آیا پھر دہلی جا کر دلیر خان کی ملازمت اختیار کر لی' دلیر خان کے ہمراہ لکھنو گیا۔

دلیر خان کو شاہ شجاع بن شاہ جہان کی بغاوت فرو کرنے کے لیے مقرر کیا گیا تو عبدی بھی اس مہم میں ساتھ تھا۔[۲]

دلیر خان کو جب دیوگڑھ کے راجہ کے تعاقب کے لیے بھیجا گیا تو عبدی ہمراہ تھا چنانچہ تحفۂ دوستان شرح بوستان میں ایک مجبور سپاہی کی حالت بیان کرتے ہوئے اس طرح لکھا ہے:

"این قضیہ این ضعیف را بہ ہمراہی نواب دلیر خان در تعاقب راجۂ دیو گڑھ روی نمودہ است"۔[۳]

---

۱. تفصیل تصانیف عبدی حصہ الف کے تحت ملاحظہ ہو۔

۲. عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۴

۳. عبدی: تحفۂ دوستان قلمی ورق ۱۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اورنگ زیب نے اپنے چوتھے سال جلوس ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۰ء میں دلیر خان کو آسام کی بغاوت فرو کرنے کے لیے مقرر کیا تو عبدی بھی بہ حیثیت ملازم دلیر خان اس مہم میں شریک نظر آتا ہے۔[۴] اس سال کوچ بہار کی مہم میں بھی عبدی، دلیر خان کے ہمراہ[۵] تھا۔

دلیر خان کے ہمراہ عبدی بنارس بھی گیا، اس سفر میں دلیر خان سے اجازت لے کر عبدی، شیخ محمد رشیدؒ کی زیارت کے لیے جونپور گیا،[۶] عبدی نے دلیر خان سے اجازت لے کر شاہ آباد سے قصور آنے اور یہاں کے چند ماہ قیام کے دوران جامع الکلمات (مکتوبات شیخ عبداللطیف برہانپوری) کو ترتیب دینے کا ذکر بھی کیا ہے۔[۷]

اورنگ زیب نے دلیر خان کو ۱۰۷۷ھ/۱۶۶۷ء میں بیجاپور کی تسخیر کے لیے متعین کیا، شہزادہ معظم اور دلیر خان کی آپس کی چشمک کے نتیجے کے طور پر یہ مہم کامیاب نہ ہو سکی اور اورنگ زیب نے دونوں کو ۱۰۸۱ھ/۱۶۷۰ء میں اورنگ آباد بلا لیا جہاں وہ اپنی وفات ۱۰۹۴ھ/۱۶۸۲ء تک مقیم رہا، دلیر خان کے حین حیات تک عبدی کے اورنگ آباد میں رہنے کے ثبوت ہمارے پاس موجود ہیں، معارج الولایت ۱۰۹۴ھ (اگرچہ اس کا سال تکمیل مؤلف احقر کی تحقیق کے مطابق ۱۰۹۶ھ ہے) لیکن کتاب میں اضافے کے لیے مقام کی قید لازم نہیں ہے) میں اس نے اورنگ آباد ہی میں مکمل کی، دلیر خان کی وفات کے بعد عبدی قصور آ گیا اور یہاں اس نے

[۴] ایضاً ۱۶۴ اب

[۵] ایضاً ورق ۱۶۴ ب

[۶] تفصیل ''شیوخ عبدی'' کے تحت گزر چکی ہے۔

[۷] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مثنوی مولانا روم کی شرح اسرار مثنوی و انوار معنوی کے نام سے لکھی۔[8]

دلیر خان کے حالات شاہ جہان اور اورنگ زیب کے عہد کی کتب تاریخ اور مآثر الامراء میں مفصل موجود ہیں لیکن جو باتیں اس کے متعلق عبدی نے لکھی ہیں، ان سے یہ مطبوعہ کتابیں خالی ہیں مثلاً عبدی کہتا ہے کہ نواب دلیر خان کے حکم سے میں نے رافضیوں کے ردّ میں ایک کتاب محرقات الرفضہ تصنیف کی جس سے نواب کے محکم اعتقادات پر روشنی پڑتی ہے۔[9]

دلیر خان شاہ آباد سے تعلق رکھتا تھا۔ عبدی لکھتا ہے:

"شاہ آباد کہ وطن نواب مستطاب بود"۔[10]

## مرزا راجہ جے سنگھ

مرزا راجہ جے سنگھ (متوفی ۱۰۷۸ھ/ ۱۶۶۷ء) کو جب اورنگ زیب نے بیجاپور کی تسخیر کے لیے ۱۶۶۵ء میں روانہ کیا[11] تو عبدی بھی راجہ کے ہمراہ تھا،[12] راجہ سے اجازت لے کر عبدی شیخ برہان الدین برہانپوری سے ملنے گیا۔[13]

## داؤد خاں حسین زئی

داؤد خاں حسین زئی کے مفصل حالات نہیں مل سکے، عبدی سے تعلقات کی بھی

---

۸ تفصیل آثار عبدی کے تحت آئے گی۔

۹ ایضاً

۱۰ عبدی اخبار الاولیاء ورق ۱۶۹

۱۱ محمد ساقی مستعد خان: مآثر عالمگیری ۵۱

۱۲ عبدی: معارج الولایت ورق ۵۶۷

۱۳ تفصیل شیوخ عبدی کے تحت گزر چکی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

زیادہ تفصیلات معلوم نہیں ہو سکیں، صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ عبدی نے قبل از ۱۰۷۷ھ داؤد خاں حسین زئی کی فرمائش پر شیخ عبداللطیف برہانپوری کے مکتوبات بنام یاران قصور، جامع الکلمات کے نام سے مرتب کیے تھے، عبدی نے اخبار الاولیاء میں داؤد خان کے نام سے پہلے "مرحوم و مغفور" کے دعائیہ الفاظ لکھے ہیں[۱۴] جس کا مطلب یہ ہے کہ داؤد خان جامع الکلمات کی ترتیب سے قبل فوت ہو چکا تھا نیز ان دعائیہ الفاظ کا اخبار الاولیاء (تصنیف ۱۰۷۷ھ) میں ہونے کا مطلب یہ ہے کہ داؤد خان ۱۰۷۷ھ سے قبل فوت ہو چکا تھا۔[۱۵]

چونکہ یہ مکتوبات داؤد خان کی فرمائش پر مرتب کیے گئے تھے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ داؤد خان، شیخ عبداللطیف برہانپوری کے معتقدین میں سے تھا۔

## حسن خان و سعید خان خویشگی

عبدی نے ۱۰۹۶ھ اور ۱۱۰۰ھ کے درمیان ان کی فرمائش پر مثنوی مولانا روم کی شرح اسرار مثنوی و انوار معنوی کے نام سے لکھی تھی۔[۱۶]

☆☆☆☆☆

---

۱۴ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۸ ب

۱۵ تفصیل تصانیف عبدی کے تحت آئے گی۔

۱۶ ایضاً

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# تصانیفِ عبدی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی کثیر التصانیف مصنف تھا تقریباً ہر موضوع پر اس نے خامہ فرسائی کی ہے، اس وقت تک اس کی صرف ان تصانیف کے نام معلوم ہوئے ہیں جن میں سے فقط چند کتابوں کے وجود کا علم ہو سکا ہے، ان کتابوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، حصہ الف میں ان تصانیف پر بحث کی گئی ہے جن کا وجود کا علم ہے، یا ان تک رسائی ہوئی ہے، حصہ ب میں ان کتابوں پر اجمالی بحث کی گئی ہے جن کے وجود کا ہنوز علم نہیں ہو سکا۔

(۱) بحر فراسة اللافظ فی شرح دیوان خواجہ حافظ

عبدی نے خود صراحت کی ہے کہ میں تیئس (۲۳) سال کی عمر میں درسی علوم کی تحصیل کے بعد لاہور سے قصور آیا اور ایک سال قصور میں درس و تدریس میں مصروف رہا، اس ایک سالہ قیام قصور کے دوران میں دیوان حافظ کی شرح ردیف ''ش'' تک چھ ماہ کی محنت سے تالیف کی، عبدی ۱۰۴۳ھ میں پیدا ہوا (جیسا کہ بحث کی جا چکی ہے) اس سنہ میں ۲۳ سال عمر بوقت تالیف شرح ہذا، جمع کرنے سے ۱۰۶۶ھ اس کا ردیف ش تک سال تصنیف معلوم ہو جاتا ہے، لکھتا ہے:

''در سنه ثلث و عشرین از عمر خود فارغ شده
بقصور آمدم وبمدة یک سال بدرس و تدریس
مقید بودم درانوالا بمدة شش ماه بحر الفراسة
که شرح دیوان خواجه حافظ است محرر نمودم
اکثر علمای وقت وفقراء زمان بعین عنایت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ودیدۂ مرحمت ملحوظ نمودند"[1]

شرح ہذا کے خاتمہ میں لکھتا ہے کہ قصور میں ردیف ش تک شرح لکھنے کے بعد میں تلاش روزگار میں بیجاپور گیا' بیجاپور پہنچنے کے بعد حالت تردّد و تامّل میں اس کی دوسری جلد بعد ردیف ش تا اختتام تالیف کی' اور امید کی ہے کہ اس کے بعد خلاصۃ البحر قدیم و جدید اور جامع البحرین فی زوائد النہرین جو کہ حافظ ہی کی شروح ہوں گی' تحریر کی جائیں گی' لکھتا ہے:

"این فقیر شرح دیوان را یعنی بحر الفراسۃ رادر مدتی متمادی باتمام رسانیدہ زیرا کہ بعد از فراغ تحصیل علوم جلد اوّل را کہ تا ردیف شین در زمان سلطنت شاہ جہان پادشاہ در قصبہ قصور باتمام رسانیدہ بود' بعد از آن سبب حوادث روزگار چون بعرقہ اسباب تحریر دست (داد) حتّٰی کہ عزیمت بسفر بیجا پور زوی نمود پس در بلدۂ مذکور در عین تردد جلد دوم را بانصرام رسانیدہ آید' امید واثق و رجاء صادق آن ست کہ بعد ازیں خلاصۃ البحر قدیم و جدید وجامع البحرین فی زواید النہرین را محرر نماید ونکات تصوف و حقائق ولطائف و معارف ودقائق وسائر علوم

[1] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

را کما ینبغی مبین سازد"۔[۲]

بحر الفراست جلد اوّل کے دیباچہ میں شاہ جہان کی مدح میں جو قصیدہ عبدی نے لکھا ہے اسکے چند ابیات حسب ذیل ہیں

مدح گویم بپادشاہ جہان
کہ ز عدلش قرار یافت جہان
گستر انید عدل را بزمین
تازہ از عدل اوست روضہ جہان (جاں)
بہ کہ اوقاتِ خویش صرف کنی
بدُعا بادشاہ شاہ جہان
تا کہ باشد بحرکت وبسکون
آب و باد آتش و زمین و زمان
دار سر سبز شاخ امیدش
یا الٰہی ببرکتِ قرآن[۳]

جیسا کہ ثابت کیا جا چکا ہے عبدی ۱۰۷۷ھ میں دلیر خان کے ہمراہ بیجاپور کی مہم سر کرنے کے لیے گیا اور یہی اخبار الاولیاء کا سال تالیف ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شرح ۱۰۷۷ھ میں مکمل ہو چکی تھی۔

اس شرح کا پورا نام "بحر فراسۃ اللافظ فی شرح دیوان خواجہ حافظ" ہے' جو خطی نسخہ کتابخانہ دانش گاہ پنجاب[۴] اور خطی نسخہ کپورتھلہ میں درج ہے[۵] ویسے عبدی نے

۲ عبدی: بحر الفراسۃ عبارت خاتمہ قلمی نسخہ ذخیرۂ آذر نمبر ۷۵۳۶/۳۱۵

۳ ایضاً از دیباچہ

۴ نمبر ۱۵ ناقص الآخر اوراق بے ترتیب

۵ فہرست کپورتھلہ نمبر ۱۲۳ بحوالہ مقالہ ڈاکٹر محمد شفیع مرحوم اورنٹیل کالج لاہور اگست ۱۹۲۷ء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جہاں کہیں اپنی تصانیف میں اس کا حوالہ دیا ہے' اختصار کے پیش نظر اس کا نام بحر الفراسۃ ہی لکھا ہے۔[۶]

بحر الفراسۃ عبدی نے جب شیخ محمد رشید جونپوریؒ کی خدمت میں بغرض اصلاح ارسال کی تو شیخ نے اسے بہت پسند کیا اور کہا کہ اس شرح کو سمجھنے کے لیے ادراک معانی اور فہم کامل درکار ہے' عبدی لکھتا ہے:

چون این ضعیف شرحی بر دیوان خواجه حافظ نوشته بود که مسمّٰی به بحر الفراسة است بخدمت آن حضرت برای اصلاح ارسال داشته بسیار پسندیدند و فرمودند که فهم مبانی وادراك معانی او را جامعیة علوم ظاهریه وباطنیه درکار است' جزاکم اللّٰه خیر الجزاء"۔[۷]

شیخ پیر محمد لکھنویؒ نے بھی اسے بہت پسند کیا اور یہ چند ماہ اُن کے مطالعہ میں رہی' مطالعہ کے بعد جو تاثرات دیئے' خود عبدی کے الفاظ میں ملاحظہ ہوں:

بحر الفراسة شرح دیوان خواجه حافظ را دیده بسیار پسندید وچند ماه در مطالعه داشتند وفرمودند بحریست که محیط انواع علوم و جمیع فنون است"۔[۸]

---

۶ اخبار الاولیاء' معارج الولایت' بہارستان' اسرار مثنوی وغیرہم

۷ عبدی: معارج الولایت ورق ۳۸۴

۸ ایضاً ورق ۴۲۲' فہرست مشترک ۳/ ۱۶۰۰۔۱۶۰۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بحر الفراست میں ابیات حافظ کی شرح کے دوران بے شمار کتب تصوف کے حوالے دیئے ہیں، ہم مضمون اشعار بھی نقل کیے ہیں اشعار کی شرح عموماً تصوف کے رنگ میں ہے، حل لغات کے سلسلے میں مستند کتب کے حوالے بھی جا بجا ملتے ہیں۔

ابتدا

سپاسی عظمت واحد برار رسد کہ محمود است......الخ۔

## خطی نسخے

کتب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور

(۱) PI VI 15-B ناقص الآخر وقدیم الخط (۲) ذخیرہ آذر ۳۱۵/۵۳۶۷ مکمل مکتوبہ دوئم ربیع الاوّل ۱۲۵۱ھ (۳) ذخیرہ شیرانی ۸۰۵ ناقص الاول آغاز باب الحا (۴) کتب خانہ کپورتھلہ ۱۲۳ سال کتابت ندارد (۵) کتب خانہ اسلامیہ کالج پشاور نمبر ۱۰۲۸

عبدی کی یہ شرح خاصی مقبول اور متداول رہی ہے، پاکستان کے مختلف کتب خانوں میں اس کے چودہ خطی نسخے پائے جاتے ہیں۔

بحر الفراسۃ کی ایک تلخیص (فارسی) میاں محمد وسیم ؒ کاکا خیل (استاد سید جمال الدین افغانی) نے ۱۲۴۶ھ کو تیار کی تھی (مکتوب جناب عبد الحلیم اثر افغانی بنام محمد اقبال مجددی، محررہ ۷ نومبر ۱۹۷۳ء)

## (۲) خلاصۃ البحر قدیم وجدید

عبدی کی بحر الفراست جب طلبہ تک پہنچی تو انہیں یہ شرح دقیق اور مشکل معلوم ہوئی، طلبہ کی درخواست پر عبدی نے بحر الفراست کا ملخص تیار کیا اور اس میں بعض قواعد وفوائد کا اضافہ کر کے خلاصۃ البحر نام رکھا، اپنے حالات کے باب میں لکھتا ہے:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"چون دروی داب صریح کنایات بطریقۂ تفنن عبارات و اعتناب در توجیہات و احتمالات است مر عیداشته شده بود وبعضی طالبان را از تفہیم دقائق معانی وی اشکال پیش آمدی خلاصة البحر را از وی (بحر الفراست) انتخاب نموده وبعضی قواعد را بروی اضافه کردم و بحکم خیر الکلام ما قلّ ودلّ بسیار جیّد ومستحسن افتاده است"۔ [۹(ب)]

خلاصۃ البحر قدیم وجدید مخدوم شیخ محمد رشید جونپوری (متوفی ۱۰۸۳ھ) کی وفات کے بعد مکمل ہوئی کیونکہ عبدی صرف بحر الفراست ہی ان کی خدمت میں ارسال کرنے کا ذکر کرتا رہے' معارج الولایت میں لکھتا ہے کہ جب خلاصۃ البحر مکمل ہوئی تو شیخ انتقال کر چکے تھے' تاسف کا اظہار کرتے ہوئے لکھتا ہے:

بعد ازان خلاصة البحر قدیم وجدید را محرر نموده و چون باتمام رسیدند آن حضرت بروضه رضوان خرامیده بودند ازین معنی تاسف بسیار دست داد که این نُسْخَتَین برای اصلاح بخدمت آن حضرت مرسل نشده' ناگاه وقتی آنحضرت را در واقعه دیده که چیزی می نویسند بعرض رسانید که کدام کتاب است که آن را حضرت استکتاب می

۹ب عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فرمایند' فرمودند دو شرح شمارا که بر دیوان خواجه حافظ اند نقل گرفته ام و سیومی را نقل میکردم وتابنصف آن رسانیده ام وچون بافاقه آمدم شکرانه حضرت عزت بجای آورده ام که باری محنت بنده ضائع نگشت ومقبول خاطر عاطر آن حضرت شد' الحمد للّٰه علیٰ ذلک"۔[۱۰]

عبدی نے اخبار الاولیاء میں خلاصۃ البحر کی تدوین کا ذکر کیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۰۷۷ھ (سال تصنیف اخبار) میں زیر ترتیب تھی۔ اور ۱۰۸۳ھ (سن وفات شیخ محمد رشید جونپوریؒ) کے بعد مکمل ہوئی' خلاصۃ البحر کا ایک قلمی نسخہ کتابخانہ گنج بخش' اسلام آباد میں ہے (فہرست مشترک جلد ۷ صفحہ ۴۷۴)

## (۳) جامع البحرین فی زوائد النہرین

دراصل عبدی نے دیوان حافظ کی متعدد شروح لکھی تھیں' خلاصۃ البحر جیسا کہ لکھا جا چکا ہے' بحر الفراست کی تلخیص ہے اور جامع البحرین بھی بحر الفراست اور خلاصۃ البحر کا تکملہ یا ان دونوں شروح میں تفصیل طلب مقامات کی توضیحات وغیرہ پر مشتمل ہو گی' یہ شروح تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد لکھی گئیں' اخبار الاولیاء (سن تالیف ۱۰۷۷ھ) میں جامع البحرین کا ذکر نہیں ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شرح ۱۰۷۷ھ کے بعد لکھی گئی' عبدی نے بہارستان اور اسرار مثنوی میں جابجا اس کے حوالے دیئے ہیں تاحال اس شرح کے بھی وجود کا علم نہیں ہو سکا۔

---

۱۰ عبدی: معارج الولایت ۳۸۴ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۴) خلاصۃ البحر فی التقاط الدرر

یہ بھی دیوان حافظ کی شرح ہے' اس کتاب کی زیادہ تفصیل معلوم نہیں ہو سکی' عبدی نے خلاصۃ البحر قدیم و جدید بھی دیوان حافظ ہی کی شرح میں لکھی تھی' اس نے بحر الفراسۃ کے خاتمہ میں اس امید کا اظہار کیا ہے کہ بحر الفراست کے بعد خلاصۃ البحر فی التقاط الدرر لکھوں گا' مولوی نذر احمد نے اس کے خطی نسخہ مخزونہ نظام حیدر آباد لائبریری کو دار اشکوہ بن شاہ جہان م ۱۰۶۹ھ/۱۶۵۸ء کا مکتوبہ نسخہ لکھا ہے[11] اور یہ بھی وضاحت کی ہے کہ دار اشکوہ' سید آدم رسول ماوراء النہری کا مرید تھا جیسا کہ بحر الفراست کے خاتمہ سے عیاں ہے کہ عبدی نے اس کی تکمیل کے بعد خلاصۃ البحر فی التقاط الدرر تالیف کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے اور یہ بھی وضاحت کی جا چکی ہے کہ بحر الفراسۃ ۱۰۷۷ھ کے بعد مکمل ہوئی اور خلاصۃ البحر فی التقاط الدرر تو اس کے بعد لکھی گئی ہو گی اور دار اشکوہ ابن شاہ جہان تو ۱۰۶۹ھ میں قتل ہو چکا تھا' دوسرے اس دار اشکوہ کے غیر ابن شاہ جہان ہونے کا ثبوت یہ ہے کہ اس کتاب کا کاتب دار اشکوہ مرید سید آدم رسول ماوراء النہری ہے اور دارا ابن شاہ جہان تو ان کا مرید نہیں تھا' سٹوری نے نذر احمد کے اس بیان پر تردّد کا اظہار کیا ہے[12] لیکن متبعین سٹوری مثلاً مارشل نے سٹوری کے ان تردّد آمیز حواشی کو نظر انداز کرتے ہوئے عبدی کی اس تصنیف کو دارا ابن شاہ جہان کی مکتوبہ بحوالہ سٹوری لکھ دیا ہے۔[13]

---

11 Nadhir Ahmad, No. 129.

12 Storey C.A, Persian Litrature Vol.I, Part II, pp.1011.

13 Marshall, Mughals in India. No. 42.

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۵) اخبار الاولیاء من لسان الاصفیاء (بعد ۱۰۷۷ھ)

اخبار الاولیاء دراصل قصور کے افغان مشائخ کا ایک مفصل تذکرہ ہے اس میں زیادہ تر قصور کے افغان مشائخ کے تراجم ہیں' یہ کتاب حسب ذیل چھ ابواب پر مشتمل ہے:

باب اوّل: در بیان احوال خویشگیان (۲۷ شیخ)
باب دوم: در بیان مشائخ سائر افغانان (۵۰ شیخ)
باب سوم: در بیان احوال نساء عارفات (۱۱ نساء)
باب چہارم: در بیان نسب افغانان وسبب آمدن از بیت المقدس در ہند
باب پنجم: در بیان احوال مشائخ قصور ونواحی آن (۲۹ شیخ)
باب ششم: در احوال این احقر (عبداللہ خویشگی قصوری)

## فہرست تراجم مشائخ اخبار الاولیاء

اخبار الاولیاء ایک سو باسٹھ (۱۶۲) رجال کے تراجم پر مشتمل ہے' جن میں قصوری نژاد اور مدفونین قصور کی کثرت ہے' اس فہرست میں مشائخ کے اسمائے گرامی کے بعد اوراق کے نمبر اخبار الاولیاء کے قلمی نسخہ مولانا سید طیب شاہ ہمدانی مدظلہ قصوری کے مطابق ہیں۔

## باب اوّل احوال مشائخ خویشگیان

پیر دتو شوزیانی ۲ب' شیخ بتک ۵ب رکن الدین بتک زئی ۹ شیخ ملی ۹ب خالو بتک زئی ۱۰ شیخ ضحاک ۱۱ب میرک بتکزئی ۱۲ب جہان بتکزئی ۱۴ب محمد حولی ۱۶' اسماعیل بن حرمہ جارو بتکزئی ۱۶ یوسف بن یوسف بتکزئی ۱۶ب شیخ سنکر بتکزئی ۱۷' مصر محان

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بن ضحاک بتنزائی ۱۷ شیخ لالو ۲۱ ب عیسیٰ بن لالو ۲۳ ب بازید بتنزئی ۲۴ بدہ بن شیخ
ملی ۲۶ میاں آخوند سعید حسین زئی ۲۶ حاجی گگن وتوزئی ۳۶ ب حسن بتنزئی ۳۹ ب
بہو کی عزیز زئی ۴۱ پیر رحمت وتوزئی ۴۳ ب حاجی میاں عزیز زئی ۴۶ ب پایندہ
اچوزئی ۴۷ شمون بن حسین ۴۷ ب شمس الدین بتنزئی ۴۸ حاجی احمد بتنزئی ۴۸ ب
یحییٰ وتوزئی ۵۰ الہداد وتوزئی ۵۰ ب مولانا وتوزئی ۵۳ شیر خان اچوزئی ۶۰
صدر الدین ۶۰ ب جلو بن مصری خان ۶۱ عمر لونہ ۶۳ بو کار و کا تو کا بتنزئی ۶۳ ب حاجی
خواجہ اویس ۶۴ شیخ ابراہیم ۶۵ فتو عزیز زئی ۶۶ ب مولانا عبد الواحد ۶۸ ب یوسف
بتنزئی ۶۹ محمد خان وتوزئی ۷۰ محمد خان بن خواجہ خضر بتنزئی ۷۰ ب میاں اسحاق
۷۰ ب پیر رحیم داد وتوزئی ۷۱ روزانی عزیز زئی ۷۱ ب حاجی رحم داد حسین زئی ۷۳
عالم خان عزیز زئی ۷۴ محمد خان بن شیخ جلو بتنزئی ۷۴ ب شیخ مردان بتنزئی ۷۸ مالو
بتنزئی ۷۸ ب حاجی میرک سلمہاک ۷۹ ب کابل شاہ بتنزئی ۸۰ عالم سلمہاک
۸۰ ب مولانا خواجہ بتنزئی ۸۱ شاہ محمد بتنزئی ۸۱ ب ابوالخیر بتنزئی ۸۲ شیخ معروف
بتنزئی ۸۲ ب دادو بتنزئی ۸۳ ب بابر سلمہاک ۸۳ ب لوجہ سلمہاک ۸۴ سہاک
سلمہاک ۸۴ ب سرکس خلف زئی ۸۴ ب میر احمد بن حسن خلف زئی ۸۶ ب میاں
خلیل بن میر احمد ۸۶ ب مدد خان بن دوست محمد خلف زئی ۸۷ ب مبارک خلف زئی
۸۷ ب شیخ دانکمار ۸۸ ب شیخ محمد وتوزئی ۸۸ ب خداداد بالو سلمہاک ۹۰ صاحب
سلمہاک ۹۰ ب بایزید وتوزئی ۹۰ ب عبد الخالق حسین زئی ۹۲

باب دوئم در بیان مشائخ سائر افغانان قدس اللہ اسرار ہم ۹۲ ب
شیخ عبد النبی بتنی ۹۲ ب مولانا خضر ۹۲ ب احمد بن موسیٰ سروانی ۹۳ سلیمان دانا
۹۴ محمود حاجی ۹۴ ب ملہی قتال ۹۵ صدر الدین مالنیری ۹۵ راجو بن شیخ محمد ۹۶ خدو
بن یونس ناغر ۹۶ ب مجن لودی ۹۷ علی پستو ریسی ۹۷ خطر کا کر ۹۷ ب خضر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سروانی ۹۷ب حاجی ابو اسحاق دادی ۹۸ حسن بن مہتہ خلیل ۹۸ ادریس میریانی ۹۹ یحییٰ شہید باہی ۹۹ عمر سروانی بنگالی ۹۹ مولانا علی پتنی سرہندی ۹۹ب خواجہ کری تارن ۹ب شیخ ارمیانارن ۹۹ب بدک تارن ۹۹ب علی تارن ۹۹ب عیسیٰ پتنی ۹۹ب اسماعیل پتنی ۹۹ب خواجہ یحییٰ کبیر ۱۰۰ شیخ علی دنکر ۱۰۲اب شیخ پای سیدانی ۱۰۲اب شاہ عبدالرحمن بختیار ۱۰۳اب میاں مہتہ کانسی ۱۰۴اب شاہ محمد مجذوب جلوانی ۱۰۵ شاہ ابابکر بختیار ۱۰۵ شاہ شہاب بختیار ۱۰۵ جمال کاکر ۱۰۶ عبداللہ نیازی چشتی سرہندی ۱۰۶اب ملائی لودی ۱۰۷اب احمد شون ۱۰۹اب خلیل پتنی ۱۱۰ علی سرور لودی شاہوخیل ۱۱۱اب شاہ کریم داد مشوانی اقطع ۱۱۲ پاینده ترین ۱۱۳اب عیسیٰ مشوانی ۱۱۴ ابوسعید مہمند ۱۱۵اب شاہ قاسم خلیل ۱۱۶ مولانا درویزہ بتنکزئی ۱۱۶اب مولانا عبدالکریم بن مولانا درویزہ ۱۱۸اب اختیار الدین سروانی ۱۲۱اب مولانا حسن ترین ۱۲۲ سعید خان میانہ برہانپوری ۱۲۲اب شیخ رحمکار خٹک ۱۲۲اب

باب سوم در بیان احوال نساء عارفات خویشگیان وسائر افغانان ۱۲۳ بی بی مہکلی ۱۲۳ بی بی درہ ۱۲۴ بی بی شیخنی درخانی ۱۲۴ بی بی عمی ۱۲۴اب بی بی فاطمہ شیخنی ۱۲۵ بی بی یسو ۱۲۵اب بی بی دویہ ۱۲۷ بی بی راستی ۱۲۷ بی بی پے ۱۲۷ بی بی شیخ زادی ۱۲۷اب بی بی صورت۔

باب پنجم در احوال مشائخ قصور ونواحی آن از ورای افغانان ۱۴۴اب شیخ کمال چشتی ۱۴۴اب پیرادھیا غازی ۱۴۵ شیخ بہاکو دوگر ۱۴۵اب میاں کیکا گوجر ۱۴۶اب مخدوم علی بافندہ ۱۴۷ شیخ حبیب آہنگر ۱۴۸ شاہ ابوحنیفہ قریشی ۱۴۹ شاہ حسین قریشی ۱۴۹ شیخ جلال ہندوستانی ۱۴۹اب درویش محمد ۱۵۰ شاہ بہاء الدین ۱۵۱ شیخ داؤد شیرگڑھی ۱۵۱اب شاہ مقیم ۱۵۲ شاہ نور ۱۵۲ ابومحمد فتحی ۱۵۳۔ الہداد ہندی ۱۵۳اب شیخ میر لاہوری ۱۵۴ شیخ بلاول ۱۵۴ شیخ عمر ۱۵۴اب شاہ حسین دہدہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

۱۵۴اب حسو تیلی ۱۵۵ شیخ حاجی مغل ۱۵۵اب شیخ موسیٰ آہنگر ۱۵۵اب ابو اسحاق منزنگ ۱۵۶ شاہ گدا ۱۵۶ شاہ سفر ۱۵۶ شیخ طاہر لاہوری ۱۵۶اب شاہ ابوالمعالی ۱۵۶اب شیخ عبدالرشید مخاطب بہ محمد رشید ملقب بہ دیوان جی چشتی جونپوری ۱۵۷۔

## سبب تصنیف

دیباچہ میں وضاحت کی ہے کہ معتبر کتب تصوف کے مطالعہ سے اپنی قوم کے مشائخ کے حالات بھی محفوظ کرنے کا جذبہ پیدا ہوا' جس کے نتیجے میں یہ کتاب تصنیف کی' اپنی قوم کا خانوادۂ چشت سے تعلق بھی بتایا ہے' ابنائے شیخ بتک اور اپنی قوم کے دیگر اعزہ اس کتاب کی تصنیف کے محرک تھے' لکھتا ہے:

> ''امابعد میگوئد بندہ ضعیف شکستہ نحیف الراجی الی رحمۃ اللّٰہ القوی عبید اللّٰہ المعروف بہ عبد اللّٰہ الملقب بہ خلیفہ جی بن عبد الحق المشہور بہ عبد القادر الخویشگی کہ چون در اغلب اوقات بحکم حکایات الاولیاء جند من جنود وعند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ بمطالعہ احوال اولیاء متقدمین واخلاق اصفیاء متاخرین از کتب معتبرہ چنانکہ سیر الاولیاء ونفحات وسیر العارفین ورشحات اشتغال میداشت وحظی کامل و نفعی شامل اخذ میکردم وبزمرۂ اصحاب و

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جماعة احباب خود نقل مینمودم وایشان از
احوال خیر مآل ومشائخ خویشگیان ولا حق
کہ ہر یکے از ایشان در عصر خود بدرجات
قطبیة وغوثیة ومحبوبیة اختصاص یافتہ
وبخانوادۂ ما چشت اہل بہشت ارادة واعتقاد
داشتہ نقل میکردند تا آنکہ از کثرت ذکر
حالات فایض البرکات این جماعة بحدّ تواتر
رسیدہ بود...... چون درنیولا جمعی از اہل
محبت از ابنای شیخ بتک قدس سرہٗ جراب
محبت قلبی را نافع وسلسلہ شوق صمیمی را
محرك گشتند ومراعات خاطر این قوم...... در
تحریر اخبار الاولیا من لسان الاصفیاء مقید
گشتم"۔ [۱۴]

## سال و مقامِ تصنیف

عبدی نے اخبار الاولیاء میں کہیں وضاحت سے اس کا سالِ تصنیف نہیں لکھا فقط ایک مقام پر لکھتا ہے کہ اپنے دادا کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے میں نے اپنے نومولد بچے کا نام محمد معتصم باللہ رکھا ہے اور اس وقت سال روان ۱۰۷۷ھ ہے' لکھتا ہے:

"چون دریں ولا بتاریخ دوازدہم ذی القعدہ

---

[۱۴] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۔۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سنہ الف و سبع و سبعین حق سبحانہ تعالیٰ
از عطیات بی نہایات خود این کمترین را
فرزندی عنایت فرمودہ بر آن وصیت
حضرت اخوند (احمد شوریانی) عمل نمودہ
وبجہۃ تبرک و تیمن نام محمد را بر آن اضافت
نمودہ معتصم باللہ نام نہادہ"۔[۱۵]

یہ کتاب کے آغاز کی عبارت ہے' اس کے بعد عبدی نے اس کے تقریباً چار سو صفحات لکھے' یقیناً ۱۰۷۷ھ کے بعد تک عبدی اس کی تصنیف میں مصروف رہا ہوگا گویا ۱۰۷۷ھ اس کا کوئی حتمی سال تصنیف نہیں ہے لیکن خان بہادر مولوی محمد شفیع مرحوم نے ۱۰۷۷ھ ہی سال تصنیف قرار دیا ہے نیز انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس کی تصنیف اورنگ آباد میں ہوئی' لکھتے ہیں:

"The work was compiled by the author in A.H.1077 at Aurangabad, to wich place he had gone in the service of Diler Khan"[16]

عبدی نے اخبار الاولیا کے باب سوم (نساء عارفات) میں عارفات کے حالات لکھتے ہوئے تحریر کیا ہے کہ اخبار الاولیاء اورنگ آباد میں تالیف ہوئی' اس وقت نساء عارفات خویشگیان کے تراجم کے لیے روایات کے فقدان کی وجہ سے نساء کے حالات کم لکھے گئے' چنانچہ لکھتا ہے:

---

۱۵ ایضاً ورق ۵۹ب ۶۰

16 M.Shafi' Dr."An Afghan Colony at Qasur". Islamic Culture. July 1929. p.453.

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"پوشیدہ نماند کہ نساء عارفات در قوم خویشگیاں بسیار گزشتہ اند چون این مختصر را در بلدۂ اورنگ آباد محرر گشتہ و درآن جا قلت رواۃ بہ ہمیں قدر اکتفا نمودہ اند تا از تیمن وتبرك نساء صالحات این قوم خالی نماند"۔ [۱۷]

اس اقتباس کے پیش نظر حسب ذیل اُمور قابل توجہ ہیں:

(۱) یہ اقتباس اخبار الاولیا کے باب سوم کا ہے اس کے بعد عبدی نے اس کے تین اور ابواب لکھے۔ قیاس یہی ہے کہ یہ باقی تین ابواب اورنگ آباد کے علاوہ دوسرے مقامات خصوصاً قصور میں لکھے گئے۔

(۲) صرف نساء عارفات والے باب میں روایات کے فقدان کا ہی ذکر ہے تو گویا صرف اس باب کے لیے عبدی قصور آیا۔

گویا پوری اخبار الاولیاء اورنگ آباد میں تالیف نہیں ہوئی۔

## اہمیت

اخبار الاولیاء کی سب سے واضح اہمیت یہ ہے کہ مصنف نے اس کے آخری باب میں اپنے خودنوشت حالات لکھے ہیں' پوری کتاب کے مطالعہ سے مصنف کے اپنے حالات پر بہ طریق احسن روشنی پڑتی ہے بلکہ عبدی نے یہ پوری کتاب اپنے آباؤ اجداد کے حالات پر ہی لکھی ہے' اپنے دادا احمد شوریانی قصوری کے حالات کے باب میں ان کی ازواج' اولاد اور اپنے ایک لڑکے محمد معتصم باللہ (متولد ۱۰۷۷ھ)

[۱۷] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۲۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کی پیدائش کا ذکر کیا ہے[18] اپنے جدِ مادری شیخ محمد وتوزئی کے کچھ مزید حالات جو اپنی والدہ کی زبانی لکھے ہیں اس کی دوسری تصنیف معارج الولایت سے مختلف اور زیادہ ہیں' بی بی درہ کے تحت اپنی اہلیہ کا ذکر بھی کیا ہے' بابر کے ایک فرمان کا ذکر بھی کرتا ہے جو اس نے قصور میں دیکھا تھا' اخبار الاولیاء قصور کی تاریخ کا ایک بنیادی ماخذ ہے۔

## نقائص

عبدی کی دوسری تصنیف معارج الولایت کی طرح یہ تذکرہ بھی قدیم تذکرہ نویسی کی روش میں لکھا گیا ہے اس میں تقریباً ڈیڑھ سو خویشگی مشائخ قصور کے حالات درج کیے گئے ہیں لیکن افسوس کہ کسی بھی خویشگی شیخ کا سال ولادت یا وفات نہیں لکھا گیا چند غیر افغان مشائخ کے سنینِ وفات درج کیے گئے ہیں جن کے حالات اور سنین عام متعارف کتب میں مل جاتے ہیں' عبدی کی دیگر تصانیف کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سنین لکھنا ضروری نہیں سمجھتا تھا' جس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ اخبار الاولیاء کا باب ششم جو کہ خودنوشت سوانح عبدی پر مشتمل ہے کہیں بھول کر بھی کوئی سنہ نہیں لکھا' کتاب کے بغور مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی اکثر روایات محض سماعی ہیں اور کتاب کے نام کا جز ''من لسان الاصفیا'' بھی اس کے سماعی ہونے کی غمازی کرتا ہے' ساری کتاب میں کہیں سال تصنیف کی وضاحت نہیں کی گئی' ہاں ایک مقام پر صرف اتنا اشارہ ملتا ہے کہ میرا لڑکا محمد معتصم باللہ تولد ہوا اور اس وقت ۱۰۷۷ھ ہے[19] جس سے ہم یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اخبار الاولیاء ۱۰۷۷ھ میں زیر تالیف تھی۔

---

[18] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۵۹ ب ۶۰

[19] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۵۹ ب ۶۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## ایک اور غلط فہمی کا ازالہ

ڈاکٹر ایس ایم اکرام نے اخبار الاولیاء کے متعلق لکھا ہے کہ یہ شیخ عبد القادر خویشگی کی تصنیف ہے۔[20] معلوم نہیں شیخ صاحب نے اسے عبد القادر خویشگی سے کیسے منسوب کر دیا حالانکہ یہ عبد اللہ خویشگی کی تصنیف ہے۔ عبد القادر تو عبد اللہ خویشگی عبدی کے والد کا نام تھا اور خود عبدی نے اپنی دوسری معروف تصنیف معارج الولایت (درباب تراجم مشائخ خویشگیاں) میں کئی مقامات پر اسے اپنی تصنیف لکھا ہے۔

میرے خیال میں شیخ صاحب کی غلط فہمی کی وجہ اخبار الاولیا کے روٹو گراف مخزونہ کتب خانہ دانش گاہ پنجاب کی جلد ہے، جس کے جلد ساز نے غلطی سے اس کے مصنف کا نام عبد القادر جلد پر نقش کر دیا اور شیخ صاحب نے بغیر کسی تحقیق کے اپنی تحقیقی کتاب رودِ کوثر میں اسے عبد القادر خویشگی کی طرف منسوب کر دیا، اگر شیخ صاحب کتاب کے مندرجات بغور دیکھ لیتے تو اس کے آخری باب کا عنوان ''دراحوال این احقر عبد اللہ خویشگی'' انہیں اس قسم کی فاش غلطی کا شکار ہونے سے بچا لیتا۔

## اخبار الاولیاء کے قلمی نسخے

(۱) قلمی نسخہ مملوکہ سید محمد طیب شاہ صاحب ہمدانی خلف سید مبارک علی شاہ قصوری بخط عبد الباقی قصوری مکتوبہ ۱۴ ربیع الاوّل ۱۱۱۴ھ۔

## ترقیمۂ کاتب

تمت ہذا الکتاب بعون الملک الوہاب المسمی بہ اخبار الاولیاء فی التاریخ

---

[20] اکرام ایس ایم: رودِ کوثر، ۴۱۰، طبع لاہور ۱۹۶۸ء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

چہاردہم شہر ربیع الاوّل ۱۱۱۴ھ موافق جلوس والا سنہ ۴۶ ج بید الضعیف النحیف الراجی الی رحمۃ اللہ القوی عبد الباقی قصوری غفر اللہ لہ ما تقدم من دینہ وما تاخر بحرمۃ النبی وآلہ مالکہ وصاحبہ صاحب زادۂ بلند اقبال روشن ضمیر عالی نظیر میاں محمد عیسیٰ جیوابن غفران مرتبت میاں شیخ احمد جیو غفر اللہ لہ افغان عیسیٰ زئی خویشگی اوراق ۱۷۳سطر ۱۷ تقطیع ۲x۱۰/ ۵

(۲) نواب زادہ علی عادل خان خلف نواب شہباز خان مرحوم قصور کے ذاتی کتب خانہ میں اس کا ایک نسخہ موجود ہے جو اپنی ہیت کے اعتبار سے قدیم معلوم ہوتا ہے' اس کے خاتمہ پر کسی نے بہت بعد کو سال کتابت ۱۱۱۴ھ لکھ دیا ہے جو درست نہیں ہے۔

(۳) کتب خانہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال (کلکتہ) نمبر ۲۷۳۔ یہ نسخہ ۱۲۹۴ھ میں مشہور مورخ بلوخمان کے لیے قصور میں نقل کیا گیا تھا' جو آج مذکورہ کتب خانہ میں محفوظ ہے[۲۱] یہ نسخہ کتابت کی غلطیوں کا مجموعہ بن کر رہ گیا ہے' یہ معلوم نہ ہو سکا کہ یہ قصور کے کس قلمی نسخے کی نقل ہے۔

اس خطی نسخے کا روٹوگراف کتب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور نمبر ۱۲۴ میں محفوظ ہے' جس پر جلد ساز نے غلطی سے اس کے مصنف کا نام عبد القادر لکھ دیا ہے۔

(۴) مولوی محمد فضل خان خویشگی قصوری مدظلہ نے آج سے پندرہ برس پیشتر لاہور کے کسی ذاتی کتب خانہ سے خود اپنے ہاتھ سے یہ نسخہ اپنے لیے نقل کیا تھا۔

(۵) خان بہادر ڈاکٹر مولوی محمد شفیع مرحوم نے اس کا ملخص اردو ترجمہ کیا تھا اور جا بجا اس پر حواشی بھی لکھے تھے۔ یہ تلخیص اولیائے قصور کے نام سے طبع ہو چکی ہے۔

---

۲۱ Ivanow. 273

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(٦) مولوی محمد فضل خان خویشگی، قصور کے پاس اس کا آج سے بیس برس پرانا اُردو ترجمہ موجود ہے جو انہوں نے کسی سے کروایا تھا۔

(٧) قصور کی خویشگی افغانان کی مجلس نے اخبار الاولیاء کے چوتھے باب (در بیان نسب افغانان) کی تخیص اپنی رُودادوں میں شائع کی تھی، ایک رُوداد میں اس کے ایک نسخہ مکتوبہ تیرھویں صدی ہجری کو مرتب رُوداد نے سال تصنیف لکھ دیا ہے۔

اس باب کا ایک قلمی نسخہ ہمارے ذخیرہ مخزونہ کتابخانہ دانشگاہ پنجاب، لاہور نمبر میں ہے۔

کتب خانہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال (کلکتہ) میں رسالہ افغانیہ کا صرف تیسرا ناقص الاخر دفتر ہے۔ ایوانوف کے قول کے مطابق یہ رسالہ بلحاظ محتویات اخبار الاولیاء سے بہت ملتا جلتا ہے۔[٢٢]

اخبار الاولیاء کا ایک خطی نسخہ کتابخانہ شعبۂ تاریخ، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ (شمارہ ١٧٦) میں ہے۔

## (٦) معارج الولایت

معارج الولایت عبدی کی مشہور ترین کتاب ہے، یہ ہندوستان کے قدیم اور عبدی کے معاصر مشائخ کا ایک مفصل تذکرہ ہے، یہ کتاب مخدوم زادہ شیخ محمد بن شیخ اجمیری بدایونی کی فرمائش پر تصنیف کی گئی، عبدی نے زیادہ تر چشتی شیوخ کے حالات مفصل لکھے ہیں، متقدمین بزرگوں کے حالات کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ

---

٢٢ Cat. A.S.B. Ms. No.1295. p.622.

٢٢ب دانشنامۂ زبان و ادب فارسی در شبہ قارہ جلد ٣ صفحہ ٢٦١

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سیر الاولیاء، سیر العارفین اور لطائف اشرفی میں اختصار کے ساتھ ان کے حالات درج تھے، میں نے ان کتابوں میں مندرج حالات کو قدرے تفصیل کے ساتھ لکھا ہے، مقدمہ کتاب میں ان اُمور کی وضاحت عبدی اس طرح کرتا ہے:

"امّا بعد مبگوئید بندہ ضعیف و کمینہ نحیف الراجی الی رحمۃ اللّٰہ القوی غلام معین الدین عبد اللّٰہ المقلب بالخلیفۃ الخریشگی الچشتی......از مدت مدید و عہد بعید در خاطر خطور میکرد در احوال و سیر خواجگان کتابی مولف نمودہ شود کہ جامع جمیع حالات و مستجمع اکثر واقعات بود و خلاصہ دو دمانِ اکابر و سلالۂ خاندان گنج شکر قدس اللّٰہ سرہ مؤید بتائیداتِ ربانی و موفق بتوفیقات رحمانی اعنی مخدوم زادہ شیخ محمد بن شیخ اجمیری بداؤنی بر تحریر این تالیف و تسویدار این تصنیف باعث و مقید بود......
درین اوراق چند احوال و مآثر این قوم چنانکہ صاحب سیر الاولیاء وسیر العارفین ولطائف اشرفی ونظایر آن بطریق اجمال نوشتہ آن را بتفصیل در معرض بیان در آرم و باسم معارج الولایت فی مدارج الہدایت یا معارج الاولیاء فی مدارج الاصفیاء یا مبشرات احوال الثقات

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

موسوم کنم"۔[۲۳]

عبدی نے درج بالا اقتباس میں اس کے تین نام بتائے ہیں لیکن خود عبدی نے اپنی دیگر تصانیف میں بنظرِ اختصار معارج الولایت ہی کے نام سے حوالے دیئے ہیں۔

## سال تصنیف (۱۰۹۶ھ)

خاتمہ میں وضاحت کی ہے کہ اس کی ترتیب میں تقریباً تیس سال صرف ہوئے اور تحصیل علوم سے فراغت کے فوراً بعد اس کے لیے مواد فراہم کرنا شروع کر دیا تھا جیسا کہ وضاحت کی جا چکی ہے، عبدی تیئس (۲۳) سال کی عمر میں ۱۰۶۶ھ کو فارغ التحصیل ہوا، خاتمہ ہی میں لکھتا ہے کہ معارج الولایت کی تکمیل چہار شنبہ ۲۴ رجب ۱۰۹۴ھ کو اورنگ آباد میں ہوئی، لکھتا ہے:

"ازین جہت این ضعیف قریب سی سال است کے بعد فراغ از تحصیل علوم ظاہر متابعۃ این طائفہ علّیہ وتبعیت فرقہ سنّیہ بحسب طاقت خویش میکرد و احوال و اعمال و اقوال ایشان از کتب متعددہ وملفوظات متنوعہ انتخاب می نمود ومی خواست کہ تذکرۂ جامع احوال و نسخۂ مستجمع اقوال مشائخ ہندوستان علی الخصوص خواجگان چشت اہل بہشت قدس اللّٰہ ارواحہم را تحریر نماید

۲۳ عبدی: معارج الولایت ورق اوّل

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

از تشتت خاطر و تفرقه باطن مدة مدید و عهد
بعید این مسودات روی مبیضات ندید درنیولا
که شمه ازان و تفرقه بانحطاط آوردند و بعضی
عزیزان بر تبییض آن تسوید باعث شدند، از
همه اشغال و بر تالیف او مقبل شده در تحریر
شروع کردم......در روز چهار شنبه بتاریخ
بیست و چهارم ماه رجب المرجب در سنه
الف و اربع و تسعین در بلدۂ اورنگ
آباد......باتمام رسید"۔[۲۴]

اس خاتمہ کی عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ معارج الولایت اورنگ آباد میں ۱۰۹۴ھ کو مکمل ہوئی لیکن اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عبدی اس سنہ کے بعد تک اس میں اضافہ کرتا رہا، اپنے برادر خرد عبدالستار شوریانی کا سالِ وفات شنبہ ۶ محرم ۱۰۹۶ھ درج کیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ کم از کم ۱۰۹۶ھ تک اس میں اضافہ ہوتا رہا۔

آخر الامر در شب شنبہ ششم ماہ محرم الحرام سنہ الف تسعین وست ہجری وفات یافت[۲۵]

---

[۲۴] ایضاً ورق ۶۵۵

[۲۵] ایضاً ورق ۴۷۹ مکمل اقتباس باب احوال عبدی میں ترجمۂ عبدالستار شوریانی کے تحت نقل کیا جاچکا ہے۔ معارج الولایت کے قلمی نسخۂ ذخیرۂ شیرانی کے خاتمہ میں اس کا سال تصنیف کاتب نے ۱۰۴۴ھ لکھ دیا ہے جو محض غلط ہے، اس نسخہ کے حاشیہ پر کسی قاری نے سرخ روشنی سے یہی سال لکھ کر قارئین کو غلط راہ پر ڈالا ہے، بعض اہل علم حضرات نے بغیر تحقیق کے ۱۰۴۴ھ ہی سال تصنیف لکھ دیا ہے حالانکہ ۱۰۴۴ھ میں تو عبدی صرف ایک سال کا تھا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## فہرست مشائخ مشمولہ معارج الولایت

معارج الولایت حسب ذیل تقریباً چار سو چھپن (۴۵۶) پاکستان و ہند کے مشائخ کے حالات پر مشتمل ہے (اسماء گرامی مشائخ کے بعد اوراق کے نمبر معارج الولایت کے خطی نسخۂ ذخیرۂ آذر کے مطابق ہیں)۔

### رکن اوّل: پنج پیر

| | | | |
|---|---|---|---|
| خواجہ اجمیر | ۲ | خواجہ بختیار کاکی | ۱۲ |
| خواجہ فرید الدین اجودھنی | ۲۱ | خواجہ نظام الدین بداونی | ۳۶ |
| خواجہ نصیر الدین محمود اودھی | ۴۸ب | | |

### رکن دوم: خلفاء و اولاد خواجہ اجمیر

| | | | |
|---|---|---|---|
| شیخ حمید الدین صوفی | ۵۶ | شیخ محمد ترک نارنولی | ۶۶ب |
| اوحد الدین کرمانی | ۶۷ | علی سجزی | ۶۷ |
| یادگار سبزواری | ۶۷ | عبداللہ بیابانی | ۶۹ |
| شیخ فخر الدین | ۷۱ب | شیخ حسام الدین | ۷۱ب |
| شیخ حسام الدین سوختہ | ۷۱ب | خواجہ معین الدین خرد | ۷۲ |
| شیخ بایزید | ۷۲ | | |

### رکن سوم: خلفاء و اولاد خواجہ قطب الدین

| | | | |
|---|---|---|---|
| قاضی حمید الدین ناگوری | ۷۳ | جلال الدین ابوالقاسم تبریزی | ۷۹ب |
| بدر الدین غزنوی | ۸۲ب | شاہ خضر قلندر | ۸۴ |
| سلطان شمس الدین التمتش | ۸۵ | نظام الدین ابوالمؤید | ۸۶ |
| تاج دین منوراوشی | ۸۷ | شیخ شاہی موی تاب | ۸۷ |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| شیخ احمد نہروالی | ۸۸ | عین الدین قصاب | ۸۸(أب) |
| سید نورالدین مبارک غزنوی | ۸۹ | مولانا مجدالدین حاجی | ۸۹ب |
| برہان الدین محمود | ۹۰ | شیخ احمد نماجی | ۹۰ب |
| شیخ شرف الدین بوعلی قلندر | ۹۰ب | مولانا خضر معین | ۹۴ |
| شیخ ترک بیابانی | ۹۵ب | خواجہ پست | ۹۵ب |
| شیخ صوفی بدھنی | ۹۵ب | | |


رکن چہارم: خلفاء واولاد حضرت گنج شکرؒ


| | | | |
|---|---|---|---|
| نجیب الدین متوکل | ۹۶ | جمال الدین احمد خطیب | ۹۸ب |
| بدرالدین اسحاق | ۹۹ب | برہان الدین صوفی | ۱۰۰ب |
| عارف سیوستانی | ۱۰۱ب | محمد شہ غوری | ۱۰۱ب |
| مولانا محمد مولتانی | ۱۰۱ب | مولانا علی بہاری | ۱۰۱ب |
| محمد نیشاپوری | ۱۰۲ | مولانا حمیدالدین | ۱۰۲ |
| شیخ داؤد پالہی | ۱۰۲ب | شیخ یوسف | ۱۰۲ب |
| سید محمد بن محمود کرمانی | ۱۰۳(أب) | منتخب الدین | ۱۰۳ |
| علی صابر (مرید گنج شکرؒ) | ۱۰۵ | علاءالدین علی صابر (داماد گنج شکرؒ) | ۱۰۴ |
| مولانا تقی الدین | ۱۰۶ | علی لاحق سیالکوٹی | ۱۰۵ |
| شہاب الدین | ۱۰۶ | خواجہ نصیرالدین | ۱۰۶ |
| نظام الدین | ۱۰۷ | بدرالدین سلیمان | ۱۰۶ب |
| شیخ الاسلام | ۱۱۱ب | خواجہ یعقوب | ۱۰۷(أب) |
| علاءالدین | ۱۱۸ | زین الدین چشتی | ۱۱۱ب |
| عزیزالدین صوفی | ۱۱۸ب | خواجہ محمد | ۱۱۸ب |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| شیخ بہکاری | ۱۱۹ | شیخ یوسف معروف بہ شاہ جوسی | ۱۱۹ |
| جنید حصاری | ۱۱۶ | علاء الدین | ۱۱۵ |
| حاجی نعمت اللہ اجودھنی | ۱۱۶ | کمال الدین مالوی | ۱۱۶ |

رکن پنجم: خلفاء خواجہ نظام الدین

| | | | |
|---|---|---|---|
| سراج الدین عثمانی (اخی سراج) | ۱۱۶ اب | قطب الدین منور | ۱۱۷ |
| حسام الدین ملتانی | ۱۱۹ | جمال الدین نصر شخانی | ۱۲۰ |
| فخر الدین زرّادی | ۱۲۱ اب | ابوبکر مندوی | ۱۲۲ |
| فخر الدین مروزی | ۱۲۲ (اب) | مولانا علم الدین نیلی | ۱۲۳ |
| برہان الدین غریب | ۱۲۳ (اب) | وجیہ الدین یوسف | ۱۲۵ ب |
| شہاب الدین امام | ۱۲۶ اب | شیخ محمد | ۱۲۷ |
| قاضی محی الدین کاشانی | ۱۲۷ | وجیہ الدین پائلی | ۱۲۷ اب |
| فصیح الدین | ۱۲۸ | شمس الدین یحیٰ | ۱۲۸ (اب) |
| جمال الدین | ۱۳۰ | جلال الدین اودھی | ۱۳۰ |
| کریم الدین سمرقندی | ۱۳۰ | قاضی شرف الدین | ۱۳۰ ب |
| کمال الدین یعقوب | ۱۳۱ | بہاء الدین اودھی | ۱۳۱ |
| شیخ مبارک | ۱۳۱ | مؤید الدین | ۱۳۱ |
| ضیاء الدین برنی | ۱۳۱ اب | تاج الدین دادری | ۱۳۳ |
| خواجہ موید الدین انصاری | ۱۳۳ اب | خواجہ شمس الدین | ۱۳۳ اب |
| نظام الدین شیرازی | ۱۳۳ اب | خواجہ سالار | ۱۳۴ |
| فخر الدین میرٹھی | ۱۳۴ | علاء الدین پتنی | ۱۳۴ |

شہاب الدین کنتوری


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| رکن الدین چغمر | ۱۳۴ | حجۃ الدین ملتانی | ۱۳۴ |
| احمد بداونی | ۱۳۴ب | عبدالرحمٰن سانگپوری | ۱۳۴ |
| نجم الدین مجوب | ۱۳۴ب | لطیف الدین کہند سالی | ۱۳۴ب |
| یوسف بداونی | ۱۳۴ب | شمس الدین دھاری | ۱۳۴ب |
| قاضی شاہ پالمی | ۱۳۴ب | سراج الدین حافظ | ۱۳۴ب |
| برہان الدین ساوی | ۱۳۵ | قوام الدین اودھی | ۱۳۵ |
| نظام الدین مولیٰ | ۱۳۵ | جمال الدین اودھی | ۱۳۵ |
| قوام الدین قدوائی | ۱۳۵ب | قاضی عبدالکریم قدوائی | ۱۳۵ب |
| نقی الدین نوح | ۱۳۶ | علی جاندار | ۱۳۵ب |
| سید یوسف حسینی (دہلوی) | ۱۳۶ | سید محمد کرمانی | ۱۳۶ |
| امیر خسرو | ۱۳۷ب | حمید شاعر قلندر | ۱۳۷ |
| قاضی فخر الدین بجلوی | ۱۴۳ | امیر حسن علا سجزی دہلوی | ۱۴۲ب |

رکن ششم:

| | | | |
|---|---|---|---|
| میر سید محمد گیسودراز | ۱۴۵ | میر سید محمد بن جعفر مکی | ۱۷۳ب |
| ملک زادہ احمد | ۱۷۸ | معین الدین عمرانی | ۱۷۸ |
| شیخ یوسف | ۱۷۸ب | محمد مجیر ادیب | ۱۸۹ |
| میر سید علاء الدین | ۱۸۰ب | میر سید علاء الدین | ۱۸۰ب |
| قاضی محمد ساوی | ۱۸۰ب | سلیمان نارنولی | ۱۸۱ |
| محمد متوکل کنتوری | ۱۸۱ | سعد اللہ کیسہ دراز کنتوری | ۱۸۲ |
| عین الدین قتال | ۱۸۳ | شیخ دانیال | ۱۸۳ب |
| قوام الدین | ۱۸۴ | میر سید علاء الدین کنتوری | ۱۸۴ب |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| قاضی عبدالمقتدر | ۱۸۵ب | مولانا خواجگی | ۱۸۶ |
| مولانا احمد تھانیسری | ۱۸۶ب | زین الدین | ۱۸۷ |
| صدرالدین حکیم | ۱۸۷ب | | |

رکن ہفتم: احوال خواجگان چشت

| | | | |
|---|---|---|---|
| شمس الدین ترک | ۱۹۳ب | جلال الدین پانی پتی | ۱۹۴ب |
| احمد عبدالحق ردولوی | ۱۹۵ | علاء الحق والدین بنگالی | ۱۹۹ب |
| میر سید اشرف جہانگیر سمنانی | ۲۰۱ | مخدوم فتح اللہ اودھی | ۲۱۰ |
| مخدوم ابوالفتح جونپوری | ۲۱۰ب | مخدوم حسام الدین فتح پوری | ۲۱۱ب |
| اختیارالدین | ۲۱۳ب | یوسف بدہ ایرچی | ۲۱۴ |
| علاء الدین قریشی | ۲۱۴ب | شیخ سارنگ | ۲۱۴ب |
| شیخ عبدالعزیز | ۲۱۵ب | فریدالدین | ۲۱۵ب |
| ضیاء الدین نخشبی | ۲۱۶ | رکن الدین دہلوی | ۲۳۷ |
| مسعود بک | ۲۳۷ب | سید تاج الدین شیر سوار | ۲۴۵ب |
| شیخ مینا | ۲۴۶ | زین الدین داؤد شیرازی | ۲۴۶ب |
| فریدالدین | ۲۴۸ | جمال الدین کاشانی | ۲۴۸ |
| رکن الدین حماد کاشانی | ۲۴۸ | صلاح الدین درویش | ۲۵۶ |
| درویش | ۲۵۶ | شیخ رمضان | ۲۵۶ |
| نورالدین بنگالی | ۲۵۶ | رفعت الدین | ۲۶۵ب |
| شیخ انور | ۲۶۵ب | نورالدین | ۲۶۶ |
| سید یداللہ | ۲۶۶ | شیخ پیارہ | ۲۶۶ |
| شاہ جلال گجراتی | ۲۶۶ | ابوالفتح علاء القریشی | ۲۶۶ |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| محمد ملاوہ | ۲۸۰ب | شیخ کبیر | ۲۸۱ |
| خواجہ حسین ناگوری | ۲۸۱ب | مولانا جلال الدین | ۲۸۲ب |
| شمس الدین طاہر | ۲۸۲ب | مخدوم حسام الدین مانکپوری | ۲۸۳ |
| مولانا خواجہ | ۲۸۹ | کمال الدین | ۲۸۹ب |
| محمد عیسیٰ جونپوری | ۲۸۹ب | قاضی شہاب الدین دولت آبادی | ۲۹۰ |
| شاہ میاں جیو | ۲۹۱ | شیخ سعد اللہ | ۲۹۱ |
| رزق اللہ | ۲۹۱ | احمد مجد شیبانی | ۲۹۱ب |
| حمزہ قریشی | ۲۹۳ب | شیخ بختیار | ۲۹۴ب |
| داؤد ہرپوری | ۲۹۵ | شاہ نور | ۲۹۵ب |
| شیخ سعد الدین خیرآبادی | ۲۹۵ | شیخ حقی | ۲۹۵ |
| شیخ مبارک | ۲۹۶ | اللہ دیہ خیرآبادی | ۲۹۶ |
| شاہ سدو مرید شیخ حسام الدین | ۲۹۶ | راجی سید حامد شاہ | ۲۹۶ب |
| راجی سید نور | ۲۹۶ب | حسن طاہر | ۲۹۶ب |
| مولانا الہداد | ۲۹۸ | شیخ معروف جونپوری | ۲۹۸ب |
| بہاء الدین جونپوری | ۲۹۸ب | شیخ عبدالقدوس | ۲۹۹ |
| شیخ بہورو | ۳۰۰ | شیخ عبدالغفور | ۳۰۰ |
| رکن الدین | ۳۰۰ب | اختیار الدین مروانی | ۳۰۱ب |
| سعید خان میانہ | ۳۰۱ | سید علی بن قوام | ۳۰۱ب |
| ادھن جونپوری | ۳۰۲ | میاں قاضی خان ظفرآبادی | ۳۰۲ب |
| شیخ محمد حسن | ۳۰۲ب | عبدالرزاق جھنجھانہ | ۳۰۴ |
| سید ابراہیم ایرجی | ۳۰۶ب | عزیز اللہ متوکل | ۳۰۷ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| شیخ برہان کابلی | ۳۰۷ | جلال الدین کاسی | ۳۰۷ |
| فتح اللہ ترین نیلی | ۳۰۸ب | شیخ ولی | ۳۰۹ |
| سید جیو | ۳۰۹ب | شیخ پیارہ | ۳۱۰ |
| شیخ طاہا | ۳۱۰ب | سید مزمل | ۳۱۱ |
| شاہ نعمان | ۳۱۱ب | امان پانی پتی | ۳۱۲ |
| سلطان جلال الدین قریشی | ۳۱۷ب | میر سید عبدالاول | ۳۱۸ب |
| علی بن حسام الدین متقی | ۳۲۱ھ | محمد طاہر | ۳۲۶ |
| عبدالعزیز حسن طاہر | ۳۲۷ب | نظام الدین انبٹھوی | ۳۲۸ |
| جلال الدین تھانیسری کابلی | ۳۲۸ب | نظام الدین تھانیسری عمری | ۳۳۲ب |
| سید علی غواص ترمذی | ۳۳۹ | شیخ دانیال | ۳۳۹ب |
| سید محمد مہدی | ۳۳۹ب | ملک محمد جائسی | ۳۴۱ |
| میاں مہتہ | ۳۴۴ب | شاہ کدن | ۳۴۴ب |
| تقی حابک | ۳۴۴ب | کبیر جولاہا | ۳۴۵ |
| محمد صادق گنگوھی | ۳۴۷ | عبدالجلیل لکھنوی | ۳۴۷ب |
| محمد اودھی | ۳۵۲ | عبداللہ انصاری سلطان پوری | ۳۵۶ب |
| عبداللہ نیازی سرہندی | ۳۶۰ | فضل اللہ برہانپوری | ۳۶۲ب |
| عبدالغفور برہانپوری | ۳۶۶ | احمد شوریانی | ۳۶۹ب |
| حاجی گگن شوریانی | ۳۷۴ب | اخوند سعید | ۳۷۵ب |
| پیر رحمت شوریانی | ۳۷۶ | شیخ بہوکی عزیز زئی | ۳۷۷ |
| بایزید بتک زئی | ۳۷۷ | شیر خان اچوزئی | ۳۷۷ب |
| صدر الدین وتوزئی | ۳۷۸ | پائندہ اچوزئی | ۳۷۸ب |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| الہداد وتوزئی | ۳۷۸ب | اویس وتوزئی | ۳۷۹ |
| ملا درویزہ پشاوری | ۳۷۹ | عبدالکریم پسر مولانا درویزہ | ۳۸۱ |
| عبدالرشید جونپوری | ۳۸۳ب | میر سید محمد کالپوی | ۳۸۸ب |
| میر سید احمد گیسودراز کالپوی | ۴۰۷ | علاالدین ترهتی | ۴۲۲ب |
| پیر محمد لکھنوی | ۴۲۲ب | شاہ دولہ دریائی | ۴۳۱ |
| | | شیخ جنید موہانی سندیلی | ۴۳۲ |
| محب اللہ الہ آبادی | ۴۳۲ | خواجہ شمس الدین | ۴۷۳ب |
| برہان الدین بیجاپوری | | | |
| شیخ لاڈلا انصاری | ۴۷۳ | سلیم خان خویشگی | ۴۷۳ب |
| بایزید وتوزئی | ۴۷۴ | عبدالخالق خویشگی | ۴۷۴ |
| عبدالواحد بلگرامی | ۴۷۴ب | یحییٰ گجراتی | ۴۷۶ |
| پنجو پشاوری | ۴۷۶ | پیر محمد سلونی | ۴۷۶ب |
| سید سلطان بہڑائچی | ۴۷۷ | بابو شیر سوار | ۴۷۷ |
| کمال الدین چشتی قصوری | ۴۷۷ | ابو محمد فتحی | ۴۷۷ب |
| محمد وتوزئی | ۴۷۷ب | حبیب جنیری | ۴۷۷ب |
| عبدالکریم شوریانی | ۴۷۸ب | صوفی یوسف حارثی | ۴۷۹ |
| عبدالستار شوریانی برادر محمد عبدی | ۴۷۹ | | |


رکن ہشتم: سہروردیہ


| | | | |
|---|---|---|---|
| شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی | ۴۸۰ | صدرالدین عارف | ۴۸۳ب |
| جلال بخاری سید | ۴۸۵ب | عراقی فخرالدین | ۴۸۶ |
| صدرالدین | ۴۸۷ | کمال الدین مسعود سروانی | ۴۹۰ب |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| عبدالقدوس قلندر | ۴۹۱ | جمال خندان | ۴۹۱ب |
| صدرالدین سیستانی | ۴۹۲ | احمد معشوق | ۴۹۲ |
| علاء الدین بن صدرالدین عارف | ۴۹۳ | رکن الدین ابوالفتح | ۴۹۳ |
| عثمان سیاح | ۴۹۶ | حاجی چراغ ہند | ۴۹۸ |
| شیخ سخائی | ۴۹۸ | زید سجستانی لاہوری | ۴۹۸ب |
| نجم الدین سیستانی | ۴۹۹ | کمال الدین رضی | ۴۹۹ |
| مخدوم جہانیاں | ۴۹۹ب | امیر ماہ بن نظام الدین | ۵۰۴ |
| مخدوم اخی راجگری | ۵۰۵ | سید صدرالدین راجو قتال | ۵۰۵ |
| مخدوم سید علم الدین | ۵۰۶ب | میر سید برہان الدین | ۵۰۸ |
| شاہ عالم | ۵۰۸ب | ضیاء الدین رومی | ۵۱۳ب |
| صلاح الدین درویش ملتانی | ۵۱۳ب | ضیاء الدین رومی | ۵۱۳ب |
| | | صلاح الدین ملتانی | ۵۱۴الف |
| حسن افغان | ۵۱۴ب | صلاح الدین درویش | ۵۱۴ |
| نجم الدین گجراتی | ۵۱۵ب | داؤد ملک | ۵۱۵ |
| سماء الدین دہلوی | ۵۱۶ | قاضی محمود گجراتی | ۵۱۶ |
| عبداللہ قریشی | ۵۱۷ | عبداللہ بیابانی | ۵۱۷ |
| ادھن دہلوی | ۵۱۸ | حاجی عبدالوہاب بخاری | ۵۱۷ |
| بہاء الدین مفتی آگرہ | ۵۱۸ب | جمال دہلوی | ۵۱۸ |
| شاہ حسین ڈھڈہ لاہوری | ۵۱۹ | سراج الدین سوختہ | ۵۱۸ب |
| | | شاہ ارزانی | ۵۱۹ب |

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## رکن نہم: سلاسل متفرق


| | | | |
|---|---|---|---|
| سالار مسعود غازی | ۵۲۰ | سید حسین خنگ سوار | ۵۲۴ |
| شاہ گردیز ملتانی | ۵۲۴ب | خواجہ کرک | ۵۲۵ |
| شرف الدین یحییٰ منیری | ۵۲۵ب | مظفر بلخی | ۵۲۷ب |
| حسین مظفر بلخی | ۵۲۸ | رضی الدین منصور | ۵۲۸ب |
| سلطان سرور | ۵۲۸ب | کمال الدین زاہد | ۵۲۹ |
| بدرالدین سمرقندی | ۵۲۹ب | رکن الدین فردوسی | ۵۲۹ب |
| نجیب الدین فردوسی | ۵۲۹ب | بابا اسحاق مغربی | ۵۳۰ |
| نورالدین ملکیار پران | ۵۳۱ب | شرف الدین کرمانی | ۵۳۲ |
| ابوبکر طوسی حیدری | ۵۳۲ | علی کرد | ۵۳۲ |
| نور ترک | ۵۳۲ب | مخلص الدین | ۵۳۴ب |
| تقی الدین | ۵۳۳ | برہان الدین نسفی | ۵۳۳ب |
| علاء الدین اصولی بداونی | ۵۳۳ب | قاضی جمال الدین ملتانی بداونی | ۵۳۴ |
| شہاب الدین خطیب ہانسوی | ۵۳۴ | احمد بداونی | ۵۳۴ب |
| منہاج الدین جوزجانی | ۵۳۴ب | احمد حافظ | ۵۳۴ب |
| ضیاء الدین سنامی | ۵۳۵ | ابوبکر موی تاب | ۵۳۵ب |
| شہاب الدین جھگو | ۵۳۵ب | سراج الدین ملتانی | ۵۳۵ب |
| شیخ احمد کہتو | ۵۳۶ | عبداللہ شطاری | ۵۳۸ |
| جمال گوجرہ | ۵۳۹ب | شیخ بھیکھہ | ۵۳۹ |
| علی کشمیری | ۵۴۰ | وتو شوریانی معروف پیر کبار | ۵۴۰ب |
| شیخ بتک | ۵۴۱ب | بدرالدین دلموٗ | ۵۴۲ |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| میر سید معین الدین بیانہ | ۵۴۲ | امام الدین ابدال | ۵۴۲ب |
| شہاب الدین عاشق | ۵۴۲ب | عمادالدین دہلوی | ۵۴۲ |
| تاج الدین امام | ۵۴۲ب | لعل شہباز سیوستانی | ۵۴۲ب |
| پیر پٹھہ | ۵۴۲ب | بدیع الدین مدار | ۵۴۳ |
| علی پیر | ۵۴۴ب | مولانا شیخین | ۵۴۶ب |
| قاضی نصیر الدین گنبذی | ۵۴۷ | بہاء الدین جنیدی | ۵۴۷ |
| بڈھن شطاری | ۵۴۸ | مخدوم الدین نارنولی | ۵۴۸ |
| علم الدین حاجی | ۵۴۸ب | محمد اچی | ۵۴۸ب |
| عبدالقادر اُچی | ۵۴۹ب | عبدالرزاق اوچی | ۵۴۹ب |
| مخدوم حامد اُچی | ۵۴۹ب | شیخ موسیٰ | ۵۴۹ب |
| داؤد شیر گڈھی | ۵۴۹ب | میر سید اسماعیل | ۵۵۰ |
| شاہ قمیص | ۵۵۰ | کبیر الدین حسن | ۵۵۰ب |
| حسام الدین متقی ملتانی | ۵۵۰ب | سلیمان مندوی | ۵۵۰ب |
| احمد شرعی | ۵۵۱ | شاہ احمد شرعی چندیری | ۵۵۱ |
| یوسف قتال | ۵۵۱ب | مولانا شعیب | ۵۵۱ب |
| سید حسینی | ۵۵۲ | یوسف چڑیاکوری | ۵۵۲ |
| سید علاء الدین اودھی | ۵۵۲ | محمد مودود لاری | ۵۵۲ب |
| رفیع الدین صفوی | ۵۵۲ب | حاجی حمید | ۵۵۳ |
| شاہ محمد غوث گوالیاری | ۵۵۳ | شیخ پھول | ۵۵۳ب |
| وجیہ الدین علوی گجراتی | ۵۵۳ب | عیسیٰ سندھی | ۵۵۳ب |
| صبغۃ اللہ گجراتی | ۵۶۵ | برہان الدین برہان پوری | ۵۶۵ب |
| مخدوم جیو قادری | ۵۶۸ب | میاں غیاث | ۵۶۸ب |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| شیخ عبداللہ | ۵۶۸ب | جلال الدین قریشی | ۵۶۸ب |
| اسحاق ملتانی | ۵۶۹ | عبدالحق دہلوی | ۵۶۹ |
| احمد کابلی سرہندی (مجدد الف ثانی) | ۵۸۶ب | چوہڑ مفتی سرہندی | ۶۰۴ |
| احمد قشاشی مدنی | ۶۰۵ب | عبداللطیف برہانپوری | ۶۴۶ |

رکن دہم: بعض مجاذیب ونساء عارفات

| | | | |
|---|---|---|---|
| شاہ ابوالغیث بخاری | ۶۴۶ب | میاں معروف | ۶۴۷ |
| علاء الدین مجذوب | ۶۸۷ | مسعود نخاسی | ۶۴۷ |
| حسن مجذوب | ۶۴۷ب | حسن بودلہ | ۶۴۷ب |
| عبداللہ ابدالی دہلوی | ۶۴۷ب | میاں مونگر | ۶۴۸ |
| بابا کپور | ۶۴۸ | بابن مجذوب | ۶۴۸ |
| میاں سرنگاہانوی | ۶۴۸ب | الہداین مجذوب | ۶۴۹ |
| شاہ منصور | ۶۴۹ | یوسف لاہوری | ۶۴۹ |
| سوبھن | ۶۴۹ب | شاہ مرتضیٰ | ۶۴۹ب |
| شاہ وفا | ۶۵۰ | شاہ فیروز | ۶۵۰ |
| شاہ مظفر | ۶۵۰ب | شاہ مداری | ۶۵۰ب |
| بابا خویشگی قصوری | ۶۵۰ب | درویش محمد قصوری | ۶۵۱ |
| بی بی سابرہ | ۶۵۱ | بی بی فاطمہ سام | ۶۵۲ب |
| بی بی زلفی | ۶۵۲ب | بی بی زلیخا | ۶۵۲ب |
| بی بی اولیاء | ۶۵۲ب | بی بی مہ کلی قصوری | ۶۵۲ب |
| بی بی راستی | ۶۵۳ | بی بی درہ قصوری | ۶۵۳ |
| بی بی درخانی | ۶۵۳ | خاتمہ در نصیحت | ۶۵۳ب |


Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## معارج الولایت کے مآخذ

معارج الولایت کے مآخذ کی فہرست بہت طویل ہے' چند نادر کتب کی فہرست یہاں درج کی جاتی ہے:

(۱) مفتاح الطالبین در بیان مناقب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وذکر حوض شمسی وسلطان شمس الدین ۹۴

(۲) انوار المجالس ملفوظات شیخ الاسلام نظام الدین اولیاء جامع خواجہ محمد بن بدرالدین اسحاق ۱۱۸ب

(۳) تحفۃ الابرار وکرامۃ الاخیار ملفوظات شیخ الاسلام جامع خواجہ عزیز الدین صوفی ۱۱۸ب

(۴) رسائل شیخ جنید حصاری ۱۱۶

(۵) بحر المعانی ۱۱۷ب ۱۱۹

(۶) نفائس الانفاس در کلمات شیخ الاسلام ۱۲۴

(۷) ثناء محمدی' صلوٰت کبیر' عنایت نامہ الٰہی' مآثر سادات' تاریخ فیروز شاہی از تصانیف ضیاء الدین برنی ۱۳۴

(۸) ملفوظات شیخ الاسلام جامع خواجہ شمس الدین رہاری ۱۳۴

(۹) خلاصۃ اللطائف از مولانا علی جاندار مرید شیخ الاسلام

(۱۰) دیوان راجا منسوب بہ سید یوسف حسینی دہلوی معروف بہ راجو قتال ۱۳۶

(۱۱) ملفوظات شیخ سعد اللہ کیسہ ۱۴۴

(۱۲) ملفوظات شیخ مینا ۱۴۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۱۳) تصانیف شیخ محمد گیسودراز

(۱۴) بحر المعانی' رسالہ در بیان روح' پنج نکات' بحر الانساب (در انساب اہل بیت و نسب آباء خود) دقائق المعانی از تصانیف میر سید محمد بن جعفر مکی حسینی ۱۷۸-۱۷۴

(۱۵) حواشی کنز' حسامی' مفتاح از تصانیف مولانا معین الدین عمرانی ۱۷۸

(۱۶) تحفۃ النصائح از شیخ یوسف ۱۷۸

(۱۷) مناقب الصدیقین ۱۸۶

(۱۸) آداب السالکین ۲۱۰

(۱۹) تاریخ محمدی ۲۱۴

(۲۰) ترجمہ منہاج العابدین از شیخ بدہ ایرچی ۲۱۴

(۲۱) سرور الصدور ملفوظات شیخ حمید الدین ناگوری جامع شیخ فرید الدین ۲۱۵ ب

(۲۲) شمائل الابصار ۲۴۹

(۲۳) شمائل الاتقیاء (انتخاب کتب سلوک) نفائس الانفاس ملفوظات شیخ الاسلام مخاطب بہ غریب' رسالہ سلوک' حصول الوصول' اسرار الطریقہ' احسن الاقوال ملفوظات شیخ خود از تصانیف رکن الدین حماد کاشانی ۲۴۹

(۲۴) مونس الفقراء رسالۂ ذکر' حین العاشقین مکتوبات خود از تصانیف نور قطب العالم ۲۵۶

(۲۵) تکمیل درنحو' رسالہ ملتمس الاخوان' رسالہ مقامات السالکنہ از تصانیف ابو الفتح علاء الدین قرشی ۲۸۰-۲۴۷

(۲۶) کتاب دھن شرح ضوء مصباح شیخ کبیر از اولاد فرید الدین بن عبد العزیز بن سلطان التارکین ۲۸۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۲۷) نورالنبی، تفسیر القرآن، حل تراکیب و بیان معانی و تسہیل بیان فرمودہ و برقسم ثالث مفتاح نیز شرحی نوشتہ و بر سوانح احمد غزالی نیز شرحی دارد و رسائل ومکتوبات دیگر از تصانیف شیخ حسین ناگوری ۲۸۲

(۲۸) انیس العاشقین، اوراد از حسام الدین مانکپوری ۲۸۳

(۲۹) شرح مصباح و کافیہ وحسامی و بزدوی وشرح رسالہ مکیہ مسمّٰی بہ جمع السلوک درملفوظات وحالات شیخ مینا از تصانیف سعد الدین خیرآبادی ۲۹۵ ب

(۳۰) غایۃ التحقیق شرح کافیہ مشہور بہ شرح صفی شارح صفی الدین مرید سعد الدین مذکور ۲۹۶

(۳۱) مفتاح الفیض ورسائل سلوک از حسن طاہر م ۹۰۹ھ ۲۹۶ ب

(۳۲) کاسر المخالفین دررد حضرت مجدد الف ثانی واولاد و امجاز آنحضرت

(۳۳) مفتاح الوصول از خواجہ خانو گوالیری ۳۰۰ ب

(۳۴) مکتوبات شاہ عبدالرزاق جھنجھانہ ۳۰۴

(۳۵) شرح لوائح از شیخ امان پانی پتی ۳۱۴

(۳۶) ملفوظات سلطان جلال الدین قریشی ۳۱۷ ب

(۳۷) تفسیر نظامی، شرح سوانح لامام احمد غزالی، شرح لمعات قدیم وجدید، رسالہ حنفیہ رسالہ بلخیہ از نظام الدین تھانیسری ۳۳۴

(۳۹) ہدایۃ المہدیین ۳۳۹

(۴۰) سورتھ از ملک محمد جائسی ۳۴۱

(۴۱) رموزات، اسراریہ از عبدالجلیل لکھنوی ۳۴۷

(۴۲) عقد الانبیاء، کشف الغمہ، منہاج الدین، از مولانا عبداللہ سلطان پوری ۳۵۷

(۴۳) نوادر المعانی، صراط المستقیم از عبداللہ نیازی ۳۶۰

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۴۴) وسعۃ الشفاعت، تحفۂ مرسلۂ شرح تحفۂ مرسلہ از محمد فضل اللہ برہانپوری ۳۶۲ب

(۴۵) مسلک اعلیٰ (عربی) شرح فارسی تحفہ مرسلہ و شیخ محمد فضل اللہ را شرح عربی است مگر این قدر کہ در آخر اوست بفارسی واقع شدہ از تصانیف عبدالغفور برہانپوری ۳۶۶

(۴۶) مخزن الاسلام لمولانا اخوند درویزہ پشاوری ۳۷۹

(۴۷) جوامع الکلم یعنی شرح اسماء حسنیٰ از میر سید احمد گیسودراز کالپوی ۳۰۷

(۴۸) سراج حکمت، شرح ہدایہ حکمت، فتاویٰ درفقہ، اربع منازل سلوک از پیر محمد لکھنوی ۴۲۲

(۴۹) مکتوبات، مناظر (انتخاب از کتب شیخ محی الدین ابن عربی) رسالہ در اجوبہ واسولہ داراشکوہ از شیخ محب اللہ الہ آبادی ۴۳۳ب

(۵۰) شرح منظوم برطبق درمسائل فقہ جنید موہانی شرح نزہۃ الارواح، سبع سنابل، شرح کافیہ از سید عبدالواحد بلگرامی ۴۷۴ب

(۵۲) ملفوظات شیخ صدرالدین عارف جامع ضیاء الدین ۴۸۴ب

(۵۳) لمعات عراقی ۴۸۷

(۵۴) شرح لمعات از خواجہ خاوری ۴۸۷

(۵۵) نزہۃ الارواح، طرب المجالس، زاد المسافرین، کنز الرموز، ؟؟؟ نامہ، دیوان، سوالات از سید صدرالدین حسینی ۴۸۸

(۵۶) فوائد الفواد ۴۹۲ب

(۵۷) انیس الارواح ۴۹۲ب

(۵۸) مجمع الاخیار ۴۹۵ب

(۵۹) فتاویٰ صوفیہ جامع یکے از مریدینِ شیخ رکن الدین ابوالفتح ۴۹۵ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۶۰) سراج الہدایۃ‘ جامع العلوم از مخدوم جہانیاں بخاری ۵۰۱ ب

(۶۱) حواشی بر لمعات عراقی‘ مفتاح الاسرار از سماء الدین دہلوی ۵۱۶ ب

(۶۲) تفسیر حاجی عبد الوہاب (عربی) ۵۱۸

(۶۳) مراۃ سکندری ۵۲۵ ب

(۶۴) تاریخ نظامی (طبقات اکبری) ۵۲۵

(۶۵) مناقب الاصفیاء از شاہ شعیب ۵۲۶

(۶۶) تحفۃ المجالس ۵۳۰

(۶۷) مکتوبات معدن المعانی‘ ارشاد السالکین در اثبات وحدت‘ شرح آداب المریدین از شرف الدین یحیٰ منیری ۵۲۷

(۶۸) نصاب الاحتساب از ضیاء الدین سنامی ۵۳۵

(۶۹) رسالہ شطاریہ از عبد اللہ شطاری ۵۳۸

(۷۰) زوارف شرح عوارف‘ ادلۃ التوحید از شیخ علی پیر گجراتی ۵۴۵

(۷۱) شرح گلشن راز از شاہ شرعی ۵۵۱

(۷۲) روضۃ الحسین‘ عین المعانی در شرح اسماء الحسنیٰ‘ رسالہ سلوک از عیسیٰ سندھی ۵۵۴

(۷۳) وصیت نامہ‘ شرح آمنت باللہ از شاہ برہان ۵۶۶

(۷۴) ثمرات الحیات‘ روائح الانفاس ہر دو ملفوظات شاہ برہان ۵۶۶

## معارج الولایت میں منقولہ کتب کے متون

عبدی نے معارج الولایت میں بے شمار کتب کے متون نقل کر دیے ہیں‘ بعض ضخیم کتابوں کی تلخیص کی گئی ہے‘ اس طرح آج وہ کتابیں جو بالکل مفقود ہیں‘ معارج الولایت کی بدولت ان کے متن محفوظ رہ گئے ہیں‘ حسب ذیل تصانیف کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

متون معارج الولایت میں ملخص یا مکمل طور پر مندرج ہیں۔

(۱) سید محمد گیسو درازؒ کی بعض تصانیف کی تلخیص درج کی ہے، جواب شائع ہو چکی ہے۔ ۱۴۵ تا ۱۷۳

(۲) مفتاح الطالبین از محمد مجیر وجیہ ادیب ۱۷۹۔۱۸۰

(۳) صحائف از صدر الدین حکیم

(۴) مکتوباتِ حسام الدین فتح پوری میں سے ایک مکتوب بنام اخی جمشید نقل کیا ہے۔ ۲۱۲۔۲۱۳

(۵) ہدایۃ القلوب یعنی ملفوظات زین الدین داؤد شیرازی جامع میر سید حسین ۲۴۶

(۶) رموز الواہبین (تفسیر) ۲۴۹۔۲۵۶

(۷) انیس الغرباء ۲۵۶۔۲۶۵

(۸) مکتوبات عین العاشقین ۲۵۷ب ۲۶۵ب

(۹) مشاہدات (مقامات السکنہ) از ابوالفتح علاء القرشی ۲۴۷۔۲۸۰

(۱۰) رفیق العارفین ملفوظات حسام الدین مانکپوری ۲۸۳۔۲۸۹

(۱۱) رسالہ اثبات الواحدیہ از شیخ امان پانی پتی ۳۱۴۔۳۱۷ب

(۱۲) رسالہ در تحقیق نفس و معرفت از میر سید عبدالاوّل ۳۱۸۔۳۲۱

(۱۳) مجمع البحار از محمد طاہر پٹنی ۳۲۶۔۳۲۷

(۱۴) تفسیر نظامی از نظام الدین تھانیسری ۳۳۴۔۳۳۹

(۱۵) رموزات از عبدالجلیل لکھنوی ۳۴۷۔۳۵۲

(۱۶) رسالۂ سلوک از محمد اودھی کا مکمل متن ۳۵۲۔۳۵۶

(۱۷) منہاج الدین از عبداللہ انصاری سلطانپوری ۳۵۷۔۳۶۰

(۱۸) سوالاتِ احمدی از احمد شوریانی قصوری ۳۶۹۔۳۷۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۱۹) مقصود الطالبین و دیگر رسائل از محمد رشید جونپوری ۳۸۳ب۔۳۸۸

(۲۰) تفسیر سورۂ فاتحہ از میر سید محمد کالپوی ۳۸۹۔۴۰۲ب و رسالہ روائح ۴۰۲ب۔۴۰۷

(۲۱) مشاہدات از میر سید احمد گیسو دراز کالپوی ۴۰۷ب۔۴۲۲ب

(۲۲) مکتوبات پیر محمد لکھنوی ۴۲۴ب ۴۳۱

(۲۳) شرح فارسی فصوص از محبّ اللہ الٰہ آبادی ۴۶۰ب۔۴۶۲

(۲۴) مخزن السالکین ومقصد العارفین از شاہ برہان الدین بیجاپوری مکمل متن ۴۶۳۔۴۷۳

(۲۵) خزانہ جلالی از مخدوم جہانیاں بخاری ۵۰۱ب

(۲۶) رسالۃ المطلوب فی عشق المحبوب از سید امیر ماہ بن نظام الدین ۵۰۴۔۵۰۵

(۲۷) مکتوبات سید علم الدین پلائین ۵۰۶ب۔۵۰۸

(۲۸) تفسیر رحمانی از علی پیر گجراتی ۵۴۵

(۲۹) تفسیر انوار الاسرار (عربی) وعین المعانی در شرح اسماء الحسنیٰ از عیسیٰ سندھی ۵۵۴

(۳۰) ثمرات الحیات یعنی ملفوظات برہان الدین برہانپوری جامع عاقل خان رازی ۵۶۶۔۵۶۸

(۳۱) البرہان فی تحریم الدخان از حسین مفتی سرہندی ۶۰۴۔۶۰۵

(۳۲) رسالہ در فضیلت انبیاء واولیاء بر کعبہ (عربی) در ردّ شیخ آدم بنوریؒ از احمد قشاشی مکمل متن ۶۰۶۔۶۴۶

(۳۳) مکتوباتِ محمد حسن (خیالخ) بن حسن طاہر (م ۹۴۴ھ) ۳۰۳۔۳۰۴

(۳۴) رسالہ شاہ عالم گجراتی ۵۰۸ب ۵۱۳ب

(۳۵) مکتوب شیخ عبد الحق محدث دہلوی بنام حضرت مجدد الف ثانی (اعتراضات بر حضرت مجددؒ)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## معارج الولایت بحیثیت ماخذ

عبدی کا معاصر کوئی ایسا تذکرہ منظر عام پر نہیں آیا جس نے اس کی تصانیف سے استفادہ کیا ہو یا عبدی کی درج کردہ روایات کی تائید یا تردید کی ہو' چار باغ پنجاب مصنفہ گنیش داس وڈیرہ کے قلمی نسخہ کتب خانہ دانش گاہ پنجاب' لاہور کے حاشیہ پر در ضمن ترجمۂ شاہ دولہ دریائی گجراتی' کسی نے شاہ دولہ کے حالات معارج الولایت کے حوالے سے نقل کیے ہیں' متن کتاب سے معارج کے حوالے کا کوئی تعلق نہیں' متاخر تذکرہ نویسوں میں سے مفتی غلام سرور لاہوری نے اپنی تصانیف میں بالخصوص خزینۃ الاصفیاء میں معارج الولایت کے کثرت سے حوالے دیئے ہیں' معارج اور خزینہ کے بعض مقامات کے موازنہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خزینۃ الاصفیاء کے مصنف نے معارج کا خلاصہ کیا ہے' بالخصوص مشائخ قصور کے حالات معارج اور اخبار الاولیاء سے منقول ہیں' مشائخ کے حالات تو مفتی صاحب نے معارج الولایت سے نقل کر لیے لیکن ان کے سنین وفات خدا معلوم کہاں سے نقل کیے ہیں حالانکہ معارج میں تو ان سنین کا نشان تک نہیں ہے یا مفتی صاحب مرحوم کے پیش نظر معارج کا جو خطی نسخہ تھا اس میں یہ سنین کسی کاتب نے لکھ دیئے ہوں گے۔

بعض مقامات پر مفتی صاحب نے معارج الولایت کے حوالے محض یادداشت پر بھروسہ کرتے ہوئے دیئے ہیں مثلاً حیات المیر یعنی شاہ لطیف برّی کے شیخ کے حالات کے باب میں معارج کا حوالہ دیا ہے حالانکہ معارج میں ان کا ترجمہ سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔

شیخ بہلول دریائی اور شاہ لطیف مرشدانِ شاہ حسین لاہوری سے متعلق مفتی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

صاحب نے لکھا ہے:

"صاحب معارج الولایت شیخ بہلول و شاہ لطیف را از مشائخ سہروردیہ شمار نمودہ است"۔[۲۶]

لیکن معارج کے پیش نظر خطی نسخوں سے اس کی تصدیق نہیں ہو سکی بلکہ معارج میں تو ان بزرگوں کا ذکر تک نہیں ہے۔

معارج الولایت پنجاب کی علمی اور روحانی تاریخ کا ایک بنیادی ماخذ ہے۔

## معارج الولایت کے نقائص

یہ کتاب قدیم تذکرہ نویسی کی روش پر لکھی گئی ہے، غیر مستند اور سماعی باتیں بغیر نقد و تبصرہ کے نقل کر دی گئی ہیں، مشائخ چشت کے غیر مستند اور منسوب ملفوظات[۲۷]

---

۲۶ مفتی غلام سرور لاہوری: خزینۃ الاصفیاء ۱/۳۱

۲۷ خواجگان چشت کے اکثر ملفوظات کی اصلیت مشکوک ہے بعض محض منسوب ہیں اس سلسلہ میں کئی محققین نے اپنی تحقیقات سے انہیں محض منسوب ثابت کیا ہے لیکن اس باب میں حضرت سید محمد گیسودرازؒ (المتوفی ۸۲۵ھ) کا ارشاد خصوصیت سے قابل توجہ ہے، آپ فرماتے ہیں کہ "حضرت نظام الدین اولیاء کے ملفوظات میں فقط امیر حسن شاعر کا جمع کردہ مجموعہ ملفوظات "فوائد الفواد" معتبر ہے، باقی تمام مجموعے پادر ہوا ہیں، خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلی کے ملفوظات کا مجموعہ خیر المجالس مرتبہ حمید قلندر کو مولانا کمال الدین نے حضرت چراغ دہلی کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے فرمایا کہ ہم نے کچھ اور کہا تھا۔ لیکن مولانا حمید الدین نے کچھ اور ہی لکھ دیا ہے"۔

خواجہ گیسودرازؒ جوامع الکلم (ملفوظات خواجہ گیسودرازؒ جامع سید محمد اکبر ابن صاحب ملفوظات) میں فرماتے ہیں:

"ملفوظات شیخ نظام الدین کہ امیر حسن شاعر جمع کردہ است آن معتبر است و ملفوظہای دیگر کہ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کے اقتباسات بغیر تردّد و تامل نقل دیئے گئے ہیں، اس کتاب میں منقولہ متون کی فہرست اس سے قبل درج کی جا چکی ہے، ان متون کی نقل و تلخیص کرتے وقت یہ لحاظ نہیں رکھا گیا کہ منقولہ رسالہ یا تصنیف کیا واقعی اسی بزرگ کی ہے؟ کیوں کہ اکثر رسائل متاخرین نے متقدمین صوفیہ کے نام منسوب کر دیئے ہیں۔

سلسلہ مجددیہ کو نظر انداز کرنے اور اس کے خلاف زہر اگلنے سے بھی اس کی علمی حیثیت پر زد پڑتی ہے، مشائخ کے سنینِ ولادت و وفات کا لحاظ نہیں رکھا گیا

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) از آن شیخ نبشتہ اند ہمہ باد ہواست وملفوظی ازان شیخ فرید الدین در اجودہن دیدم کہ آن را نسبت بمولانا بدر الدین اسحاق می کند سر بسر ہمہ افتراست میگویند جمع کردہ مولانا بدر الدین اسحاق نیست وفرمودند مولانا محمد نام یارے بود از آن خواجہ چند گاہی امامت پیش خواجہ میکردد و چیزی تعلم داشت، ملفوظی از آن خواجہ ماجمع کردہ بود در آن چہ شیخ جانب ٹھٹھہ رفتہ میان یاران خواجہ مشہور شد موزانۂ جلدی بزرگی شدہ بود چون از ٹھٹھہ باز آمد آن نسخہ پیش شیخ بردند، دید مولانا زین الدین را طلبید، گفت تغاربیار، بآب پُر کن واین را پارہ کن، بشو، پیش خود بشو یایند وملفوظی کہ حمید قلندر جمع کردہ است، مولانا کمال الدین خواہر زادۂ شیخ موازنۂ دو جزی پیش شیخ برد، خدمت شیخ دید گفت "من چیزی دیگر گفتہ ام مولانا حمید الدین چیزی دیگر نبشتہ است" بر گرفت برون انداخت، مولانا کمال الدین گفت، از خدمت شیخ نظام الدین ملفوظے یادگار ماندہ است از خواجہ ہم باشد، فرمودند: چہ کنیم فرصت نداریم کہ این را صحیح کنیم۔ سید محمد اکبر حسینی بن خواجہ گیسو دراز: جوامع الکلم (ملفوظات خواجہ گیسو درازؒ) (ملفوظ روز چہار شنبہ دوم ماہ رمضان ۸۰۲ھ) صفحہ ۱۳۴۔۱۳۵

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہاں چند متقدمین شیوخ کے حالات کے تحت ان کے سنین وفات ضرور لکھے ہیں اور وہ بھی اخبار الاخیار سے منقول ہیں اور تو اور جن افغان خویشگی مشائخِ قصور کا ذکر کیا ہے کسی بھی شیخ کا سال وفات نہیں لکھا' اپنے دادا شیخ احمد شوریانی قصوری' جد مادری شیخ محمد دتوزئی عرف مامی اور دیگر مشائخ قصور جن کے سنین وفات اس وقت معمولی جستجو سے دستیاب ہو سکتے تھے نظر انداز کر دیا ہے' عبدی نے شیخ محدث کی اخبار الاخیار کو بنیادی ماخذ کی حیثیت سے استعمال کرنے کے باوجود شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے تذکرہ نویسی میں جس تبدل' تجدد' انقلاب اور تحقیق کی طرح ڈالی تھی اسے ملحوظ نہیں رکھا۔

## جانبدارانہ پہلو

معارج الولایت کے بغور مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عبدی نے تقریباً ہر سلسلہ سلوک کے بزرگوں کے تراجم شامل کتاب کیے ہیں لیکن اگر کسی سلسلہ کے شیوخ کے حالات نظر انداز کیے گئے ہیں تو وہ صرف سلسلۂ مجددیہ ہے ہم اس موضوع پر مفصل بحث عبدی کی حضرات مجددیہ سے عداوت کے تحت کریں گے۔

## معارج الولایت کے قلمی نسخے

(۱) ڈاکٹر مولوی محمد شفیع مرحوم نے اپنے خطی نسخۂ بہارستان کے ایک ابتدائی سادہ ورق پر لکھا ہے کہ معارج الولایت کا ایک خطی نسخہ مکتوبہ ۱۱۱۱ھ میں نے مولوی غلام رسول ساکن قلعہ میہان سنگھ کے پوتے کے پاس دیکھا تھا' لکھتے ہیں:

> ''اسی مصنف کی معارج الولایت فی مدارج الہدایت نقل ۱۱۱۱ھ در احوال و سیر خواجگان' قلعہ میہان سنگھ میں مولوی غلام رسول کے پوتے کے پاس ہے''۔[۲۸]

۲۸ مولوی محمد شفیع: یادداشت برزائد ورق بہارستان' قلمی مخزونہ ذاتی کتب خانۂ شفیع' لاہور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ذخیرہ پروفیسر سراج الدین آذر مرحوم کا قلمی نسخہ بھی ۱۱۱۱ھ کا مکتوبہ ہے ممکن ہے یہ مذکورہ بالا خطی نسخہ ہی ہو جو مرحوم آذر نے وہیں سے خریدا ہو' ہنوز نسخہ' قلعہ میہان سنگھ تک مؤلف کی رسائی نہیں ہوئی۔

(۲) قلمی نسخہ ذخیرۂ پروفیسر سراج الدین آذر' مخزونہ کتب خانۂ دانش گاہ پنجاب' لاہور نمبر 25H مکتوبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۱۱۱ھ اوراق ۶۵۵

یہ نسخہ اس وقت تک دریافت شدہ نسخوں میں قدیم ترین ہے ہم نے اپنی اس تالیف میں اسی نسخہ کے مطابق اوراق کے نمبر درج کیے ہیں۔

اس کی ابتداء:

سپاس بی قیاس خداوندی را که عالم را چون بدن و انسان را دران همچو حسنِ انسان یا انسان عین گردانید......الخ

خاتمہ:

خاتمہ میں ۳۷ شعر کا ایک قصیدہ ہے جو خواجگان کی مدح میں لکھا گیا ہے' اس کا آخری شعر یہ ہے:

آن خطای رفته را تصحیح کن
از کرم واللّٰه اعلم بالصواب

(۳) نسخہ پروفیسر حافظ محمود خان شیرانی مرحوم و مغفور مخزونہ کتب خانہ دانش گاہ پنجاب لاہور نمبت ۶۲۸۱ ناقص الاول "مخدوم عبداللہ سلطان پوری کے حالات" سے آغاز ہوتا ہے اوراق ۳۷۵ سطر ۱۶

یہ نسخہ کتابت کے اغلاط سے پُر ہے' نسخہ مذکورہ کا نسخہ آذر سے مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس کی مسخ شدہ نقل ہے' بعض مقامات پر عبارتیں نسخہ شیرانی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سے حذف کر دی گئی ہیں مثلاً ورق ۲۹۷ب پر عبدی نے اپنے چند اشعار نقل کیے ہیں لیکن نسخہ شیرانی میں اس قصیدہ کا صرف پہلا شعر ہی درج ہے اگرچہ نسخہ شیرانی پر سال کتابت نہیں ہے تاہم نسخہ قدیم معلوم ہوتا ہے۔

(۴) کرنل خواجہ عبدالرشید صاحب لاہور کے ذاتی کتب خانہ میں معارج الولایت کے صرف دو جز موجود ہیں جو مکتوب شیخ عبدالحق محدث دہلوی بر اعتراضات حضرت مجدد الف ثانی پر مشتمل ہے، مکتوب کے آخر میں مکتوب پر جو تبصرہ کیا گیا ہے وہ عبدی ہی کے الفاظ ہیں، یہ نسخہ بخط غلام دستگیر ۱۲۵۹ھ ہے، گویا یہ مکتوب بھی معارج الولایت سے منقول ہے اس لیے ڈاکٹر ایس ایم اکرام کا اسے آزاد خطی نسخہ قرار دینا درست نہیں ہے۔ (رود کوثر صفحہ ۳۶۵)

(۵) پروفیسر خلیق احمد نظامی صاحب علی گڑھ کے ذاتی کتب خانہ میں اس کا ایک نسخہ مکتوبہ ۱۲۸۸ ہجری موجود ہے جس کا انہوں نے اپنی تالیف تاریخ مشائخ چشت اور سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات وغیرہ میں ذکر کیا ہے۔

ہم نے اپنی کتاب (احوال و آثار خویشگی) ۱۹۷۳ء براستہ کابل پروفیسر خلیق احمد نظامی کو علی گڑھ بھیجی تھی لیکن ۱۹۸۵ء تک جب علی گڑھ میں خدا بخش لائبریری، پٹنہ کی طرف سے تصوف کے نادر مخطوطات پر سیمینار منعقد ہوا تو اس میں پروفیسر نظامی نے معارج الولایت کے اپنے خاندانی خطی نسخہ پر مقالہ پڑھا تو ہماری مرسلہ کتاب کے مطالب بھول چکے تھے، جس میں ہم نے معارج الولایت کے تمام دریافت شدہ نسخوں کا تعارف کروایا تھا، جس میں ان کے مملوکہ نسخہ کا بھی ذکر کیا تھا، تعجب ہے کہ انہوں نے اس سیمینار میں یہ کیسے کہہ دیا کہ ہمارے نسخہ کے سوا باقی نسخے کامل نہیں ہیں، حالانکہ ۱۱۱۱ھ کے مکتوبہ نسخہ ذخیرۂ آذر (مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور) اور ذخیرۂ شیرانی کے نسخوں کا بھی مکمل تعارف ہماری

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کتاب میں شامل ہے' اس کے باوجود اپنے موخر ترین نسخہ (مکتوبہ ۱۲۸۸ھ) کو اعلیٰ نسخہ کہنا یقیناً خوش فہمی ہے اور پھر یہ بھی لکھنا کہ اقبال مجددی معارج الولایت تک نہیں پہنچ پائے (تصوف برصغیر میں ص ۳۴) مذکورہ قدیم نسخوں کی موجودگی میں اگر نظامی صاحب کے نسخہ (مکتوبہ ۱۲۸۸ھ) تک رسائی نہ بھی ہوتی تو علمی اعتبار سے یہ کوئی قابل گرفت امر نہیں تھا' چونکہ وہ اپنا یہ نسخہ کسی کو دکھاتے نہیں تھے اس لیے ہماری کتاب میں ان کے نسخہ کا مفصل تعارف شامل نہیں ہو سکا' معلوم نہیں نظامی صاحب نے دو معروف بزرگوں مولانا سید ابوالحسن علی ندوی اور مولانا ابوالحسن زید فاروقی کو اپنا یہ نسخہ کیسے دکھا دیا؟ لیکن یہ حضرات بھی نسخہ کا تعارف نہیں کروا سکے۔ نظامی صاحب نے علمی دنیا کو اپنے ہی مخفی خزانہ کا جس طرح تعارف کروایا ہے اس سے تو اس نسخہ کی کوئی اہمیت واضح نہیں ہوتی۔

تعجب ہے کہ مولانا ابوالحسن علی ندوی نے عبداللہ خویشگی کے احوال و آثار پر ہماری کتاب کا حوالہ دینے کے باوجود یہ کیسے لکھ دیا کہ "معلوم ہوا ہے کہ اس کا ایک نسخہ لاہور میں بھی ہے" (تاریخ دعوت و عزیمت ۳۴۶/۴) جب کہ آپ مولف کے احوال و آثار پر پوری کتاب کا ذکر کر رہے ہیں تو یہ بات امر سماعی کے طور پر کیوں لکھی؟

## (۷) اسرار مثنوی وانوار معنوی

حسن خان خویشگی اور سعید خان خویشگی کی فرمائش پر لکھی گئی' عرصہ دراز کے قیام اورنگ آباد کے بعد عبدی جب اپنے وطن قصور آیا تو مذکورہ امراء کے اصرار پر اسے لکھنا شروع کیا' اس کے دیباچہ میں عبدی اپنی سات تصانیف کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے:

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"سپاس کبریا آسا خداوندی را که مردمان را بسوی نظم و نثر منقسم ساخت..... از مصنفات وبسیاری از مولفات را تصنیف وتالیف نمودم چنانکه شروح متعدده دیوان خواجه حافظ که موسوم به بحر الفراسة وخلاصة البحر وجامع البحرین وشرح نزہة الارواح که مسمٰی به راحت الاشباح است و مخزن الحقائق شرح کنز الدقائق (و) شرح حروف عالیات و معارج الولایت که در بیان احوال مشائخ ہندوستان ست و امثال آن اغلب عزیزان را در حق این احقر حسن ظن......چون پس از مدتی متمادی از دیار دکن بسوی موطن اصلی خود که قصبه قصور است مراجعت نمودم' خلاصۂ خاندان مجد و علا و سلالۂ دودمان عزّ و اعتلا محب زمرۂ ارباب فضل و کمال و طالب جماعة اہل فقر و نوال مقبول درگاه پیشگی اعنی حسن خان و سعید خان خویشگی بر تحریر شرح مثنوی مولوی معنوی بسیار باعث و مقید کردند وما یحتاج از مواد ضروریه حاضر آوردند...... بنابران تحریر شرح مثنوی مولوی معنوی که

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

موسوم بہ اسرار مثنوی و انوار معنوی است
ذمہ ہمت خود لازم گردانیدم"۔[۲۹]

خاتمہ میں لکھتا ہے کہ یہ فقط دفتر اول کی شرح ہے:

"این فوائد چند باستدعاء بعضی از احبّا در
شرح دفتر اول مثنوی مولوی معنوی در وقت
مراجعت از دکن بقصبۂ قصور مواطن اصلی
است' تحریر یافت"۔[۳۰]

عبدی نے یہ شرح مکمل کر لی تھی' جناب خلیل الرحمٰن داؤدی کے پاس ہمیں اس شرح کی تیسری جلد دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا' جس کا روٹوگراف ہمارے ذخیرہ مخزونہ کتابخانہ دانش گاہ پنجاب (R.380) میں موجود ہے۔

## مآخذ

اسرارِ مثنوی میں عبدی نے اپنی تقریباً سولہ تصانیف کے جابجا حوالے دیئے ہیں (جن کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی) گویا یہ شرح عبدی کے حالات کا اہم ماخذ ہے' اس کے علاوہ حسب ذیل مستند کتب کے حوالے دیئے ہیں۔

شرح مولانا حسین خوارزمی' لطائف معنوی' شمائل الاتقیاء' شرح مخزن' فوائد عبداللّٰہی' نورالانوار' شرح عقائد' فرہنگ شیخ محمد لار' مناقب العارفین' مدار الافاضل' حواشی بیضاوی' عرائس تصنیف شیخ روز بہان' شرح منہاج' شرح امانی' جامع الاصول' روضۃ الحسینی' انوار اللغات' کشف الانوار' اسرار قاسمی' روضۃ الصفا عوارف' بحر الرائق

[۲۹] عبدی: اسرار مثنوی و انوار معنوی" (مقدمہ)" قلمی مکتوبہ ۱۱۰۷ھ مملوکہ مولانا سید محمد طیب شاہ ہمدانی مدظلہ قصور

[۳۰] عبدی: اسرار مثنوی قلمی ورق ۳۰۵ مخزونہ پنجاب پبلک لائبریری' لاہور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مرات العارفین از مسعود بک، مؤید الفضلاء، ادات الفضلاء، درۂ فاخرہ، مطالع الانوار، مجمع الانساب، نصیر طوسی، مطولات، کشف الاسرار، فتاویٰ سراجیہ، نظامیہ، شرح امالی، قاموس، شرح النووی، انوار سہیلی، معارج النبوت، معالم التنزیل، نہایہ، شرح حکمت العین، مقصد اقصیٰ از شیخ عزیز نسفی، فتوحات و فصوص، تفسیر رحمانی، مدارک، قاضی عیاض، کشف المحجوب، تفسیر چرخی، رسالہ عشاق بے نوا، بحر المعانی، تحقیقات از خواجہ محمد پارسا، انسانِ کامل از عبدالکریم جبلی، قوت القلوب، عین المعانی، شرح گلشن راز، جوامع الکلم از میر سید محمد گیسودراز، اصطلاحاتِ کاشی، شرح ابن حجر، خلاصۃ المناقب در مناقب سید علی ہمدانی، شرح تاویلات وغیرہم۔

عبدی نے مثنوی کی شرح عموماً تصوف کے رنگ میں کی ہے، مآخذ کی مندرجہ بالا فہرست سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس نے تصوف کی کتنی کتب استعمال کی ہیں۔

## مستشرقین کی فروگزاشتیں

### سال تصنیف

ہم نے عبدی کی اسرار مثنوی کا بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے، ساری کتاب میں کہیں سال تصنیف کی صراحت نہیں کی گئی، عبدی نے اپنی تصنیف بہارستان میں جو کہ ۱۱۰۵ھ میں مکمل ہوئی، دو تین مقامات پر اسرار مثنوی کے حوالے دیئے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شرح ۱۱۰۵ھ سے بہت پہلے تصنیف ہو چکی تھی، عبدی نے معارج الولایت تصنیف ۱۰۹۶ھ میں جہاں کہیں مثنوی کے اشعار نقل کیے ہیں اپنی عادت کے مطابق ان اشعار کی تفصیل و شرح کے لیے کہیں اسرار مثنوی کا حوالہ نہیں دیا، جس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۰۹۶ھ سے پہلے اس کا وجود نہیں تھا گویا اسرار مثنوی بعد از ۱۰۹۶ھ اور ۱۱۰۰ھ کے درمیان تصنیف ہوئی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اسرار مثنوی کے دیباچہ اور خاتمہ میں عبدی نے صراحت کی ہے کہ مدتِ مدید کے قیام دکن کے بعد قصور آیا تو اسرار مثنوی تصنیف کی جیسا کہ قرائن سے بحث کی جا چکی ہے کہ عبدی ۱۰۶۷ھ میں دلیر خان کا ملازم ہوا اور ۱۰۸۱ھ میں دلیر خان کے ہمراہ اورنگ آباد گیا' دلیر خان کی وفات ۱۰۹۴ھ تک عبدی کا قیام اورنگ آباد خود اس کی اپنی تصنیف معارج الولایت سے ثابت ہے جو ۱۰۹۶ھ میں مکمل ہوئی گویا دلیر خان کی وفات ۱۰۹۴ھ کے بعد اس نے اورنگ آباد کو خیر باد کہہ دیا ''مدت متمادی'' سے مراد ۱۰۸۱ھ اور ۱۰۹۶ھ (سال تکمیل معارج الولایت) تک کا زمانہ قیام دکن قیاس کیا جا سکتا ہے۔

گویا ۱۰۹۶ھ کے بعد عبدی قصور آیا تو ۱۱۰۰ھ سے قبل اسرار مثنوی تصنیف کی۔

ای ڈی راس (E.D.Ross) اور براؤن نے اسرارِ مثنوی کے قلمی نسخہ انڈیا آفس لندن مکتوبہ ۹ ربیع الثانی ۱۱۳۳ھ کو مصنف کا خود نوشت نسخہ بتایا ہے' لکھتے ہیں:

"This is presumably an authograph and no other copy seems to be known".[31]

راس اور براؤن کی اسی مندرجہ بالا بے بنیاد قیاس آرائی کو بنیاد بناتے ہوئے مسٹر سی اے سٹوری نے لکھا ہے کہ ۱۱۳۳ھ دوم جلوس محمد شاہ میں عبدی پھر قصور میں نظر آتا ہے' اور اپنی زندگی کے آخری ایام میں قصور میں اپنی اسرار مثنوی تصنیف کرتا ہے گویا سٹوری کے نزدیک عبدی ۱۱۳۳ھ میں بقید حیات تھا' سٹوری لکھتا ہے:

31 Cat. Two Collections of Persian and Arabic Mss. by E.D.Ross and G. Brown. MS. No.56. pp.51-52. London. 1902

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

In 1133/1720-21 دوم جلوس محمد شاہ he was again at Qasur, evidently towards the end of a long life and there he wrote his اسرارِ مثنوی (Ross-Brown.56)[32]

مذکورہ بالا مستشرقین کی بے بنیاد قیاس آرائیوں کے بارے میں پہلی بات تو یہ ہے کہ راس اور براؤن۔ نے نہ تو اسرار مثنوی کا ترقیمہ نقل کیا ہے اور نہ ہی ترقیمہ سے یہ صراحت کی ہے کہ عبدی ۱۱۳۳ھ تک بقید حیات تھا تاہم انہوں نے دعویٰ نہیں کیا ہے بلکہ اسے مصنف کی اپنی تحریر بتانے سے پیشتر ''غالباً'' کا لفظ بڑی وضاحت سے لکھا ہے۔

مسٹر سٹوری نے راس اور براؤن کے لفظ ''غالباً'' کی پروا کیے بغیر عبدی کو ۱۱۳۳ھ میں قصور میں بقید حیات اور شرح لکھنے میں مصروف دکھا کر عصرِ حاضر کے سادہ لوح محققین کو غلط راہ پر ڈالا ہے۔

مذکورہ بالا مستشرقین کی قیاس آرائی کے غلط ہونے کے قرائن حسب ذیل ہیں:

(i) اسرارِ مثنوی کے حوالے بہارستان تصنیف ۱۱۰۵ھ میں عبدی نے دیئے ہیں جو اس امر کا قطعی ثبوت ہیں کہ یہ شرح ۱۱۰۵ھ سے پہلے تصنیف کی جا چکی تھی، عبدی بہارستان میں اس شرح کا حوالہ ایک مقام پر اس طرح دیتا ہے:

''تفصیل این معنی از شرح مثنوی و ارشاد الحربی که ہر دو از مصنفات این ضعیف اند طلب کن''۔[۳۳]

---

32 Storey, Perisn Literature. Vol. I, Part II, pp. 1009-10

۳۳ عبدی: بہارستان ورق ۴۸-اب، قلمی نسخہ مملوکہ مولوی محمد شفیع مرحوم، لاہور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(ii) مؤلف احقر نے قصور میں سید محمد طیب شاہ ہمدانی مدظلہ کے کتب خانہ میں اسرار مثنوی کا نسخہ بخطِ عیسیٰ قصوری مکتوبہ ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۱۰۷ھ دیکھا تھا اگر یہ ۱۱۳۳ھ کی تصنیف ہوتی تو ۱۱۰۷ھ میں اُس کے کتابت ہونے کا کیا مطلب ہے؟ یہ بھی اس کا بیّن ثبوت ہے کہ یہ شرح ۱۱۰۷ھ سے پہلے تصنیف ہوئی۔

(iii) پنجاب پبلک لائبریری لاہور میں اسرار مثنوی کا ایک خوشخط قلمی نسخہ موجود ہے۔ جس کا سال کتابت ۲۷ شعبان ۱۱۱۹ھ ہے جو اس کے ۱۱۳۳ھ میں تصنیف ہونے کی نفی کر رہا ہے۔

سٹوری کے منقولہ بالا اقتباس پر اعتماد کرتے ہوئے مارشل اور دیگر محققین یورپ اور اکثر مؤرخین پاکستان و ہند نے ۱۱۳۳ھ میں عبدی کو بقید حیات لکھ دیا ہے۔ جن کی فہرست نقل کرنا باعث طوالت ہوگا۔

درج بالا مبحث کا نتیجہ یہ ہے کہ اسرار مثنوی بعد از ۱۰۹۶ھ اور ۱۱۰۰ھ کے درمیان تصنیف ہوئی۔

## نسخ خطی

اسرار مثنوی کے اب تک مؤلف کو صرف چار خطی نسخوں کا علم ہو سکا ہے۔ جو فقط دفتر اوّل کی شرح ہیں:

(۱) شخصی کتب خانہ سید محمد طیب شاہ ہمدانی مدظلہ خلف سید مبارک علی شاہ مرحوم (ساکن کوٹ مراد خاں قصور) بخطِ عیسیٰ قصوری مکتوبہ ۱۴ جمادی الاول ۱۱۰۷ھ

(۲) پنجاب پبلک لائبریری لاہور مکتوبہ ۲۷ شعبان ۱۱۱۹ھ کاتب کا نام کسی نے مٹا دیا ہے۔ اوراق ۳۰۵ سطرے اوراق اوّل اور ۱۷۵ کے بعد ایک یا دو ورق غائب ہیں (نمبر ش ۸۷/۱۵۲ مث۔ معین)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۳) انڈیا آفس لندن مکتوبہ ۹ ربیع الثانی ۱۱۳۳ھ (Ross-Brown 56)

(۴) کتب خانہ اسلامیہ کالج پشاور پاکستان۔

نیز دیکھئے: فہرست مشترک جلد ۳ صفحہ ۱۶۴۳ (جہاں اس کے چھ خطی نسخوں کی نشاندہی کی گئی ہے) جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں کہ عبدی نے یہ شرح مکمل کر لی تھی اور اس کے دفتر ثالث بھی نشاندہی کی جا چکی ہے۔

## (۸) تحقیق المحققین فی تدقیق المدققین

اس کتاب میں فقہ اور تصوف کے بعض اہم اور متنازعہ فیہ اُمور پر بحث کی گئی ہے' اس کے حسب ذیل ۳۴ باب ہیں:

(۱) معنی ایمان

(۲) تفاوت درجات ایمان

(۳) ذات وصفات

(۴) ایضاً

(۵) عینیت وعیونت

(۶) اسم اعظم واسم ذات

(۷) مظاہر اسماء ومظہر جامع

(۸) اتصاف ومظاہر بصفات اللہ (کذا)

(۹) وجود ومعنی آن

(۱۰) مراتب وجود

(۱۱) قرب

---

۳۴ ایضاً ورق ۸۲ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۱۲) اعتقاد

(۱۳) توحید

(۱۴) صراطِ مستقیم

(۱۵) اتحاد و اتصال

(۱۶) معرفت

(۱۷) فنا

(۱۸) جمع و تفرقہ

(۱۹) تجلی و استتار

(۲۰) شہود

(۲۱) رؤیت خدا

(۲۲) نور و مراتب آن

(۲۳) مکان و زمان

(۲۴) عقل و حسن (بلاعنوان)

(۲۵) حال عباد

(۲۶) ذکر

(۲۷) مراقبہ

(۲۸) روح

(۲۹) محبتِ خداوند

(۳۰) شوق و اشتیاق

(۳۱) تصوف

(۳۲) شطحیات مشائخ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۳۳) احوال منصور حلاج

(۳۴) اصطلاحات

ابتداء:

حمد متواتر و ثنای متکاثر حضرت خداوندی را......الخ

اس کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال نمبر ۱۲۹۴ میں موجود ہے' سالِ کتابت قیاساً بارھویں صدی ہجری ہے۔

عبدی نے اپنی تصنیف بہارستان (۱۱۰۵ھ) میں اس کا حوالہ دیا ہے' جس سے مترشح ہوتا ہے کہ تحقیق المحققین ۱۱۰۵ھ (سال تصنیف بہارستان) سے پہلے تصنیف ہو چکی تھی' ایک جگہ اس طرح حوالہ دیتا ہے:

"اگر تفصیل معنی توحید خواہی......تحقیق المحققین (را) کہ از مولفات این ضعیف است طلب کن"۔[۳۵]

ایوانوف (Ivanow) نہ تو مصنف کا زمانہ حیات متعین کر سکا ہے اور نہ ہی کتاب کا مکمل تعارف کروایا ہے' اسی طرح اخبار الاولیاء خطی نسخہ مذکور نمبر ۲۷۳ کا سال تصنیف بھی معلوم نہیں کر سکا اور قیاس آرائی کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ مصنف بارھویں صدی ہجری کے اختتام یا تیرھویں صدی ہجری کے آغاز تک بقید حیات تھا'[۳۶] حقیقت یہ ہے کہ ایوانوف کی قیاس آرائی بے بنیاد ہے ۱۱۰۵ھ سے قبل تحقیق المحققین تالیف ہو چکی تھی۔

---

۳۵ عبدی: بہارستان قلمی ورق ۱۱۸ ب

۳۶ ایوانوف: کیٹلاگ مخطوطات فارسی ایشیاٹک سوسائٹی بنگال نمبر ۲۷۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۹) فوائد العاشقین

ایوانوف کے قول کے مطابق عبدی نے شیخ رکن الدین علاء الدولہ سمنانی [۳۷] کے رسائل کی تقلید میں یہ کتاب تصنیف کی ہے بلکہ یہ رسائل اس کتاب کا بنیادی مآخذ ہیں' ایوانوف نے کسی خاص رسالے کا ذکر نہیں کیا' فوائد العاشقین کے ۲۴ باب ہیں:

(۱) عشق

(۲) قرب

(۳) طہارت

(۴) حجت عقل

(۵) الوان انوار

(۶) نور شیطان ونور وضو

(۷) اسرار وضو

(۸) رفع حجابات

(۹) سیر دل وعجائب

(۱۰) معنی نفس ودل

(۱۱) تجلی

(۱۲) اسرارِ کلمہ کن

۳۷ برائے شرح حال شیخ رکن الدین علاء الدولہ سمنانی م ۷۳۶ھ رجوع کنید بہ (۱) لطائفِ اشرفی جامع نظام غریب یمنی مطبوعہ' فہرس دار الکتب وزارۃ الثقاف' قاہرہ ۱/۴۶ میں شیخ علاء الدولہ سمنانی کا ایک رسالہ بنام ''بیان الاحسان لاہل العرفان'' خود شیخ سمنانی کے ہاتھ کا لکھا ہوا قلمی موجود ہے' سال تصنیف وکتابت ۱۹ رمضان ۷۱۳ھ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۱۳) عجائب ملک وحکومت

(۱۴) تغیر وقائع سالکان

(۱۵) شرائط خلوت

(۱۶) محاسبہ

(۱۷) طور کہ فوق عقل است

(۱۸) سیر سلوک

(۱۹) احاطہ

(۲۰) روح

(۲۱) دل وحسن

(۲۲) اسم اعظم

(۲۳) صوفیان

(۲۴) متفرقات

آغاز:

الحمد للّٰہ......اما بعد پس میگوید بندۂ ضعیف......الخ

فوائد العاشقین کا ایک قلمی نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال (کلکتہ) نمبر (ii) ۱۲۹۴ میں موجود ہے۔[۳۸]

(۱۰) بہارستان شرح گلستان ۱۰۵۱ھ

عالم رؤیا میں عبدی نے شیخ محمد رشید جونپوریؒ کو دیکھا، انہوں نے عبدی سے

---

۳۸ ایوانوف: کیٹلاگ مخطوطات فارسی ایشیاٹک سوسائٹی بنگال نمبر ۲/۱۲۹۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

گلستان کی شرح لکھنے کی فرمائش کی، خود تصریح کرتا ہے۔

ناگاہ شبی در واقعہ قطب الاقطاب فرد الاحباب شمس الحق والدین محمد رشید جونپوری قدس سرہٗ دیدم کہ میفرمودند چہ خوش بودی اگر بر گلستان شرحی تحریر نمودندی، بناءً علی ہذا خواستم کہ امر ......مرشد برحق را اطاعت نمایم بر کتاب مذکور شرحی محرر سازم[۳۹]

عبدی نے یہ شرح ۱۱۰۴ھ میں لکھنی شروع کی اور تقریباً ایک سال میں تمام ہوئی، سالِ تکمیل خاتمہ میں ۱۱۰۵ھ لکھا ہے اور وضاحت کی ہے کہ دو تین ماہ میں مکمل ہو گی لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس کی تکمیل میں سات آٹھ ماہ صرف ہوئے، ۱۱۰۴ھ میں گلستان کے مقدمہ کی شرح لکھی، خود کہتا ہے:

چنانکہ درین وقت کہ مارا تحریر شرح او بہارستان وقت خوش است از ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یکہزار ویکصد وچہار سال است[۴۰]

شرح ہذا کے خاتمے میں لکھتا ہے:

"چون کتاب گلستان مملو از لغات غریب و احتمالات عجیب بود واز زمان تصنیف تا این وقت ہیچکس تحقیق او نگشتند کہ

[۳۹] عبدی: بہارستان ورق اول

[۴۰] ایضاً ورق ۲۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تدقیق او نگردیده واز دست مُلّایان ناقص و فارسی خوانان قاصر محرف شده باشارهٔ ہادی مطلق و امر مرشدِ برحق شیخ عبد الرشید جونپوری قدس اللّٰه سره العزیز درینولا که سنه الف مایته و خمس ہجری است خواستم که بردی شرحی مسمّٰی به بہارستان شرح گلستان تحریرنمایم که لغات و احتمالات او را بیان کند و اشکال ..... او را عیان نماید' پس بتوفیق الٰہی وامداد رسالت پناہی در دو سه ماه از تصنیف او فارغ شدم"۔[۱۲]

کتاب کے اختتام پر شیخ فریدالدین گنج شکرؒ اور شیخ محمد رشید جونپوریؒ کی مدح میں ایک قصیدہ بھی لکھا ہے' جس کا ایک شعر یہ ہے

عبدئ بیچاره را قطره ز فیضش رسید
قوة بازوئ او پنجهٔ شیطان شکست

اس شرح کی قابل توجہ اہمیت یہ ہے کہ عبدی نے اس میں جابجا اپنی تقریباً اکتیس (۳۱) تصانیف کے حوالے دیئے ہیں (جن کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی) گویا خود مصنف کے حالات کا یہ ایک بنیادی ماخذ ہے' اس کے علاوہ دیگر مستند کتابوں کے حوالے بڑی کثرت سے دیئے ہیں جن میں سے چند ایک کے نام حسب ذیل ہیں:

[۱۲] ایضاً خاتمہ کتاب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مجمع البحار' لوائح جامی' عین المعانی' کنز اللغات' انوار اللغات' مطول شرح جامع الاصول' کشف الاسرار' بحر العلوم' مفردات' کشاف' شرح نووی' روضۃ الاحباب' شرح تاویلات' ترجمہ عوارف' لغات جہانگیری (فرہنگ جہانگیری)' مدار الافاضل' جامع الرموز' بحر الجواہر' منہاج السامعین تصنیف محمد ماہ جونپوری' رفیق العارفین یعنی ملفوظات حسام الدین مانکپوری وغیرہم۔

بہارستان کے صرف دو قلمی نسخے اس وقت تک مؤلف کے علم میں ہیں:

(۱) نسخہ کتب خانہ مولوی ڈاکٹر محمد شفیع مرحوم لاہور نمبر ۳۱۲ بخطِ سید عنایت ولد حاجی سید نور محمد ساکن موضع لکرورک ۲۹ رجب ۱۱۳۲ھ اوراق ۲۳۷۔ یہ خطی نسخہ اب نیشنل لائبریری' اسلام آباد میں ہے جس کا روٹوگراف (R.381) ہمارے ذخیرۂ مخطوطات کتابخانہ مرکزی دانشگاہ پنجاب' لاہور میں ہے (فہرست مجددی)

(۲) کتب خانہ سید محمد طیب شاہ ہمدانی مدظلہ قصور بخطِ نور احمد بن درویش محمد بن ولی محمد بن عبدالرزاق دوشنبہ ۱۲ ذی قعد ۱۲۲۹ھ

ان کے علاوہ احمد منزوی نے چار مزید خطی نسخوں کے وجود کی نشاندہی کی ہے (فہرست مشترک ۹۸/۱۴)

## (۱۱) تحفۂ دوستان شرح بوستان (۱۱۰۶ھ)

بوستان کی شرح سے پیشتر عبدی نے ۱۱۰۵ھ میں گلستان کی شرح لکھی تھی (جس کا مفصل تعارف پیش کیا جا چکا ہے) عبدی بوستان کی شرح کے دیباچہ میں لکھتا ہے کہ اس سے پیشتر میں اپنے مرشد طریقت شیخ محمد رشید جونپوریؒ کے حکم سے گلستان کی شرح لکھ چکا ہوں اب میں اپنے بعض احباء اور مخلصین کے کہنے پر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بوستان کی یہ شرح لکھ رہا ہوں چنانچہ لکھتا ہے:

"درینولا بعضی از ارباب مودّت واهل صداقت التماس نمودند که اگر بر بوستان شیخ سعدی نیز شرحی محرر گردد واز لطف عمیم و فیض صمیم ایشان غریب و عجیب نتواند بود' بناءً (علیٰ) هذا خواستم که بر کتاب مذکور شرحی نویسم که حل اشکال او بیان اعضال نماید و چون تمام رسد...... به تحفهٔ دوستان شرح بوستان موسوم نماید"۔ [۴۲]

اس شرح کے خاتمہ میں گلستان کی شرح کا ذکر کرتے ہوئے بوستان کی اس شرح کا سالِ تکمیل ان الفاظ میں تحریر کیا ہے:

"این ضعیف از مدة متمادی وعهد متقاضی میخواست که برین هر دو کتاب شرحی لائق و بیانی فائق تحریر نماید ولهٰذا قبل ازین در سنه الف مایة وخمس هجری بعنایت الٰهی وتوفیق نامتناهی بر گلستان شرحی مسمٰی به بهارستان نوشته (بود) و درنیولا که سنه الف ومایة وست (می باشد) از تحریر شرح بوستان که موسوم به تحفهٔ دوستان است فارغ شدم"۔ [۴۳]

---

۴۲ عبدی: تحفۂ دوستان شرح بوستان قلمی دیباچہ

۴۳ عبدی: تحفۂ دوستان قلمی ورق ۱۴۸۔ا،ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی نے تحفۂ دوستان کو خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلیؒ کی مدح میں اپنے ایک قصیدہ پر ختم کیا ہے۔

اس شرح کی قابل توجہ اہمیت یہ ہے کہ عبدی نے اس میں جابجا اپنی اٹھارہ تصانیف کے حوالے دیئے ہیں (جن کی تفصیل اپنے مقام پر آئے گی) گویا یہ شرح خود مصنف کے شرحِ حال کا بھی ایک بنیادی ماخذ ہے' اس کے علاوہ دیگر مستند مصنفین کی کتابوں کے حوالے بھی بڑی کثرت سے دیئے ہیں جن میں سے چند ایک کے نام حسب ذیل ہیں:

اوراد الفضائل' عین المعانی' تحفۃ المرسلین' مجمع البحار' شرح عبدالواسع' ادارالافاضل' ادات الفضلاء' عبداللّٰہی' لوامع الاشراق' شرف نامہ' جوامع الکلم' بحرالجواہر' کشف المحجوب' روضۃ الاحباب' ملفوظاتِ شیخ برہان الدین' انوار اللغات وغیرہم۔

اس وقت تک مؤلف احقر کو تحفۂ دوستان کے فقط ایک خطی نسخہ کا علم ہے۔ اور یہ خطی نسخہ کتب خانہ مولوی باغ علی مدظلہ شاگرد مولوی نبی بخش حلوائی مرحوم (م ۱۹۴۴ء) لاہور میں موجود ہے[۴۴] جس کا سال کتابت ۲۹ محرم ۱۱۳۵ھ ہے۔

اوراق ۱۴۹ سطر ۱۹ تقطیع "۷×۸×۵" بخطِ نستعلیق شکستہ آمیز ہے' کاتب سید عنایت ولد سید حاجی......بتکزئی ہے' اس کی کتابت قصور میں ہوئی ہے۔

## (۱۲) فوائد موقنہ

عبدی کا یہ رسالہ مختلف مسائل پر مشتمل ہے جس میں ایمان مجمل و مفصل' توحید و ایمان' احکام ایمان' شرائط ایمان' فرائض نماز' ستر زنان' معرفت وقت و قبلہ

[۴۴] اس خطی نسخہ کی اطلاع محترم جناب مولانا عبدالحکیم شرف مدظلہ نے دی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

واجبات نماز، سنن نماز، خاتمہ۔

اس رسالہ کا آغاز اس طرح ہے:

بعد از حمد و سپاس خداوندی که شرایع اسلام را بر انبیاءؑ...... می نماید......

اس رسالہ کا ایک خطی نسخہ کتابخانہ گنج بخش، اسلام آباد میں ہے (ش ۸۹۲۱) (فہرست الفبائی صفحہ ۵۵۸)

دوسرا نسخہ حضرت صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری مرحوم کے ذخیرۂ میں ہے۔ (فہرست مشترک ۲/ ۱۱۵۶)

## (۱۳) اوراد خویشگی

عبدی نے اوراد پر تین کتابیں لکھی تھیں: اوراد السادات، اوراد النبی اور تلقین المریدین، جن کے اس نے خود بہارستان میں حوالے دیئے ہیں، جن کے وجود سے آج ہم بے خبر ہیں لیکن ایک اور رسالہ جس کا اس نے نام نہیں لکھا، فہرست ساز آقای احمد منزوی نے اسے اوراد خویشگی کے نام سے متعارف کروایا ہے، جس کا خطی نسخہ کتابخانہ گنج بخش، اسلام آباد میں ہے۔ (فہرست مشترک ۳/ ۱۳۰۴)

## (۱۴) تحفۂ بدریہ وہدیۂ قدریہ

عبدی نے اپنی اس کتاب کا ذکر بہارستان میں کیا ہے کہ ولی، غوث اور قطب کی اصطلاحات کی شرح بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

چون قطب از دنیا نقل کند......واگر تفصیل ایں معنی خواہی تحفۂ قدریه شرح تحفۂ بدریه که از مصنفات ایں ضعیف است طلب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کن۔(بہارستان‘ ورق ۱۰ ب)

گویا عبدی یہ کتاب بہارستان کی تالیف (۱۱۰۵ھ) سے پہلے لکھ چکا تھا‘ اس کا ایک خطی نسخہ جامعہ ظہور العلوم اکبریہ سعدیہ‘ بصیر پور‘ اوکاڑہ‘ پنجاب کے کتب خانہ میں موجود ہے۔(فہرست مشترک ۳/۱۳۳۴)

## (۱۵) تحفۂ نوریہ

عبدی نے ایک رسالہ فارسی نظم میں کلیات خمس و تنزلات اور دیگر اصطلاحاتِ صوفیہ کے بیان میں لکھا تھا‘ جس کے مطالب مشکل تھے‘ اس لیے اس نے خود ہی اس کی نثر میں شرح لکھی اور تحفۂ نوریہ نام رکھا‘ اس رسالہ کے صرف دو خطی نسخوں کا ہمیں تا حال علم ہے‘ اول کتابخانہ گنج بخش‘ اسلام آباد‘ دوم کتابخانہ جامعہ ظہور العلوم مذکور میں۔(فہرست مشترک ۳/۱۳۴۲)

## (۱۶) شرح کلمات وافیات

اخوند درویزہ پشاوری (۹۵۶۔۱۰۴۸ھ) کی معروف پشتو تصنیف مخزن الاسلام کی عبدی نے کلماتِ وافیات کے نام سے شرح لکھی تھی‘ اس نے معارج الولایت میں اس کا ذکر کیا ہے (ورق ۳۷۹) اور اس کی تلخیص بھی درج کی ہے‘ اس نے اخبار الاولیاء میں اس کا ذکر نہیں کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شرح اس کتاب کی تالیف ۱۰۷۷ھ کے بعد اور ۱۰۹۶ھ سے پہلے لکھی گئی‘ اس کے تین خطی نسخوں کا ہمیں تا حال علم ہے:

(۱) کتابخانہ مولانا عبد اللہ بمقام اٹک‘ پاکستان

(۲) کتابخانہ گنج بخش‘ اسلام آباد

(۳) کتابخانہ گنج بخش‘ اسلام آباد کے ایک مجموعہ میں ہے۔(فہرست مشترک ۳/۱۳۲۶)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۱۷) فواید خردہ در شرح قصیدۂ بردہ

امام بوصیری (ف ۶۹۴ھ) کے مشہور نعتیہ قصیدہ کی عبدی نے فارسی نثر میں یہ شرح لکھی ہے جس میں اس قصیدہ کے پڑھنے کے آداب اور خواص بتائے ہیں' اس کے دو نسخوں کا ہمیں علم ہے:

(۱) کتابخانہ گنج بخش' اسلام آباد

(۲) کتابخانہ محمد بیگ' بھلوال' ضلع سرگودھا (فہرست مشترک ۹۷۰/۸)

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# تصانیف عبدی حصہ دوم

حصہ دوم میں عبدی کی ایسی تصانیف کا ذکر کیا جا رہا ہے جن کے فقط ہمیں نام معلوم ہیں اور ان کے وجود کا ہمیں اس وقت تک علم نہیں ہے' اپنی درج ذیل کتابوں کے حوالے خود عبدی نے جابجا اپنی تصانیف میں دیئے ہیں بعض کتابوں کے نام سے ان کے محتویات ظاہر ہیں اور بعض کی اس نے خود وضاحت کر دی ہے۔

## (۱۸) جامع الکلمات

یہ شیخ عبداللطیف برہانپوری متوفی ۱۰۶۶ھ کے مکتوبات بنام یارانِ قصور کا مجموعہ ہے جو داؤد خان حسین زئی کی فرمائش پر مرتب کیا گیا۔

یاران قصور کی وضاحت نہیں کی گئی لیکن غالب گمان یہی ہے کہ شیخ عبداللطیف برہانپوری' عبدی کے دادا شیخ احمد شوریانی قصوری کی بہت عزت و توقیر کرتے تھے اور ان سے ملنے کے لیے قصور بھی آئے تھے (جیسا کہ ان کے حالات کے تحت گزر چکا ہے) اس لیے یہ مکتوبات شیخ احمد شوریانی ان کی اولاد اور معتقدین کے نام ہوں گے اگرچہ اس کا سالِ تصنیف معلوم نہیں ہے لیکن داؤد خان حسین زئی کے نام سے قبل مرحوم و مغفور لکھا ہوا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ مجموعہ اس کی وفات کے بعد مرتب ہوا' عبدی نے وضاحت کی ہے کہ مدۃ مدید نواب دلیر خان کی ملازمت کے بعد جب میں دو تین ماہ کے لیے قصور آیا تو اسے اس عرصہ میں عدم فرصت میں مرتب کیا' یہ متیقن ہے کہ یہ مجموعہ شیخ عبداللطیف برہانپوری کی وفات ۱۰۶۶ھ کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بعد مرتب ہوا کیونکہ عبدی فارغ التحصیل ہو کر ۱۰۶۷ھ میں نواب دلیر خان کا ملازم ہوا اور اس نے خود وضاحت کی ہے کہ میں نواب دلیر خان کی اجازت سے دو تین ماہ اپنے وطن میں گزارنے کے لیے قصور میں آیا تو اسے مرتب کیا' یقیناً عبدی نے شیخ کی وفات کے بعد یعنی ۱۰۷۷ھ سے قبل قصور آ کر یہ مجموعہ مرتب کیا ہو گا' لکھتا ہے:

"بعد ازان از شاه آباد از نواب صاحب (دلیر خان) رخصت گرفته بوطن مراجعت نمودم دو سه ماه در وطن گذرانده شد چون مرحوم و مغفور دائود خان حسین زئی بجد شده که رقعه ہائے شیخ عبد اللطیف برہانپوری را که به بعضی عزیزان نوشته اند ترتیبی لائق دہند باوجود عدم فرصت آن رقعات را جمع ساخته بوجه احسن ترتیب دادم وآن تالیف را جامع الکلمات نام نہادم"[1]

معارج الولایت میں ہے کہ میں نے ان مکتوبات کو ترتیب دیا اور ان کو موضوع کے اعتبار سے ابواب میں منقسم کیا' لکھتا ہے:

"چون بعضی از مکاتیب بجانب بعضی از یاران قصور نوشته بود و بعضی از یاران قصور مستدعی شده که آن را ترتیبی داده (شود) ورساله مدون سازد' این ضعیف آن را

[1] عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۸ اب ۱۶۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ترتیب داده و مبوب نموده چنانکه مکتوبات
عجیب و غریب بحصول پیوسته است"۔[2]

بہر حال ان مکتوبات کا اخبار الاولیاء (۱۰۷۷ھ) میں محولہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ مجموعہ ۱۰۷۷ھ سے پہلے مرتب ہو چکا تھا۔

## (۱۹) تلقین المریدین

عبدی نے اخبار الاولیاء معارج الولایت اور اسرار مثنوی میں اپنی اس تالیف تلقین المریدین کے حوالے دیئے ہیں اخبار اور معارج میں جہاں کہیں بھی اس کا حوالہ آیا ہے اس کے ساتھ یہ وضاحت نہیں کی گئی کہ تلقین المریدین میری تصنیف ہے لیکن اسرار مثنوی میں ایک جگہ بڑی وضاحت سے اسے اپنی تصنیف بتایا ہے حوالہ دینے سے پیشتر رومی کا یہ شعر نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس شعر کی مزید شرح کے لیے میری یہ کتاب دیکھو لکھتا ہے:

پنبہ آن سر گوش سر گوش سراست  تا نگردد این گراں باطن گراست

......اگر تفصیل ہر فعل خواهید تلقین المریدین
را که از مصنفات این ضعیف است مطالعه
کنید۔[3]

اخبار الاولیاء (۱۰۷۷ھ) میں تلقین المریدین کے حوالے سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ ۱۰۷۷ھ سے پہلے کی تصنیف ہے۔

تلقین المریدین کے جتنے اقتباسات عبدی کی اپنی تصانیف کے ذریعہ ہم تک

---

[2] عبدی: معارج الولایت ورق ۶۵۶ ب

[3] عبدی: اسرار مثنوی ورق ۶۶ ب قلمی نسخہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پہنچے ہیں، ہم ان کی موجودگی میں یہ قیاس کر سکتے ہیں کہ یہ کتاب سلسلۂ چشتیہ کے فضائل، مناقب اور مشائخ خویشگیان کا ایک منظوم تذکرہ ہے۔

پیرو تو عرف پیر کبار کے حالات کے باب میں لکھتا ہے۔

چنانکہ در تلقین المریدین گوید

خدمت مطبخش بداں حالی
پیرو تُو کند چہل سالی
چونکہ ہنگام نزع خواجہ
رسید پیرو تُو بجای خویش
گزید خرقہ خاص برسرش افگند
نور یکچند گشت زو صد چند
چون ز و تُو خوارق عادات
خواستہ قوم بہر مکشوفات
دو کبوتر موافق گفتار
ز آستین دو شیخ شد طیار
قوم را گفت شیخ بعد ازان
چون کہ شد بر ولایتش برہان
جنس این طیر را ضرر ندہید
گر مریدان خاص و آل نبید
ادب طیر نزد خویشگیان
چون اداب حمام روضہ دان
این یکے خوارق از ہزار بود

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خوارقش را کجا شمار بود [۴]

شیخ پنجو پشاوری (متوفی ۱۰۷۳ھ) کے حالات کے باب میں لکھتا ہے:

گر نظر را نهی به پیشانی
نام او را نصیر گردانی
.... به بینی نهی محمود است
این روایت ز خواجه مودود است
یافته هر دو زنزد خواجهٔ بزرگ
از همه شغلهای رتبه سترگ
بلک فرمود بعد درك دواج
روح مارا ازین دو شد معراج [۵]

ایک اور مقام پر اخبار الاولیاء میں لکھا ہے:

در تلقین المریدین گوید:

ذکر طوطیٔ هند شام و سحر
قطب عالم فرید گنج شکر
نام آن قطب ورد جانوران
حرزِ جان و امان آدمیان [۶]

اخوند درویزہ کے ترجمہ کے ضمن میں سلسلہ چشتیہ کے متعلق لکھا ہے:

در تلقین المریدین گوید:

۴ عبدی: معارج الولایت ورق ۵۴۱-اب

۵ ایضاً ورق ۴۷۶ ب

۶ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۱۹

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سلسلہ چشت مذہبش نعمان
در سلاسل مذاہب آمد جان
بلک جان نازک و وسیع بود
آسمان در زمین رفیع بود
بلک این سلسلہ ز نعمان است
پور او ہم مرید ایشان است [7]

اس کے علاوہ بھی اخبار الاولیاء میں تلقین المریدین کے اقتباسات درج ہیں۔[8]

## (۲۰) تلقین الطالبین

بہارستان (مصنفہ بسال ۱۱۰۵ھ) میں مندرج واقعہ حضرت یونس علیہ السلام کے سلسلہ میں عبدی نے اپنی تصانیف اوراد النبی اور تلقین الطالبین کے حوالے اس طرح دیے ہیں:

"اگر تفصیل این معنی خواہی اوراد النبی و تلقین الطالبین را کہ ہر دو از مولفات این ضعیف اند طلب کن"۔[9]

قیاس یہی ہے کہ تلقین الطالبین میں عبدی نے ایک طالبِ صدق و یقین کے لیے روزمرہ کے معمولات وغیرہ جمع کیے ہوں گے' بہارستان میں تلقین الطالبین کے محولہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ کتاب ۱۱۰۵ھ سے قبل تصنیف ہو چکی تھی۔

---

7. ایضاً ورق ۱۹۷
8. ایضاً ورق ۱۹۸ اب ۱۹۹
9. عبدی: بہارستان ورق ۲۳۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۲۱) اوراد السادات

عبدی اپنی ابتدائی زندگی میں ہی ورد وظائف اور دیگر ادعیہ پڑھنے کا عادی تھا۔[۱۰] جس بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوا' اس سے چند اوراد کی اجازت ضرور حاصل کی (تفصیل شیوخ عبدی کے تحت گزر چکی ہے) عبدی نے اپنی جن تصانیف کے حوالے دیئے ہیں۔ ان میں تقریباً پانچ کتابیں اوراد و وظائف پر مشتمل ہیں۔

ذکر نفی و اثبات اور ذکر اسم ذات وغیرہ کے سلسلہ میں بہارستان میں عبدی نے اوراد السادات کا حوالہ دیا ہے[۱۱] جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ۱۱۰۵ھ سے پہلے لکھی جا چکی تھی۔

اسرار مثنوی میں رومی کے ذیل کے شعر کے تحت اس کا حوالہ اس طرح آیا ہے:

پنبہ اندر گوش حس دون کنید
بند حس از چشم خود بیرون کنید

"اگر تفصیل آن خواہی اوراد السادات را کہ ازمولفات این ضعیف است طلب کن"۔[۱۲]

چونکہ اوراد السادات اسرارِ مثنوی میں محولہ ہے' اس لیے اوراد کا یہ مجموعہ ۱۱۰۰ھ (سال تصنیف اسرار مثنوی) سے قبل مرتب ہو چکا تھا۔

---

۱۰۔ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۱ ب

۱۱۔ عبدی: بہارستان ورق ۱۱۸

۱۲۔ عبدی: اسرار مثنوی ورق ۶۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۲۲) اوراد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے' اوراد کی کتاب ہے' تلقین الطالبین اور اس کا حوالہ بہارستان میں یکجا آیا ہے [۱۳] اقتباسِ حوالہ تلقین الطالبین کے تحت نقل کیا جا چکا ہے' اوراد النبی کے بہارستان میں محولہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ ۱۱۰۵ھ سے پہلے مرتب ہو چکی تھی۔

## (۲۳) مقصود السالکین

ذکر نفی و اثبات و ذکر اسم ذات و ذکر اسماء الحسنٰی کی مزید تفصیل کے سلسلہ میں عبدی نے بہارستان میں اس کا حوالہ دیا ہے۔ [۱۴] جس سے ہم یہ تعین کر سکتے ہیں کہ یہ بھی ۱۱۰۵ھ سے پہلے کی تالیف ہے۔

## (۲۴) حصول الوصول

عبدی نے معارج' اسرار مثنوی اور بہارستان میں اس کے حوالے دیئے ہیں' معارج الولایت میں عبدی نے شیخ جنید موہانی [۱۵] (متوفی ۱۰۴۸ھ) کا سماع کے

---

[۱۳] عبدی: بہارستان ورق ۲۳۲ب

[۱۴] ایضاً ورق ۱۱۸

[۱۵] برائے شرح حال شیخ جنید موہانی رجوع کنید بہ
(۱) کمال محمد سنبھلی م بعد ۱۰۷۴ھ: اسراریہ بحوالہ نزہۃ الخواطر جلد ۵ صفحہ ۱۱۸
(۲) اشرف وجیہ الدین: بحر زخار (۳) عبدی: معارج الولایت میں ہے:
"او (شیخ جنید) را تصانیف بسیار است وازان جملہ کتابی است منظوم بر طبق نام کہ او را شرح نیز خود نوشتہ بغایت...... مستحسن است و حاوی اکثر مسائل فقہ است "۔(معارج ورق ۴۶۲ب)

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

متعلق ایک قول نقل کیا ہے کہ بعض اذکار کا حصول سماع کے بغیر ممکن نہیں اور اس قول کی مزید توجیہ کے لیے اپنی کتاب حصول الوصول کا حوالہ دیا ہے، لکھتا ہے:

"(شیخ جنید موہانی) در سماع غلو تمام داشتی و فرمودی کہ بعضی از اقسام ذکر اند کہ آنرا بغیر از سماع حاصل نتوان کرد و آن ذکر بدلائی است وجز آن چنانکہ شرح آن در حصول الوصول کہ از مولفات این ضعیف است مسطور است"۔[16]

بہارستان میں ذکر نفی و اثبات، ذکر اسم ذات و ذکر اسماء حسنیٰ کی شرح کے سلسلہ میں حصول الوصول کا حوالہ بھی دیا ہے[17] عبدی نے اسرار مثنوی میں بھی اس کا حوالہ دیا ہے۔[18]

حصول الوصول کے جن سیاق و سباق کے ساتھ عبدی نے حوالے دیئے ہیں ان کی موجودگی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب ورد و وظائف، اذکار و اشغال اور سماع کے مسائل پر لکھی گئی ہے۔

معارج الولایت میں حصول الوصول کے محولہ ہونے سے ظاہر ہے کہ یہ

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) (۴) غلام سرور لاہوری، مفتی: خزینۃ الاصفیاء ۱/۴۸۱

(مفتی صاحب نے سال وفات بغیر کسی حوالے کے ۱۰۷۸ھ لکھا ہے، ہم نے ان کے معاصر ماخذ اسراریہ کو ترجیح دی ہے۔

۱۶ عبدی: معارج الولایت ورق ۴۶۲ب

۱۷ عبدی: بہارستان ورق ۱۱۸

۱۸ عبدی: اسرار مثنوی ورق ۶۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کتاب ۱۰۹۶ھ (سالِ تکمیل معارج) سے پہلے تصنیف ہو چکی تھی۔

## (۲۵) جامع الحقائق

عبدی نے اپنی تصانیف شرح کلماتِ وافیات (شرح مخزن الاسلام)، اسرارِ مثنوی اور بہارستان میں جامع الحقائق کے حوالے دیئے ہیں، معارج الولایت میں عبدی نے اخوند درویزہ کے حالات کے باب میں شرح کلمات وافیات کے چند اقتباسات نقل کیے ہیں، جن میں جامع الحقائق کا حوالہ بھی آیا ہے[19] شاید اختصار کے پیش نظر جامع الحقائق کے ساتھ اسے اپنی تصنیف نہیں لکھا تاہم اپنی دیگر دو کتابوں اسرارِ مثنوی اور بہارستان میں اس نے بڑی وضاحت سے اسے اپنی تصنیف بتایا ہے:

> "ملک الموت منتظر شود ایں قید بروی ورقی از شجره که در تحت عرش است که بروی اسم آن شخص مکتوب است پس دران زمان روح او را قبض کند و تفصیل این مقدمه از جامع الحقائق که از مولفات این ضعیف است طلب کن"۔[20]

اسرار مثنوی میں مولانا رومی کے اس شعر کی شرح کرتے ہوئے اس کا حوالہ اس طرح دیتا ہے:

> لیک بہر آنکہ روز آیند باز
> بر نہد بر پارشان بند دراز

[19] عبدی: معارج الولایت ورق ۳۸۱

[20] عبدی: بہارستان ورق ۲۲۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

یعنی لیکن برای آنکه ارواح در روز باز آیند و
در آنجا نمانند بر پای ایشان بند دراز نهند و
آن چنانکه در اخبار است رسیمان است که
یک سرا او باارواح متعلق بود و سرا وباتن
چنانکه رشته در پاء جانوری کنند و بگذارند
واگر روح را باتن رسیمان مقید نکنند ہرگز
بسوی بدن عدد ننماید و در زمان موت او ان
رسیمان را قطع کنند بنا بر آن باز نیاید
وتحقیق این مقدمات (در تالیف) این ضعیف
که موسوم بجامع الحقائق است طلب کن"۔[21]

عبدی نے جامع الحقائق کے اپنی تصانیف میں جن سیاق وسباق کے ساتھ حوالے دیئے ہیں ان کی روشنی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب احوالِ الاخرۃ وغیرہ کے مسائل پر مشتمل ہوگی۔

جیسا کہ وضاحت کی جاچکی ہے کہ عبدی نے جامع الحقائق کا شرح کلماتِ وافیات میں حوالہ دیا ہے اور پھر اس شرح کی اس نے معارج میں تلخیص بھی درج کی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ شرح ۱۰۹۶ھ (سال تکمیلِ معارج) سے بہت پہلے تخمیناً ۱۰۸۲ھ میں تالیف ہوچکی تھی۔

## (۲۶) فوائد الطالبین

فوائد الطالبین کا حوالہ عبدی نے صرف بہارستان میں دیا ہے[22] کتاب کا

---

۲۱ عبدی: اسرار مثنوی ورق ۴۳ھ ب ۴۴

۲۲ عبدی: بہارستان ورق ۱۹۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

موضوع نام سے واضح ہے' بہارستان میں اس کا حوالہ اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ کتاب ۱۰۵ اھ سے پہلے کی تصنیف ہوئی۔

(۲۷) مظہر الوجود و مظہر الشہود

اس کتاب کے نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ وحدت الوجود اور وحدت الشہود کے مسائل پر ہے لیکن جس سیاق وسباق کے ساتھ اس کا حوالہ عبدی نے دیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں مذکورہ مسائل کے علاوہ اصطلاح پنج پیر اور تصرفِ اولیاء پر بھی بحث کی گئی ہے' عبدی اس کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتا ہے:

"اگر تفصیل این مقدمه (پنج پیر و تصرفِ اولیاء) خواهی رساله مظهر الوجود و مظهر الشهود که از مولفاتِ این ضعیف است طلب کن"۔ [۲۳]

ڈاکٹر محمد شفیع نے اپنے قلمی نسخہ بہارستان کے ایک زائد ورق پر انہیں دو مختلف رسائل شمار کیا ہے۔ لیکن مؤلف احقر کے نزدیک یہ ایک ہی رسالہ ہے۔

عبدی نے اس رسالہ کا حوالہ بہارستان (تصنیف ۱۰۵ اھ) میں دیا ہے' جس سے ظاہر ہے کہ یہ رسالہ ۱۰۵ اھ سے پہلے لکھا گیا۔

(۲۸) محرقاۃ الرفضۃ

نواب دلیر خان کی فرمائش پر عبدی نے یہ کتاب تالیف کی' اخبار الاولیاء میں اس کے متعلق لکھتا ہے:

"چون نواب (دلیر خان) را از صحبة رفضۂ

---

۲۳ عبدی: بہارستان ورق ۴۵ ب (متن میں مؤلفات کی بجائے مؤلفان' کتابت کی غلطی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ملعونہ خار شبہ در خاطر خلیدن گرفت وبجہۃ تحریر رسوخ اعتقاد اہل سنت وجماعت ودفع شبہات اہل ہوا و بدعت اشارتی کرد، محرقات الرفضۃ محرر نمودم، مختصر بغایت مستحسن بوجود آمد ہر کہ دید پسندید وبعین عنایت ملحوظ گردایند"۔ [۲۴]

یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب دلیر خان شاہ شجاع بن شاہ جہان کی بغاوت ناکام بنا چکا تھا، یہ بغاوت اکتیسویں سال جلوس شاہ جہان ۱۰۶۸ھ میں ہوئی اس کے بعد دلیر خان کو آسام کی تسخیر کے لیے بھیجا گیا، گویا اس کی تصنیف کا زمانہ بغاوتِ شاہ شجاع اور تسخیر مذکور کے درمیان ہے، یعنی بعد ۱۰۶۸ھ اور پھر اخبار الاولیاء (۱۰۷۷ھ) میں اس کا ذکر موجود ہونے کا مطلب تو واضح ہے کہ "محرقاۃ الرفضۃ" ۱۰۷۷ھ سے قبل تصنیف ہو چکی تھی۔

محرقاۃ الرفضۃ نہ صرف دلیر خان کے مذہبی نظریات کی آئینہ دار ہے بلکہ خود عبدی کے بھی احساسات، مذہبی جوش اور نظریات کی غمازی کرتی ہے۔

## (۲۹) محاکمات العلماء فی اختلاف الصوفیہ والفقہاء

عبدی نے بہارستان میں سعدی کے اس قول کی شرح کرتے ہوئے اس کا حوالہ اس طرح دیا ہے:

"رہبری بدست این مطرب توبہ کردم کہ بقیہ عمر خویش گرد سماع نکردم" (سعدی) اگر تفصیل اباحۃ سماع خواہی منہاج السامعین

۲۴ عبدی: اخبار الاولیاء ورق ۱۶۴ اب (متن میں اہل ہوا کی بجائے اہل ہنود ہے جو کتابت کی غلطی ہے)۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

را کہ از مصنفاتِ شیخ محمد ماہ جونپوری است و محاکمات العلماء فی اختلاف الصوفیہ والفقہاء راکہ از مولفات این ضعیف است طلب کن"۔[۲۵]

عبدی نے اباحتِ سماع کے باب میں اس کا حوالہ دیا ہے جس سے مترشح ہوتا ہے کہ اس کتاب میں صوفیہ اور فقہا کے درمیان جن اختلافات کا عبدی نے ذکر کیا ہے ان میں ایک باب مسئلہ اباحت وحرمت سماع بھی ہوگا۔

حضرت مجددؒ نے اپنی تحریرات عالیہ میں سماع کی مخالفت فرمائی ہے یقیناً حضرت شیخ مجددؒ سے متعلق اس کتاب میں بھی عبدی نے اپنے ان ہی مجروح خیالات کا اظہار کیا ہوگا جو وہ اپنی دوسری مذکورہ تصنیف معارج الولایت میں کر چکا ہے۔

بہارستان میں اس کے محولہ ہونے سے اس کا سال تالیف قبل ۱۱۰۵ھ واضح ہے۔

## (۳۰) راحۃ الاشباح فی شرح نزہۃ الارواح

نزہۃ الارواح' سید صدرالدین ملقب بہ سید حسینی[۲۶] کی معروف ترین تصنیف

---

۲۵ عبدی: بہارستان ورق ۹۴ ب

۲۶ سید حسینی (صدرالدین) کے حالات مطبوعہ اور متعارف تذکروں میں مل جاتے ہیں' معارج الولایت میں ہے:

"لقب او سید حسینی و لقب پدرِ نجم الدین است مرید و خلیفہ شیخ بہاء الدین زکریا است......پدرِ خویش در ملتان رسید وملازمت حضرت شیخ را دریافت......وخود بشرف ارادۃ حضرت شیخ مشرف گشت سہ سال در خدمت بکسب وریاضت مشغول گشت......چون حضرت از جہت قضیہ محضر شیخ جلال الدین تبریزی (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے، عبدی نے نزہۃ الارواح کی شرح راحۃ الاشباح کے نام سے لکھی ہے جس کے چند اقتباسات اس نے معارج الولایت میں نقل کیے ہیں،[۲۷] اپنی شرح کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"این ضعیف بر نزہۃ الارواح شرحی نوشتہ کہ مسمّٰی بہ راحۃ الاشباح فی شرح نزہۃ الارواح است......این کلمات چند بطریق اجمال نقل افتاد واگر تفصیل خواہی' راحۃ الاشباح را طلب کن"۔[۲۸]

معارج کے علاوہ اسرار مثنوی کے دیباچہ میں بھی عبدی نے راحۃ الاشباح کا حوالہ دیا ہے' معارج میں اس کے محولہ ہونے سے مترشح ہوتا ہے کہ راحۃ الاشباح ۱۰۹۶ھ (تکمیل معارج) سے پہلے تصنیف ہو چکی تھی۔

## (۳۱) مبیّنات اشراق اللمعات

شیخ فخر الدین عراقی کی شہرۂ آفاق تصنیف لمعات کی عبدی نے بھی مبیّنات

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) بدہلی تشریف بردہ بود خدمت سید حسینی بخدمت ایشان بود وچون از دہلی بہ ملتان مراجعۃ کردند از حضرت شیخ بجانب خراسان رخصت یافت وچون در شہری ہری رسید در انجا سکونت گرفت وہمانجامدفون گشت......او را تصانیف بسیار است چنانکہ نزہۃ الارواح وطرب المجالس وزاد المسافرین وکنز الرموز وسی نامہ ودیوان وسوالات کہ برآن شیخ محمود شبستری گلشن راز نوشتہ از سید محمد حسینی است"۔ (ورق ۴۸۷ ب)

۲۷ ایضاً معارج ۴۸۸۔۴۹۰

۲۸ ایضاً ورق ۴۸۷ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اشراق اللمعات کے نام سے شرح لکھی تھی، عراقی کے حالات کے باب میں اپنی اس شرح کا حوالہ اس طرح دیتا ہے:

"این ضعیف را شرحی است بر لمعات مسمّٰی به مبیّنات اشراق اللمعات کے بغایت مستحسن وموزون برای طول فوائد او را درین جا نقل نکرد واگر تحقیق لمعات خواهی مبیّنات را طلب کن"۔[۲۹]

لمعات کی اس شرح کے معارج میں محولہ ہونے سے اس کا سال تصنیف ۱۰۹۶ھ (تکمیل معارج) سے قبل قرار دیا جا سکتا ہے۔

## (۳۲) شرح حروف عالیات

یہ ملک محمد جائسی[۳۰] کی کتاب اکھروتی کی فارسی شرح ہے، عبدی نے

۲۹ عبدی: معارج الولایت ورق ۴۸۴

۳۰ ملک محمد جائسی پر اردو میں مستقل کتابیں موجود ہیں، معارج الولایت میں ہے:

"او را شیخ محمد جائسی نیز گویند ولقب اومحقق ہند معروف است مرید و خلیفه شیخ الهداد، مرید شیخ محمد مهدی است آنچه از کلام او مفهوم می شود همین است وبعضی گفته که مرید شیخ مبارك بودله است واز شیخ الهداد استفسار واسترشاد نموده بنا بران در کتب خویش مدح او بسیار کرده است و عقیده او عقیده مهدویه نیست وآنکه گفته مصراع

سیّد محمّد مهدی سانچا

یعنی سید محمد ہادی ومہدی براستی نہ آنکہ مہدی موعود است......الخ۔ (ورق ۳۴۱ ب)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

معارج الولایت میں سید محمد مہدی جونپوری، ملک محمد جائسی اور شیخ دانیال کے تراجم کے تحت اور اسرار مثنوی میں اس کے حوالے دیے ہیں۔

ملک محمد جائسی کے چند سورتھ معارج میں نقل کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"این چند سورتھ درین جا باجمال معنی نقل کردہ شد واگر تفصیل خواہی شرح حروف عالیات یعنی شرح اکھروتی را کہ از مصنفات این ضعیف است طلب کن"۔[۳۱]

اسرارِ مثنوی کے دیباچہ میں بھی اس کا حوالہ دیا گیا ہے[۳۲] ایک اور مقام پر اس سورتھ کی مزید شرح کے لیے اس کا حوالہ اسرارِ مثنوی ہی میں اس طرح دیتا ہے:

"اگر تفصیل این مقدمہ خواہی در شرح حروف عالیات درمعنی این سورتھ کہ ؎
بودندہ سمندیہہ اجرج کا سو کھون
حسیہ ہراسون ہران محمد انبیہ آب مہین"[۳۳]

اگرچہ اس شرح کا سال تصنیف معلوم نہیں ہے تاہم معارج میں اس کے محولہ ہونے سے اس کا زمانہ تصنیف قبل ۱۰۹۶ھ (تکمیلِ معارج) قرار دے سکتے ہیں۔

## (۳۳) روائح شرح لوائح

مولانا جامی کی معروف تصنیف لوائح کی عبدی نے روائح کے نام سے شرح لکھی تھی، عبدی نے اسرار مثنوی میں اس کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے:

---

۳۱؎ عبدی: معارج الولایت ورق ۳۴۱ تا ۳۴۴

۳۲؎ عبدی: اسرار مثنوی ورق اوّل نسخہ قصور

۳۳؎ عبدی: اسرار مثنوی ورق ۲۱۸ قلمی نسخہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"(برای) تحقیق این مقدمه (بحث لفظ وجود) از روائح شرح لوائح که از مصنفات این ضعیف است طلب کن"۔ [۳۴]

روائح کا اسرار مثنوی میں محولہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ شرح ۱۱۰۰ھ سے قبل لکھی جا چکی تھی۔

## (۳۴) فوائد العارفین

عبدی کے شیخ مولانا محمد رشید جونپوریؒ نے اپنے فرزند شیخ عبدالحمید (ف ۱۰۸۶ھ) کے لیے احیاء العلوم کے بعض مقامات کا عام فہم فارسی میں زاد السالکین کے نام سے ترجمہ کیا تھا جس کی عبدی نے فوائد العارفین کے نام سے تلخیص کی تھی، معارج الولایت میں لکھتا ہے:

"آن حضرت را کتابی دیگر است مسمّٰی به زاد السالکین که ترجمه بعضی مواضع احیاء ست برائے شیخ عبد الحمید بعبارتی ساده تحریر فرموده واین ضعیف مختصری از وی بر آورده که موسوم به فوائد العارفین است بغایت مستحسن واقع شده"۔ [۳۵]

فوائد العارفین ۱۰۸۳ھ (سالِ وفات شیخ محمد رشید جونپوریؒ) سے قبل تصنیف ہو چکی تھی۔

---

۳۴ ایضاً ورق ۱۸۵ ب ۱۸۶

۳۵ عبدی: معارج الولایت ورق ۳۸۳ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## (۳۵) جامع البحرین شرح دیوان شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

بقول ڈاکٹر محمد شفیع مرحوم عبدی نے بہارستان میں اس شرح کا حوالہ دیا ہے [۳۶] لیکن مؤلف احقر نے بہارستان کا بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے اس میں اس شرح کا نام نظر سے نہیں گزرا' ہاں جامع البحرین شرح دیوان حافظ کا عبدی نے بہارستان میں جابجا حوالہ دیا ہے' مولانا مرحوم نے تو بہارستان کا بغور مطالعہ فرمایا ہو گا ممکن ہے کسی ایسے مقام پر اس کا حوالہ آیا ہو جہاں راقم کی نظر نہیں گئی ویسے مولانا مرحوم نے اس شرح کے نام کے بعد سوالیہ نشان جلی قلم سے ڈالا ہے' یا تو یہ سوالیہ نشان دیوان حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے محض منسوب ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے یا بہارستان کے مقام حوالہ کی طرف۔

## (۳۶) مخزن الحقائق شرح کنز الدقائق

فقہ کی مشہور کتاب کنز الدقائق کی عبدی نے فارسی میں شرح مخزن الحقائق کے نام سے کی تھی' اسرار مثنوی کے دیباچہ میں اس نے اس کا حوالہ دیا ہے' جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شرح ۱۱۰۰ھ (سال تالیف اسرار مثنوی) سے پہلے تصنیف کی تھی۔

## (۳۷) بحر زخار شرح ہدایہ

فقہ کی معروف کتاب ہدایہ کی عبدی نے بحر زخار کے نام سے شرح لکھی تھی' بہارستان میں اس شرح کا حوالہ دیتے ہوئے ایک مقام پر لکھتا ہے:

> "در بحر زخار کہ شرح ہدایہ از مصنفات این ضعیف است آوردہ کہ......" [۳۷]

---

۳۶ ڈاکٹر محمد شفیع مرحوم: یادداشت بر زائد ورق بہارستان مخزونہ کتب خانہ مولانا مرحوم' لاہور

۳۷ عبدی: بہارستان ورق ۱۰۱ اب' ۲۳۵ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بہارستان (۱۱۰۵ھ) میں اس کے حوالے سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ شرح بھی ۱۱۰۵ھ سے قبل لکھی جا چکی تھی۔

## (۳۸) فوائدِ لالی شرح قصیدہ امالی

قصیدہ امالی عقائد کی ایک منظوم عربی کتاب ہے جس کی عبدی نے فارسی میں شرح لکھی یہ معلوم نہ ہو سکا کہ یہ شرح عبدی نے نثر میں لکھی تھی یا نظم میں، پیغمبر اور برگزیدہ لوگوں کے قاتلین پر لعن طعن کرنے کے باب میں عبدی نے اسرار مثنوی میں اپنی اس شرح کا ذکر اس طرح کیا ہے:

"تفصیل این مسئلہ از فوائد لآلی شرح قصیدہ امالی کہ از مصنفات این ضعیف است طلب کن باید کرد"۔[۳۸]

اسرار مثنوی میں اس شرح کے محولہ ہونے سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ شرح ۱۱۰۰ھ سے پہلے لکھی جا چکی تھی۔

## (۳۹) معجز شرح موجز

عبدی نے موجز کی شرح معجز کے نام سے لکھی تھی، اس کا حوالہ بہارستان میں اس طرح دیتا ہے:

"......چنانکہ در معجز شرح موجز است کہ از مولفات این ضعیف است"۔[۳۹]

یہ بھی قبل ۱۱۰۵ھ (سالِ تصنیف بہارستان) کی تالیف ہے۔

---

۳۸۔ عبدی: اسرار مثنوی ورق ۲۰۲ب

۳۹۔ عبدی: بہارستان ورق ۱۴۷ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۴۰) شرح نو بہار

نور بہار کی شرح کا حوالہ حروف ابجد کی مزید توضیح کے سلسلہ میں بہارستان میں اس طرح دیتا ہے:

"اگر تفصیل معنی حروف وابجد خواہی شرح نوبہار را کہ از مولفات این ضعیف است طلب کن"۔[۴۰]

یہ بھی قبل ۱۱۰۵ھ (سال تصنیف بہارستان) کی تالیف ہے۔

(۴۱) اسرارِ الٰہی

(۴۲) مزرعۃ الآخرۃ

(۴۳) سلسلۃ الذہب

(۴۴) مظہر العجائب

(۴۵) مظہر الغرائب

ان پانچ تصانیف (نمبر ۴۱ تا ۴۵) کا حوالہ عبدی نے بہارستان اور اسرار مثنوی میں دیا ہے' ان کے حوالے عبدی نے جن سیاق و سباق کے ساتھ دیئے ہیں' ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ پانچوں کتابیں عبدی نے علم کیمیا پر تصنیف کی ہیں اگرچہ ان میں دیگر علوم کے مباحث بھی شامل ہوں گے' بہارستان میں اپنی ان پانچوں تصانیف کا حوالہ یکجا دیا ہے:

---

۴۰ ایضاً ورق ۱۶۱

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"این کمالات مہارات او در دین علم بود وبعضی گویند که این از خوارق عادت او بود چه در علم کیمیا بدون دادن فلذات تفسیر ننمایند واگر تفصیل این معنی خواہی اسرار الٰہی ومزرعة الآخرة وسلسلة الذہب ومظہر العجائب ومظہر الغرائب را که از مصنفات این ضعیف اند طلب کن"۔ [۴۱]

اسرار مثنوی میں ان میں سے دو کتابیں اسرار الٰہی اور مظہر العجائب مذکور ہیں، علم کیمیا اور سیمیا کی شرح کرتے ہوئے لکھتا ہے:

"بعضی گفته که کیمیا اجزاء ادویه که بحسب خاصیت فلذات وکائنات مثل مس و سرب وغیر آن را طلا ونقره سازد سیمیا تاثرات غریبه که از پر عقل بشری چیزی بوجود آید انتہی بدانکه کیمیا وسیمیا دو علم اند واگر تفصیل این علوم خواہی کتاب اسرار الٰہی وکتاب مظہر العجائب که ہر دو از مولفات این ضعیف اند طلب کن"۔ [۴۲]

اسرار الٰہی اور مظہر العجائب کا اسرار مثنوی میں محولہ ہونا اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ دونوں کتابیں قبل ۱۱۰۰ھ (تالیف اسرار مثنوی) لکھی جا چکی تھیں، باقی

۴۱ عبدی: بہارستان ورق ۷۷ ب

۴۲ عبدی: اسرار مثنوی ورق ۵۹ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تین کتابوں کے بہارستان (۱۱۰۵ھ) میں محولہ ہونے سے ان کا سال تالیف قبل از ۱۱۰۵ھ قرار دے سکتے ہیں۔

## (۴۶) کفایت الاسرار

عبدی نے اسرار مثنوی میں اس کا حوالہ دیا ہے، حوالے کے سیاق وسباق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب تخلیق انسان، احوال مرض موت اور دیگر فقہی و متصوفانہ مسائل پر مشتمل ہوگی، اسرار مثنوی میں اس کا حوالہ اس طرح آیا ہے:

از منازل ہای جانش یاد داد......واز سفر ہای روانش یاد داد

"یعنی منازل ہای جان که قبل از دخول در بدن در آنجا بود بعد از خروج از بدن درآن فرود آید او را یاد داد و از سفرہای روان که در حین حیوۃ درآن سیر کند یاد داد وچون آن سفر بر سه نوع است اول و ثانی و ثالث بنا بران بلفظ جمع آورد و دور نیست که در مصراع اوّل مراد از سیر الی اللّٰه بود و در مصراع ثانی مراد از سیر فی اللّٰه چنانکه تفصیل آن دو در کفایت الاسرار که از مولفات این ضعیف است مذکور است"۔ [۴۳]

کفایت الاسرار کے حوالوں کا اسرار مثنوی میں موجود ہونے کا مطلب واضح

---

۴۳ عبدی: ایضاً ورق ۱۳۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے کہ یہ کتاب ۱۱۰۰ھ سے پہلے تالیف ہوئی۔

## (۴۷) کفایت الانوار

کفایت الانوار کا حوالہ عبدی نے بہارستان میں سعدی کے حسب ذیل قول کی شرح کرتے ہوئے اس طرح دیا ہے:

"متحمل است کہ درویش را نفس امارہ (سعدی)

......نفس را لوامّہ خوانند و در اواخر چون عروق نزاع و کراہۃ بکلی از شرع ومستاصل گردد از حرکۃ منازعہ بادل کماستہ باید و در تحت جریان احکام رام گردد وکرہش برضا مبدل گردد وآن را مطمئنہ خوانند چنانکہ در کفایت الانوار کہ از مولفات این ضعیف است مذکور است"۔[۴۴]

کفایت الانوار بھی قبل ۱۱۰۵ھ کی تصنیف ہے۔

## (۴۸) مہمیز

عبدی نے بہارستان میں مہمیز کا حوالہ اس طرح دیا ہے:

"چنانکہ در کتاب مہمیز است کہ از مولفات این ضعیف است این حدیث را از صحاح اخبار آوردہ است"۔[۴۵]

---

[۴۴] عبدی: بہارستان ورق ۲۰۱ب

[۴۵] ایضاً ورق ۹۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بہارستان (۱۱۰۵ھ) میں اس کے محولہ ہونے سے سال تصنیف قبل از ۱۱۰۵ھ قرار دے سکتے ہیں' بہارستان کے قلمی نسخۂ مولوی محمد شفیع مرحوم میں اس کا نام صحیح نہیں پڑھا جا سکا' مولانا مرحوم نے اپنی یادداشت میں اس کو مہمیز لکھا ہے۔[۴۶]

## (۴۹) ارشاد الحربی

عبدی نے بہارستان میں ارشاد الحربی کا حوالہ شرح مثنوی کے ساتھ اس طرح دیا ہے:

"تفصیل این معنی از شرح مثنوی وارشاد الحربی که هر دو از مصنفات این ضعیف اند طلب کن"۔[۴۷]

یہ بھی ۱۱۰۵ھ سے پہلے کی تصنیف ہے۔

## (۵۰) ارشاد العالمین

عبدی نے اپنی اس کتاب میں ذات باری تعالیٰ سے متعلق بحث کی ہے' اس باب میں علماء وصوفیہ کے اقوال نقل کرنے کے بعد عبدی نے اپنی اس تصنیف کا حوالہ اس طرح دیا ہے:

"اگر تفصیل این معنی (ذات) خواهی ارشاد العالمین را که از مصنفات این ضعیف است طلب کن"۔[۴۸]

---

۴۶ مولوی محمد شفیع مرحوم: یادداشت برزائد ورق بہارستان قلمی مملوکہ مولانا مرحوم' لاہور

۴۷ شرح مثنوی' ۱۶۱ب

۴۸ عبدی: تحفۂ دوستان شرح بوستان قلمی ورق ۱۲۱ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی نے اپنی اس کتاب کا حوالہ تحفۂ دوستان شرح بوستان (تصنیف ۱۱۰۶ھ) میں دیا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ ۱۱۰۶ھ سے پہلے کی تصنیف ہے۔

## (۵۱) ہدایۃ المضلین

## (۵۲) بوارق خاطفہ

عبدی نے اپنی ان دونوں تصانیف میں فضائل خلفائے راشدینؓ اور ان خلفاء کرام سے متعلق جو غلط فہمیاں پیدا ہوگئی ہیں، کا ازالہ کیا ہے، عبدی نے ان دونوں کا حوالہ تحفۂ دوستان میں دیا ہے[۴۹] جس سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ دونوں کتابیں ۱۱۰۶ھ (سالِ تصنیف تحفۂ دوستان) سے قبل تصنیف ہوئیں۔

## (۵۳) قواعد التکسیر

## (۵۴) خلاصۃ التکسیر

## (۵۵) فوائد التکسیر

عبدی نے اپنی ان تینوں تصانیف کے حوالے جن سیاق و سباق کے ساتھ دیئے ہیں اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ کتابیں تعویذ نویسی اس کے قواعد و ضوابط اور فوائد، نتائج اور اثرات سے متعلق ہیں، تحفۂ دوستان میں ان کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتا ہے:

"بتعویذ احسان زبانش به بند (سعدی) تعویذ بالفتح پناه دادن کسے را و در عرف آیتی یا دعائ یا نقشی از رباعی وثلاثی ومانند آن

---

۴۹ ایضاً ورق ۲۲

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نبشۃ در نقرہ ومانند آن گیرند ودر بازو یا گردن
برای دفع بلا وزبان مردم بندند واگر تعویذ
زبان پندی خواہی در قواعد التکسیر وخلاصۃ
التکسیر وفوائد التکسیر کہ ہر ۳ کتاب از
مصنفات این ضعیف اند طلب کن"۔ [۵۰]

ان تینوں کتابوں کے حوالے عبدی نے تحفۂ دوستان (تصنیف ۱۱۰۶ھ) میں دیئے ہیں جس سے واضح ہے کہ یہ کتابیں عبدی ۱۱۰۶ھ سے پہلے لکھ چکا تھا۔

## (۵۶) تحفۂ سریہ (فارسی نظم)

یہ رسالہ کلیات خمس وتنزلات' عبدی نے اس رسالہ کی خود ہی تحفۂ نوریہ کے نام سے شرح لکھی تھی (رک باں)۔

## دیوان عبدی

عبدی نے اپنی مختلف تصانیف میں اپنے اشعار کثرت سے نقل کیے ہیں جن کی موجودگی میں ہم قیاس کر سکتے ہیں کہ اس نے اپنے اشعار کا کوئی مجموعہ خود مرتب کیا ہوگا جس کا نہ تو اس نے اپنی تحریرات میں دیگر تصانیف کی طرح حوالہ دیا ہے اور نہ ہی اس کے وجود کا ہنوز ہمیں علم ہو سکا ہے' اس کی مستقل منظوم فارسی کتاب تلقین المریدین پر بحث کی جا چکی ہے۔

☆☆☆☆☆

---

۵۰ عبدی: تحفۂ دوستان قلمی ورق ۱۵۱
مخطوط میں خلاصۃ التشیر اور قواعد التشیر لکھا ہوا تھا جو ہمارے نزدیک کتابت کی غلطی ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# عبدی کا سالِ وفات

افسوس ہے کہ ہنوز عبدی کا سالِ وفات کسی مطبوعہ اور متعارف کتاب میں نہیں مل سکا' راس اور براؤن نے عبدی کی شرح مثنوی مکتوبہ ۱۱۳۳ھ کو عبدی کے خودنوشت ہونے کا احتمال ظاہر کیا ہے' اس قیاس آرائی کو بنیاد بنا کر سٹوری نے لکھ دیا ہے کہ عبدی ۱۱۳۳ھ میں قصور میں بقیدِ حیات تھا لیکن اس شرح مثنوی کے قبل از ۱۱۰۵ھ میں تصنیف ہونے پر ہم بحث کر کے ثابت کر چکے ہیں جس سے مذکورہ مستشرقین کی قیاس آرائی غلط ثابت ہو گئی ہے' ہمیں اس کتاب کی تالیف تک عبدی کی جس آخری تصنیف کا پتہ چل سکا ہے وہ تحفۂ دوستان ہے جو ۱۱۰۶ھ میں تصنیف ہوئی گویا ہماری تحقیق کے مطابق عبدی کا زمانۂ حیات ۱۰۴۳ھ تا ۱۱۰۶ھ ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

# عبدی کی حضرت مجدد الف ثانی کی مخالفت

عبدی کی تصانیف کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُسے حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے بڑی عداوت تھی، اس نے اپنی تصانیف میں حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ، آپ کی اولاد اور خلفاء کے خلاف جا بجا الزام تراشی کی ہے، اُسے جہاں کہیں حضرت شیخ مجددؒ یا آپ کے خلفاء کے خلاف تحریر نظر آئی ہے اُسے بغیر سوچے سمجھے عداوت کے جوش میں اپنی مختلف تصانیف میں نقل کر دیا ہے، اس کے اس فعل سے حضرت مجددؒ کے معتقدین کے جذبات کو تو یقیناً ٹھیس پہنچی لیکن مخالفت کے نشے میں اس نے حضرت مجددؒ کے خلاف جو مواد اپنی تصانیف میں جمع کر دیا ہے اس سے کم از کم حضرت شیخ مجددؒ کی مخالفت کی نوعیت بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ اکثر مخالفین کی مخالفت محض عداوت اور ہوا پرستی پر مبنی تھی، آج اس زہر آلود اور خلافِ حق مواد تک رسائی کا واحد ذریعہ عبدی کی ہی تصانیف ہیں ورنہ یہ مواد آج تقریباً ناپید ہوتا۔

## عبدی کی چند جانبدارانہ تحریریں

حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ کے دیگر مخالفین کی طرح عبدی نے بھی اپنی مخالفت کا آغاز حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے مکتوب بر اعتراضات حضرت مجدد الف ثانیؒ کی آڑ لے کر کیا ہے، یہ مکتوب عبدی نے معارج الولایت میں من و

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عن نقل کر دیا ہے[1] مکتوب شیخ نقل کرنے سے پیشتر مکتوب پر حسب ذیل تبصرہ کیا ہے:

"چون شیخ احمد کابلی سرہندی معاصر او بود واکثر در شطحیات خویش بشطحیات قایل شدہ کہ اکثری ازان قایلِ تاویل نیست در ردّ او کوشیدہ' بعضی از مقدماتِ او را در مکتوبات خویش بعینہٖ ایراد نمودہ واستفساری از روی تعریض و تجہیل فرمودہ بعضی اجوبہ کہ شیخ احمد بعینہٖ ازوی گفتہ و باو رسیدہ آن را نقل کردہ و در دفع او کوشیدہ واز اوضاع واطوار او کہ ظاہر بشرائع و در باطن متکلم بشطحیات می شد' متنفر بودہ چنانکہ از کلام او در مکتوب مفہوم می شود"۔[2]

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کو حضرت شیخ مجدد الف ثانی کے بارے میں کچھ اشکال پیش آئے اور شیخ محدثؒ کے یہ اشکال حضرت مجدد الف ثانی کے بعض کشوف سے تھے لیکن یہ اختلاف صرف علمی اختلاف کی حد تک تھا' مخالفت ہرگز مقصود نہیں تھی یہ ثابت ہو چکا ہے کہ کچھ عرصہ بعد حضرت شیخ محدثؒ حضرت مجددؒ کے بارے میں

1۔ شیخ کا یہ مکتوب پروفیسر خلیق احمد نظامی نے اپنی تالیف "حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی" صفحہ ۳۱۲ تا ۳۴۴ میں معارج الولایت سے نقل کر کے بطور ضمیمہ شائع کر دیا ہے۔

2۔ عبدی: معارج الولایت ورق ۵۶۹ ب

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مطمئن ہو گئے اور اعتراضات واپس لے لیے تھے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے اعتراضات بر شیخ مجدد الف ثانی سے شیخ محدث کے رجوع کے اثبات کے باب میں شیخ نورالحق مشرقی ابن شیخ محدثؒ کی روایت قابل توجہ ہے جو شیخ نورالحق مشرقی کے ایک معاصر مصنف شیخ فتح محمد فتح پوری چشتی صاحبِ مناقب العارفین کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہے' مناقب العارفین ہمیں دستیاب نہیں ہو سکی' اس لیے مجبوراً مولانا محمد داؤد سے یہ روایت نقل کرنا پڑی' وہ لکھتے ہیں:

> ''شیخ فتح محمد فتح پوری چشتی اپنی کتاب ''مناقب العارفین'' میں لکھتے کہ شیخ عبدالحق کے صاحبزادے مولانا نورالحق سے معلوم ہوا کہ شیخ صاحب نے آپ کے مکتوبات کے ردّ میں ایک رسالہ لکھا تھا جب ان کو حسن خان کی تحریف کا واقعہ معلوم ہوا تو انہوں نے معذرت کا مکتوب لکھا''۔ [۳]

اکثر نقشبندی بزرگ شیخ محدث کے رجوع کے قائل ہیں' چنانچہ حضرت شاہ غلام علیؒ جنہوں نے مذکورہ مکتوب شیخ محدث کا جواب لکھا ہے' بھی رجوع کے قائل ہیں' رجوع کے سلسلہ میں شیخ محدث کا ایک مکتوب بنام خواجہ حسام الدین کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''در مکتوبی مرسل بحضرت مرزا حسام الدین خلیفہ حضرت خواجہ خواجگان محمد باقیؒ نوشته اند که غباری که فقیر را بخدمت حضرت شیخ احمد بود رفع شد وغشاوۂ بشریت نماند بذوق ووجدان در دل چیزی

۳ ابوالبیان محمد داؤد پسروری: سیرت امام ربانیؒ مطبوعہ امرتسر ۱۹۲۵ء صفحہ ۱۹۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

افتادہ کہ باچنین عزیزان بدنباید بود"۔[۴]

ہمارے نزدیک حضرت شیخ عبدالحقؒ کے رجوع کرنے کی روایت من گھڑت نہیں ہے بلکہ اس کے اصح ترین ہونے کے مندرجہ بالا شواہد کے علاوہ ایک بڑی دلیل یہ بھی ہے کہ اگر شیخ محدث رجوع نہ فرماتے تو آپ کی اولاد سلسلہ مجددیہ میں کبھی بیعت نہ ہوتی چنانچہ آپ کے فرزند ارجمند مولانا نورالحق مشرقی (متوفی ۱۰۷۳ھ). حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مرید تھے۔[۵] حضرت حافظ محمد محسن دہلوی (متوفی ۱۱۴۷ھ) نواسۂ حضرت شیخ محدثؒ بھی حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے خلیفہ تھے۔

حضرت خواجہ کا ایک مکتوب گرامی بھی آپ کے نام ہے[۶] حضرت مرزا مظہر جانجاناں کے مرشد حضرت نور محمد بدایونیؒ نے حضرت حافظ محمد محسنؒ سے اخذ فیض کیا تھا[۷] اور حضرت شیخ محمد احسان متوفی ۱۲۰۶ھ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کے مرید تھے۔[۸]

۴ شاہ غلام علی دہلوی: رسائل سبعہ سیارہ صفحہ ۳۰' کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ جلد ا صفحہ ۲۱۱۔ اردو ترجمہ

۵ رحمان علی: تذکرہ علمائے ہند ۵۳۴۔ محمد عالم شاہ فریدی: مزارات اولیائے دہلی ۱۰۸' طباعت سوئم دہلی

۶ میر سید شرف الدین حسین: مکتوبات معصومہ (وسیلۃ السعادت) جلد اول مکتوب نمبر ۶۷ مطبوعہ د ملخص اشاعت مکتوبات معصومیہ از مولانا نسیم احمد امروہی مطبوعہ الفرقان لکھنؤ ۱۹۶۰ء ۳۸

۷ رحمان علی: تذکرہ علمائے ہند' عبدالحی حسنی: نزہۃ الخواطر جلد ۶ ۲۴۶ محمد عالم شاہ فریدی: مزارات اولیائے دہلی ۱۱۱' امام بخش بن پیر بخش: حدیقۃ الاسرار فی اخبار الابرار فارسی ۱۷۵' محمد نواب مرزا دہلوی (آفتاب بیگ) تحفۃ الابرار جدول پنجم ۱۹ مطبوعہ رضوی پریس دہلی ۱۳۲۵ھ۔ نعیم اللہ بہرائچی: معمولات مظہریہ صفحہ ۱۸

۸ امام بخش: حدیقۃ الاسرار فی اخبار الابرار ۱۷۹ محمد نواب مرزا آفتاب بیگ: تحفۃ الابرار جدول پنجم ۲۲

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت شیخ محدث کی اولاد میں سے مذکورہ بزرگوں کا سلسلہ مجددیہ میں بیعت ہونا اس امر کا قطعی ثبوت ہے کہ شیخ محدث کے رجوع کی روایات وضعی نہیں ہیں۔

مگر عبدی نے حضرت مجدد الف ثانیؒ پر جو اعتراضات کیے ہیں ان کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے حضرت مجددؒ کی کوئی بھی تصنیف ایک طالب کی حیثیت سے نہیں پڑھی بلکہ ایک مخالف کی طرح کسی کتاب کے جستہ جستہ مقامات دیکھ کر مخالفت کے جوش میں کچھ سے کچھ لکھ دیا ہے، مؤلف کے خیال میں عبدی نے حضرت مجدد الف ثانی پر جو اعتراضات کیے ہیں ان کا واحد ماخذ اس کے عہد کی ایک غیر معتبر کتاب کا سرالمخالفین ہے، جو حضرت مجدد الف ثانیؒ اور آپ کے متبعین کے ردّ میں لکھی گئی تھی گویا عبدی کی حضرت مجدد الف ثانی کی مخالفت کا سرالمخالفین کے پیدا کردہ شبہات پر مبنی ہے۔

یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس نے خود حضرت مجدد الف ثانیؒ کی کوئی تصنیف نہیں پڑھی بلکہ اس کا سرالمخالفین میں شیخ مجدد الف ثانیؒ کی کتاب سے محرف منقول اقتباسات ہی اس کی معلومات کا واحد ذریعہ ہیں، جس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ راقم احقر نے عبدی کی محولہ کتاب کا سرالمخالفین سے عبدی کے اعتراضات کا موازنہ کر کے دیکھا تو اس میں کوئی خاص تبدیلی نظر نہیں آئی، ہاں کا سرالمخالفین کی تلخیص درج کرنے سے پیشتر اور اختتام پر اپنی طرف سے چند سطور میں عبدی نے تبصرہ ضرور کیا ہے، وہ لکھتا ہے کہ مشائخ متقدمین میں سے جو وحدت الوجود کے قائل

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) شاہ غلام علی: مقامات مظہری اب، مطبوعہ مطبع مجتبائی

شیخ محدث کے اعتراضات اور ان کے رجوع کی روایت کی تنقیح کے لیے ملاحظہ ہو: رسائل در دفاع حضرت مجدد الف ثانیؒ از مولانا وکیل احمد سکندر پوری پر ہمارا مفصل مقدمہ، دفاع حضرت مجدد الف ثانی اور زاد المعاد۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تھے' مثلاً حسین بن منصور حلاج اور شیخ محی الدین ابن عربی کو حضرت مجدد الف ثانی نے اپنے مکتوبات میں ملحد اور زندیق کہا ہے اور اپنے مکتوبات ہی میں حضرت شیخ محی الدین ابن عربی کی تکفیر بھی کی ہے۔

ان بے حقیقت اعتراضات کے پیش نظر عبدی کے اختلاف کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے' اب اس کی اصل عبارت ملاحظہ ہو:

''بدعوة طالبان حق ارشاد کرد' پس وی اکثر طالبان ہدایت نمودی وبجانب حق دلالت فرمودی وبر اجراءِ شرایع تقیّد فرمودی وتارك شرائع را توبیخ وزجر کردی ومرتکب شرایع را دوست داشتنی وچون برای تحریمه نماز برخاستی اغلب اوقات نیت را به دل کردی وزبان را ساکت گردانیدی وگفتی که رسول صلی اللّٰه علیه وسلم نیّت به دل کرده نه بزبان' زیراکه نیت فعل قلب است نه فعل لسان' واز مشائخ متقدمین ہر که قایل بوحدة وجود شده چنانکه حسین منصور و شیخ محی الدین عربی وامثال آن او را ملحد و زندیق گفتی' در مکتوبات خود که مجلد بسه است در اکثر مواضع شیخ محی الدین عربی را تکفیر نموده و در بعضی محال نسبته مذاہب اعتزال بوی ثابت نموده وبا این ہمه او

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

را از جملہ مقبولان شمردہ وچون در حدیث نبوی ﷺ واقع شدہ کہ من حَفر لاخیہ لم یمت حتی وقع فیہ چنانکہ بر مشائخ شطحایت طعن کردی‘ خود نیز اکثر جای قایلِ شطحیات شدہ وازین جہت جہانگیر بادشاہ شیخ را در گوالیار مدتی محبوس ساخت‘ چنانکہ شیخ قرآن را در آنجا حفظ کرد وچون بادشاہ بر برأۃ ذمہ او وقوف یافت در معذرت شتافت‘ فرمود کہ حاجت اعتذار نیست زیرا کہ درین حبس بحفظ کلام الٰہی مستعد شدم وچون این حقیر را بر مشائخ اعتقاد صحیح و عقیدہ صریح است باوجودیکہ علماء عصر و فضلاء دہر بر بطلان کلام او فساد سخنان او فتویٰ دادہ بحسب طاقت فہم و قدرۃ ذہن خویش (در) توجیہات شطحیاتِ ایشان مع ایرادات ایزاد می نماید“۔[9]

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تکفیر میں کئی فتوے لکھے گئے جن میں سے ایک فتویٰ عبدی نے اپنی تصنیف معارج الولایت میں نقل کر لیا تھا۔[10]

---

9 عبدی: معارج الولایت ورق ۵۸۷۔اُب

10 ملاحظہ ہو ضمیمہ دوئم کتاب ہذا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## عبدی اور شیخ آدم بنوریؒ

عبدی نے معارج الولایت میں بہ ضمن ترجمہ شیخ احمد قشاشی [11] لکھا ہے کہ جب شیخ آدم بنوریؒ ہندوستان سے حجاز آئے تو انہوں نے حقائق و معارف علانیہ بیان کرنے شروع کر دیئے اور محرم و نامحرم میں تمیز نہیں کرتے تھے' حفظ مراتب بھی ملحوظ نہیں رکھتے تھے چنانچہ ایک مرتبہ علماء کے ایک مجمع میں جس میں کہ شیخ احمد قشاشی بھی موجود تھے' افضلیت کعبہ کا مسئلہ بیان ہو رہا تھا' شیخ آدم بنوریؒ نے حقیقت کعبہ کو حقیقتِ محمدی (ﷺ) اور سائر انبیاء علیہم السلام اور اولیاء پر فضیلت دی لیکن اس کے برعکس شیخ احمد قشاشی حضور نبی اکرم ﷺ انبیائے کرام اور اولیاء کو کعبہ پر فضیلت دیتے تھے' دونوں طرف سے دلائل و براہین کا تبادلہ ہوتا رہا بقول عبدی بالآخر شیخ آدم بنوریؒ نے اپنے خیال سے رجوع کرتے ہوئے حضرت نبی کریم ﷺ کو کعبہ سے افضل تسلیم کر لیا مگر دیگر انبیاء اور اولیاء کی کعبہ پر افضلیت تسلیم کرنے سے انکار کر دیا' اس پر شیخ آدم بنوریؒ کے ردّ میں شیخ احمد قشاشی نے ایک مستقل رسالہ تصنیف کر ڈالا' عبدی لکھتا ہے:

"درین اثنا شیخ آدم بنوریؒ از ہندوستان به دیار حجاز رسید' چون حقائق و معارف را علانیه گفتی واز محرم ونامحرم تمیز نکردی وحفظ مراتب نه داشتی چنانکه روزی که در مجمعِ علماء که شیخ احمد قشاشی نیز در انجا حاضر بود بافضیلت حقیقت کعبه برحقیقت محمدی و سائیر حقائق انبیاء علیهم السلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ومومنان ادعاء نمود' شیخ احمد (قشاشی) گفت ہر مدعی را دلیلی است ودلیل شما بر افضیلت کعبہ بر محمد ﷺ چیست؟ گفت دلیل برا فضیلۃ کعبہ بر محمد مصطفی ﷺ ساجدیۃ محمد ﷺ ومسجودیۃ کعبہ وصورت کعبہ این سنگ و کلوخ سقف وجدران نیست بلک چیزی است کہ ظہور دارد وصورت ندارد وعقل از تشخیص آن عاجز است' شیخ احمد (قشاشی) گفت این کلام بوجوہ کثیرہ باطل' اوّل آنکہ اجماع است زیرا کہ اجماع منعقد است برآنکہ سرور کائنات علیہ من اللّٰہ افضل الصلٰوۃ افضل مخلوقات است' بلک قبر شریفش را از کعبہ افضل دانستہ اند......وادلۂ جانبین بسط انجامید وشیخ احمد (قشاشی) بادلّہ را جج آمد شیخ آدم از افضلیۃ کعبہ بر محمد ﷺ رجوع کرد وبافضیلۃ آن حضرت ﷺ بر کعبہ اعتراف نمود ولیکن بافضیلیت انبیاء علیہم السلام ومومنان بر کعبہ اقرار نکرد' شیخ احمد رسالۂ طویلہ بر ردّ قول او تصنیف کرد وافضیلۃ محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم وسائیر انبیاء علیہم السلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ومومنان بر کعبه بدلائل نصوص واحادیث دروی اثبات نموده......آن رساله درین مختصر بعینه ایرادمی نماید وآن اینست۔

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحیم وصلی اللّٰه وملائکه والمؤمنون اجمعون......الخ' اختتام رساله۔

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاکِیْنِ ۔

یہ مذکورہ رسالہ عبدی نے معارج الولایت میں من وعن نقل کر دیا ہے جو چالیس اوراق پر مشتمل ہے۔[۱۲]

حجاز مقدس پہنچ کر حضرت شیخ آدم بنوریؒ (متوفی ۱۰۵۳ھ) نے اپنے بڑے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد (متوفی ۱۰۶۳ھ) کو ایک مکتوب لکھا جس میں آپ نے مذکورہ مسئلے کا بھی ذکر فرمایا ہے' اس مکتوب میں لکھتے ہیں:

"روزی که از منیٰ بطواف حضرت کعبه آمدیم چون قریب روضهٔ مطهره حضرت سیدة النساء خدیجه کبریٰ آمدیم یک بیک چیزی که هرگز در خاطر نبود از آنجا تا رسیدن باب حرم کریم بظهور آمد' الحمد للّٰه والمنة آنچه فضیلت ومفضولیت حقیقة کعبهٔ معظمه باختلاف اکابر مشائخ از حقیقة محمدی علیه الصلوٰة والسلام اتمها تسلی پذیر حاصل

۱۲ عبدی: معارج الولایت ورق ۶۰۶ تا ۶۴۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نمی شد' اطمینان جلی نصیب گشت چنانچہ تفصیل آن از کاغذ علیحدہ واضح خواہد شد"۔[۱۳]

حضرت شیخ آدم بنوریؒ کے درج بالا مکتوب کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ اکابر مشائخ کے اس اختلافی مسئلہ میں غیر مطمئن تھے اور یک بیک الہامی صورت میں انہیں اطمینان کامل نصیب ہو گیا' اس مکتوب سے ہرگز یہ مترشح نہیں ہوتا کہ انہوں نے اس نظریہ سے رجوع کر لیا تھا' اس نظریہ سے انحراف اس لیے بھی مشکل نظر آتا ہے کہ شیخ آدم بنوریؒ کے مرشد ارشد حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ بھی حقیقت کعبہ کو حقیقت محمدی پر ترجیح دیتے تھے' اس مسئلے پر حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اپنے مکتوبات میں مفصل بحث کی ہے۔[۱۴]

## وجوہِ مخالفت

عبدی کے اسلاف و اجداد کے حالات پر ایک نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کے جدِ اعلیٰ پیرو تو عرف پیر کبار کا طبعی میلان زیادہ تر سلسلۂ چشتیہ کی طرف تھا اور یہ حضرت شیخ مودود چشتیؒ کے مرید تھے۔

پیر کبار کی اولاد میں سے اکثر حضرات سلسلۂ چشتیہ کے مشائخ طریقت تھے۔

۱۳ شیخ محمد عمر بن ابراہیم پشاوری: ظواہر ۱۱۱۲ھ ورق ۹۶ قلمی

۱۴ مجدد الف ثانی امام ربانیؒ: مکتوبات شریف جلد سوم مکتوب نمبر ۱۲۴

نیز ملاحظہ ہو:

حضرت مجدد الف ثانی امام ربانیؒ: مبداء و معاد نمبر ۴۸

مولانا بدر الدین سرہندیؒ: حضرات القدس ۲/ ۱۲۶ فارسی مطبوعہ' اردو ترجمہ دفتر دوم ۹۹' شاہ غلام علی دہلویؒ: رسائل سبعہ سیارہ ۵۰ مطبوعہ مطبع علوی نقشبندی ۱۲۸۴ھ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی کے اسلاف میں سے کسی نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مخالفت کی ہو' اس کی تصدیق عبدی کی اپنی تصانیف سے بھی نہیں ہو سکی' حضرت مجدد الف ثانیؒ عبدی کے دادا شیخ احمد شوریانی قصوری کا بہت احترام کرتے تھے اور آپس میں عقیدت مندانہ روابط بھی تھے[15] اس لیے ہم عبدی کی وجوہِ مخالفت کے باب میں یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ عبدی کے اسلاف حضرت مجدد الف ثانی کی مخالفت کرتے آئے ہوں اس لیے عبدی نے بھی اپنے اسلاف کی سنت پر عمل کیا۔

اندریں حالات عبدی کی اپنی تصانیف کے بغور مطالعہ سے اُس کی حضرت مجدد الف ثانی اور آپ کے خلفاء کے ساتھ عداوت کے حسب ذیل وجوہ سامنے آتے ہیں:

عبدی تیرہ چودہ سال کی عمر میں علومِ دینیہ کی تحصیل کے لیے قصور سے لاہور چلا آیا تھا یہاں جن اساتذہ کے سامنے اس نے زانوئے تلمذ طے کیا' ان میں سے ایک کا نام شیخ نعمت اللہ لاہوری بھی ہے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تکفیر میں جو فتوے لکھے گئے ان میں ایک فتوے میں یہ صاحب بھی شریک نظر آتے ہیں[16] گمان غالب ہے کہ عبدی کو حضرت مجدد الف ثانی کی مخالفت کا جذبہ زمانہ طالب علمی میں شیخ نعمت اللہ ہی سے ملا ہوگا۔

---

[15] تفصیل اجدادِ عبدی کے تحت درترجمہ شیخ احمد شوریانی گزر چکی ہے۔

"شیخ احمد کابلی بسیار عزت و توقیر ایشاں نگاہ داشتی وچون ہر دو عزیز یک جا بودند ومعارف و حقائق را ذکر کردندی' اجنبی رادران مجلس دخل نبودی و دو سه روز خلوت کردی وشیخ احمد ایشان را بسیار پسندیدی"۔ (معارج الولایت ورق ۳۶۹)

[16] ملاحظہ ہو ضمیمہ نمبر۲ کتاب ہذا

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## وجودی صوفیہ کی صحبت

عبدی کی جن صوفیۂ کرام سے صحبت رہی ہے ان میں سے اکثریت غالی وحدت الوجودی صوفیہ کی ہے جس کی وجہ سے اس کا وحدت الوجود سے طبعی میلان بتدریج مستحکم ہوتا چلا گیا عالم جوانی میں عبدی جب بسلسلۂ ملازمت احمد آباد گیا تو وہاں شاہ سراج سے ملاقات کی، وہاں دیگر مسائل کے ساتھ مسئلۂ وجود بھی زیرِ بحث آیا عبدی نے وجود کے باب میں جو دلائل دیئے وہ اس کے طبعی میلان کی ترجمانی کرتے ہیں (مزید وضاحت کے لیے کتاب ہذا کا باب۔ ''عبدی مشائخ کی خدمت میں'' ملاحظہ ہو)۔

احمد آباد میں شیخ عبدالرحمٰن از اولاد شیخ قطب العالم سے بھی ملاقات ہوئی جنہوں نے شیخ محی الدین ابن عربی کی فتوحاتِ مکیہ کا تیس سال تک بعور مطالعہ کیا تھا اور اس پر کامل عبور رکھتے تھے، عبدی ان سے بے حد متاثر ہوا۔[17]

عبدی اپنے جن معاصر صوفیہ سے متاثر نظر آتا ہے ان میں شیخ پیر محمد لکھنوی بھی ہیں جن کی سماع اور وحدت الوجود سے غایت درجہ رغبت مشہور ہے۔

شیخ محمد رشید جونپوری جن سے عبدی انتہائی متاثر نظر آتا ہے، کی تعلیمات و نظریات عبدی پر پوری طرح مسلط تھے، شیخ محمد رشید جونپوری آخری عمر میں درس و تدریس کا سلسلہ یکسر بند کر کے ابن عربی کی تصانیف لے کر گوشہ نشین ہو گئے تھے اور اپنی بقیہ زندگی ان کتابوں کے مطالعہ اور معترضینِ ابن عربی کے جوابات لکھنے میں صرف کرنے کا تہیہ کر لیا تھا۔

شیخ محب اللہ الہ آبادی کے نظریات جب عوام میں عام ہوئے تو ان کے قتل

---

[17] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: باب عبدی مشائخ کی خدمت میں

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تک نوبت پہنچی، یہ شیخ محمد رشید جونپوری ہی تھے جو برق رفتاری کے ساتھ جونپور سے آئے اور ان کو عوام کے نرغے سے بچایا اور ان کے کلام کی توجیہات کر کے عوام کے جذبات فرو کیے۔[۱۸]

عبدی اپنے دوسرے ہم عصر بزرگ شیخ برہان الدین برہان پوری شطاری سے بھی متاثر نظر آتا ہے، جو شطاری سلسلہ کے غالی وحدت الوجودی صوفی تھے، شیخ برہان کے شیخ طریقت عیسیٰ سندھی تو شیخ محی الدین ابن عربی کے افکار پر شیفتہ تھے اور اپنی زندگی محض ابن عربی کی تصانیف کے مطالعہ کے لیے وقف کر دی تھی، ابن عربی کی تصانیف کا ہمہ وقت درس دیتے رہتے تھے اور ان کا تمام زورِ علم ان کی تصانیف کے مشکل مواضع کی توجیہات و تاویلات میں صرف ہوتا تھا، حدودِ شریعت کی بھی پروانہیں کرتے تھے، ان کی اسی آزاد مشربی کے پیشِ نظر مولانا محمد فضل اللہ نے انہیں ملحد او زندیق کہا تھا۔[۱۹]

شیخ برہان میں بھی شیخ عیسیٰ کے نظریات پوری طرح جلوہ افروز تھے، اسی لیے ان کے ہم عصر شیخ اُنہیں ''بدعتی'' کے لفظ سے یاد کرتے تھے۔[۲۰]

عبدی کا ان مشائخ کے نظریات سے متاثر ہونا یقینی امر ہے۔

دکن میں عبدی میر سید احمد گیسودراز کالپوی سے بہت متاثر ہوا اور وہ اس لیے کہ میر سید احمد، شیخ محی الدین ابن عربی کی تصانیف کے بہترین مفسر اور شارح تھے اور ناقدین ابن عربی کی خوب زجر و توبیخ کرتے تھے، عبدی کی ان سے ایک طویل ملاقات میں ''صحبت محرمانہ'' رہی مگر عبدی نے اس ملاقات خاص کو محض

---

۱۸ عبدی: معارج الولایت ورق ۴۳۲

۱۹ ایضاً در حالات شیخ عیسیٰ سندھی ورق ۵۵

۲۰ خافی خان: منتخب اللباب جلد دوم صفحہ ۵۵۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

''صحبت محرمانہ'' کہنے پر اکتفا کیا ہے اگر وضاحت سے لکھتا تو اس کے خیالات اور بھی واضح ہو جاتے۔[۱۲]

## شیخ عبداللطیف برہانپوری کے نظریات کے عبدی پر اثرات

عبدی کے شیوخ میں سے شیخ عبداللطیف برہانپوری ہی ایک ایسے بزرگ نظر آتے ہیں جو شریعت کے انتہائی پابند تھے' معمولی سی بھی خلافِ شرع بات دیکھ کر حد جاری کر دیتے تھے' علم فقہ پر کامل عبور تھا' اپنے ہم عصر مشائخ میں سے صرف عبدی کے دادا شیخ احمد شوریانی قصوری سے متاثر تھے دیگر مشائخ کو خاطر میں نہ لاتے تھے اور شیخ برہان کو ''بدعتی'' کے لفظ سے یاد کرتے تھے۔

لیکن افسوس ہے کہ اس راسخ العقیدگی کے باوجود شیخ عبداللطیف برہانپوری حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ اور شیخ آدم بنوریؒ سے نسبت رکھنے والے کو ملحد اور زندیق کہتے تھے اور ان کی اقتداء میں نماز ناجائز قرار دیتے تھے۔

تعجب ہے کہ شیخ عبداللطیف جیسے پابند شریعت کو نہایت متشرع حضرات مجددیہ سے کیوں عداوت ہو گئی تھی؟

معلوم ہوتا ہے کہ عبدی پر شیخ عبداللطیف برہانپوری کے مخالفانہ نظریات کا خاصہ اثر ہوا بلکہ عبدی کی خاندانِ مجددیہ سے مخالفت کی ایک بڑی وجہ ہی شیخ عبداللطیف کی صحبت معلوم ہوتی ہے' عبدی نے شیخ عبداللطیف کے مکتوبات بنام یارانِ قصور ''جامع الکلمات'' کے نام سے مرتب کیے تھے اگر یہ مجموعہ دستیاب ہو جائے تو شیخ عبداللطیف کے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے متعلق نظریات سمجھنے میں بڑی مدد ملتی لیکن افسوس کہ یہ مجموعہ ہنوز مولف کی نظر سے نہیں گزرا'

---

۱۲ عبدی کی وحدت الوجودی صوفیہ سے صحبتوں کی مزید تفصیل کے لیے کتاب ہذا کا باب پنجم ملاحظہ ہو۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی شیخ عبداللطیف کے نظریات کے متعلق لکھتا ہے:

''مردی متقی و مشرع وزاہد ومتورع بود' ہر که بخدمت او پیوستی باحکام شرع او را وصیت کردی وگفتی که فقیر آن است که متشرع است وہرکه متشرع نیست' فقیر نیست وکتب فقه را بسیار مطالعه کردی وعبادات را از معاملات جدا نمودی......ومعاملات را باقضات ومفتیان دادی وہرکه بزیارت بیت اللّٰه رفتی او را منع کردی وگفتی که برای یک فرض چند فرائض قضا خواہی کرد' بہتر آنست که بخانه خود نشینی وشرایع رابگزینی که از حج ترا افضل واولٰی ازین است وفتوح وہدایه را قبول نه کردی مگر به نُدرت از کسی که اورع واتقی بودی' ومردمان را (که) مرکب شرایع بودند بسیار دوست داشتی علی خصوص شیخ احمد شوریانی وپسران وتلامذه ایشان را بسیار پسندیده وگفتی که ہر که خواہد عالم ربانی رابیند اخوند شیخ احمد شوریانی را بیند......وکلمات تصوف را نگفتی وہرکه او را بالحاد وزندقه نسبت کردی' خصوصًا کسی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

راکہ شیخ احمد کابلی و شیخ آدم بنوری نسبت داشتی او را ملحد وزندیق گفتی و فرمودی کہ نماز عقب ایشاں جائز نیست"۔[۲۲]

ہوسکتا ہے کہ عبدی نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے متعلق شیخ عبداللطیف کے جن نظریات کا ذکر کیا ہے محض اس کے اپنے ذہن کی اختراع ہوں اور اس اختراع کا سبب جوش عداوت ہو کیوں کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے متعلق شیخ کے مذکورہ نظریات کی کسی دوسرے ذریعہ سے تصدیق نہیں ہوتی۔

## قاضیٔ قصور

عبدی کے ہم عصر قاضی نورالدین قاضی قصور کے حالات تو مؤلف کو کہیں دستیاب نہیں ہو سکے تاہم جب ۱۰۹۰ھ کے قریب حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ کے خلاف فتویٰ مرتب کیا گیا تو اس پر قاضی قصور نے بھی اپنی مہر ثبت کی' قاضی فتوے پر لکھتے ہیں:

"من ادعٰی الوصول الی اللّٰہ بغیر وسیلة النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فهو ضال' حرره قاضی نور الدین قاضئ قصبۂ قصور"۔[۲۳]

گمان غالب ہے کہ اس قاضی کی صحبت میں رہ کر بھی عبدی حضرت شیخ مجدد الف ثانی سے بدظن ہوا ہوگا۔

## عبدی کا قیام اورنگ آباد

عبدی ۱۰۶۷ھ میں ہی قصور سے ملازمت کے سلسلہ میں دلیرخان اور دیگر

---

۲۲ عبدی: معارج الولایت ورق ۶۵۶۔اُب

۲۳ عبدی: معارج الولایت ورق ۶۰۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

امراء کے پاس چلا گیا تھا' اپنی پہلی تصنیف بحر الفراست ردیف ش تک قصور میں لکھی اور پھر اس کی دوسری جلد بیجاپور میں جا کر عین ''حالتِ تردّد'' میں مکمل کی' اس نے اخبار الاولیاء ۱۰۷۷ھ کو اورنگ آباد میں تصنیف کی' جیسا کہ تفصیل سے لکھا جا چکا ہے کہ عبدی نے اپنی سب سے ضخیم کتاب معارج الولایت اورنگ آباد میں ۱۰۹۶ھ کو تصنیف کی' یہ بھی وضاحت کی جا چکی ہے کہ ۱۱۰۰ھ میں مدتِ مدید کے بعد جب وہ اورنگ آباد (دکن) سے اپنے آبائی وطن قصور میں آیا تو حسن خان اور سعید خان خویشگی کی فرمائش پر مثنوی کی شرح لکھی گویا ۱۱۰۰ھ تک اس کی زندگی کا زیادہ تر حصہ دکن اور اورنگ آباد وغیرہ میں گزرا۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عبدی کا قیام اورنگ آباد کا زمانہ یعنی ۱۰۹۰ھ تا ۱۰۹۶ھ وبعد' اورنگ آباد خاندانِ مجددیہ کی مخالفت کا مرکز بنا رہا' جس کے قرائن حسب ذیل ہیں:

(۱) خاندانِ نقشبندیہ کے شدید ترین مخالف سید محمد بن سید عبدالرسول برزنجی کی اولاد اورنگ آباد میں آ کر مقیم ہو گئی تھی' محمد بن حسن بن عبدالکریم بن محمد برزنجی یعنی برزنجی کا پڑپوتا عرصہ دراز تک اورنگ آباد میں مقیم رہا' اپنے پڑدادا کے رسائل دررِدِ خاندان مجددیہ کی اورنگ آباد ہی میں کتابت کی یہ رسائل حسبِ ذیل ہیں:

(i) العصب الہندی لاستیصال کفریات احمد السرہندی تصنیف ابوعلی حسن بن علی مکی عجمی بسال ۱۰۹۳ھ بخطِ محمد بن حسن بن عبدالکریم بن محمد برزنجی مکتوبہ ۱۱۵۷ھ در اورنگ آباد۔[۲۴]

(ii) قدح الزند وقدح الرمد فی ردّ جہالات اہل سرہند (عربی) تصنیف سید محمد بن سید عبدالرسول برزنجی مصنف کے پڑپوتے نے اس رسالہ کی کتابت ۱۱۷۷ھ

۲۴ فہرست مخطوطات کتب خانہ آصفیہ' حیدر آباد دکن جلد دوم صفحہ ۲۵۰ نمبر ۲۲۴ فن کلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

میں اورنگ آباد میں کی؛ ترقیمہ میں قارئین کو عصب الہندی مذکورہ تصنیف ابی علی حسن بن علی جو اس ترقیمہ کے پیش نظر ۱۱۷۷ھ تک بقید حیات معلوم ہوتا ہے اور اس کتاب کے مطالعہ کی دعوت دیتے ہوئے لکھتا ہے:

"کان الفراغ من کتابة هذا الکتاب یوم الثلثا غرّة رجب ۱۱۷۷ھ سبع وسبعین ومایة والف فی مدینه اور نقباد من ارض الدکن من قطرة الهند وذلك علی ید ازك الوریٰ واحقر الفقراء زین العابدین محمد بن حسن بن عبد الکریم بن محمد المصنف البرزنجی غفر اللّٰہ ولوالدیه وسائر المسلمین آمین......یتلوه "عصب الهندی" تالیف علامة الوقت ابی علی حسن ابن علی الحنفی المکی العجمی اطال اللّٰہ عمرهٗ فی عارضه ثم مقابلیه هذا الکتاب"۔ [۲۵]

(iii) اسی قسم کے باطل خیالات سے مملو ایک اور رسالہ المتمۃ المسئلۃ المہمۃ مؤلفہ بسال ۱۰۹۴ھ (آصفیہ جلد۲ صفحہ ۳۵۶ نمبر ۲۲۲ فن کلام)

(iv) الناشرۃ الناجرۃ للفرقۃ الفاجرۃ (عربی) تصنیف محمد بن عبد الرسول برزنجی بسال ۱۰۹۳ھ اصل رسالہ تو پیش نظر نہیں ہے' فہرست مخطوطات آصفیہ (جلد۲ صفحہ ۳۶۳ نمبر ۲۲۳ فن کلام) میں اس رسالہ کے جو محتویات درج ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے رسالت کا دعویٰ کیا تھا:

"در ۱۰۹۳ھ از ہندوستان ضلالات وخیالات شیخ احمد سرہندی بطور استفتاء در دیار عرب رسید کہ او دعوی رسالت کردہ"۔

---

۲۵ ایضاً ۲/ ۳۳۷ نمبر ۲۲۴ فن کلام

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نعوذ باللہ گویا مستفتیوں یا برزنجی کی بیجا مخالفت انتہا کو پہنچ چکی تھی' اسی رسالہ سے معلوم ہوتا ہے کہ برزنجی نے حضرت مجددؒ اور آپ کی اولاد و خلفاء کے ردّ میں دس رسائل تصنیف کیے تھے' لکھتا ہے:

"این احقر مصنفِ این رسالہ قبل ازین نہ رسالہ در ردّ او و ردّ اولاد و خاصان او نوشتہ ام و این یک رسالہ' رسالۂ دہم است"۔

یقیناً اپنے اسلاف کی سنت پر عمل کرتے ہوئے محمد برزنجی کی اولاد نے حضرت مجدد الف ثانی کے ردّ میں بے شمار رسائل تصنیف کیے ہوں گے' برزنجی کا پڑپوتا محمد مقیم اورنگ آبادی بھی اس کوشش میں مصروف نظر آتا ہے۔

(v) رسالہ نمبر (ii) قدح الزند......الخ میں اس رسالہ سے قبل ہندوستان میں حضرت مجدد الف ثانیؒ کے ردّ میں جو رسائل لکھے گئے ان میں قبل ۱۰۹۳ھ محمد صالح اورنگ آبادی کے ایک رسالہ کا ذکر بھی موجود ہے۔

برزنجی نے اپنے رسالہ الناشرہ......الخ مذکور میں اپنے رسالہ سے حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ کے ردّ میں تصنیف ہونے والے مصنفین کے رسائل کا ذکر کیا ہے جن میں محمد صالح اورنگ آبادی کا نام سرفہرست ہے' محمد صالح اورنگ آبادی نے ایک نہیں بلکہ "چند رسائل در ردّ آن نوشتہ"۔

گویا قبل ۱۰۹۳ھ عبدی کا ہم عصر محمد صالح اورنگ آبادی حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مخالفت میں پیش پیش نظر آتا ہے۔

اورنگ آبادی مخالفین میں سے محمد اشرف اورنگ آبادی کا نام بھی ملتا ہے جس نے ۱۰۹۰ھ میں حضرت مجددؒ کی تکفیر میں لکھے جانے والے فتوے پر اپنی مہر ثبت کی تھی'[۲۶] یہ بھی عبدی کے قیام اورنگ آباد کا ہم عصر ہے۔

۲۶ عبدی: معارج الولایت ورق ۶۰۱ (ضمیمہ ثانی کتاب ہذا)

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مذکورہ فتویٰ در تکفیر حضرت شیخ مجدد الف ثانی کے اختتام پر اورنگ زیب کی طرف سے بمہر قاضی شیخ الاسلام بجانب قاضی اورنگ آباد ایک حکم نامہ نقل کیا گیا ہے جس میں تحریر ہے کہ ۲۷ شوال ۱۰۹۰ھ (۱۶۷۹ء) میں قاضی ہدایت اللہ کو حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات میں بعض مقامات عقائد اہل سنت و جماعت کے خلاف معلوم ہوئے اور اورنگ آباد میں مقیم حضرت مجدد الف ثانی کے معتقدین مکتوباتِ حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ اور ان کے نظریات کی ترویج اور درس و تدریس میں مشغول نظر آئے تو بادشاہ کا حکم موصول ہوا کہ یہ سلسلۂ درس بند کروا دیا جائے اور کسی معتقد کو ان کی اشاعت کرتے ہوئے دیکھ لیا گیا تو شرعی سزا کا مستحق ہوگا، حکم نامہ حسب ذیل ہے:

"ازین جهت حسب الحکم بادشاه اسلام بمهر قاضی شیخ الاسلام بجانب قاضی اورنگ آباد رسید' که نقل او این است:

از قرار بتاریخ بیست وهفتم شهر شوال سنه یک هزار ونود هجری آنکه شریعت پناه فضائل دستگاه فقاهت انتباه قاضی هدایت الله بعافیت باشند' دریں ولا بعرض مقدس معلی رسید که بعضی مواضع مکتوبات شیخ احمد سرهندی ظاهر در مخالفت عقائد اهل سنت وجماعت ست ومعتقدان شیخ مذکور که دربلدهٔ اورنگ آباد خجسته بنیاد سکونت دارند وترویج آن پیشتر دهند و تدریس مے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نمایند' اعتقاداً حقیقۃً عقاید باطله مذکوره دارند' حکم والا شرف صدور یافت که این خادم شریعت باشریعت پناه بنویسد که آنهارا از نشر و درس آن منع کند وکسے که معلوم شود که معتقد عقائد باطله مذکوره است او را بسزا شرعی رساند' لهذا نگارش یابد که برطبع حکم مطاع واجب الاتباع بعمل آرند وحقیقت برنگارند"۔ [۲۷]

یہ خط محض وضعی ہے' روضۃ القیومیہ میں ۱۰۹۴ھ (پانزدہم سال قیومیت خواجہ نقشبندؒ) کے واقعات کے تحت لکھا ہے کہ مخالفین حضرت مجدد الف ثانی نے یہ منصوبہ بنایا کہ تین خط بادشاہ (اورنگ زیب) کی طرف سے جعلی لکھ کر سرہند بھیجے گئے جن کی بادشاہ کو مطلق خبر نہیں تھی' ایک حضرت قیوم ثالث (خواجہ محمد نقشبندؒ) دوسرا حضرت شیخ سیف الدین اور تیسرا مولوی فرخ شاہ کی طرف جن کا مضمون یہ تھا کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات کی بعض عبارتیں بظاہر خلاف شرع ہیں اور تمام علماء نے متفق ہو کر فتویٰ دیا ہے کہ مکتوبات کا پڑھنا پڑھانا بند کر دیا جائے' اصل فارسی عبارت ملاحظہ ہو:

"فکری دیگر انگیختند سه مکتوب جعلی از طرف سلطان (عالمگیر) دروغ محض نوشته که سلطان ہرگز ازان خبر نداشت از خود به سرہند ارسال داشتند' یک بحضرت حجة

[۲۷] عبدی: معارج الولایت ورق ۶۰۳ ب ۶۰۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اللّٰہ (محمد نقشبند) ودویم بحضرت شیخ
سیف الدین وسیوم بمولوی فرخ شاہ برین
مضمون کہ بعضی عبارات مکتوب
(مکتوبات) حضرت مجدد الف ثانی بظاہر
شریعت موافقت ندارد' تمامی علماء برین
فتویٰ دادہ اندکہ درس این را موقوف کنند"۔ [۲۸]

ہمارے نزدیک معارج الولایت سے منقولہ بالا خط بھی انہیں مذکورہ وضعی خطوط کی نوعیت کا ایک خط ہے' خود اورنگ زیب خاندان مجددیہ کا نہایت معتقد تھا' یاد رہے کہ اورنگ زیب حضرت شیخ سیف الدین بن خواجہ محمد معصومؒ کی خدمت میں سلوک کی منازل طے کرتا تھا' بلکہ اورنگ زیب اکثر کاروبار سلطنت سے فراغت کے بعد حضرت شیخ سیف الدین کی خدمت میں حاضر ہوتا اور آپ کی صحبت سے فیض یاب ہوتا جو اس کی درخواست پر قلعہ کے اندر شاہی محل کے جوار میں رہنے لگے تھے' [۲۹] اس لیے اس قسم کے خودساختہ فرامین کی اورنگ زیب سے امید نہیں کی جاسکتی' دوسرے اورنگ زیب کے رونا مچے مطبوعہ صورت میں موجود ہیں اگر اس قسم کا کوئی فرمان لکھا جاتا تو کم از کم ریکارڈ میں اس کی موجودگی لازم تھی۔

۱۰۹۰ھ میں اگر اورنگ آباد کی واقعی یہی حالت تھی تو ان ایام میں عبدی اورنگ آباد ہی میں مقیم تھا اور یہ ناممکن ہے کہ وہ اس فضا سے اثر پذیر نہ ہوا ہو۔

حضرت مجدد الف ثانی کی مخالفت میں زیادہ تر مواد عبدی کی معارج الولایت

---

۲۸ کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ قلمی فارسی (واقعات پانزدہم سال قیومیت خواجہ محمد نقشبند) مخزونہ پنجاب پبلک لائبریری' لاہور)

۲۹ محمد ساقی مستعد خان: مآثر عالمگیری ۸۳

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہی میں ملتا ہے اور جیسا کہ وضاحت کی جا چکی ہے کہ عبدی نے معارج ۱۰۹۶ھ میں اورنگ آباد ہی میں مکمل کی مذکورہ مخالف مواد معارج الولایت کے بالکل اختتام میں درج ہے۔ معارج الولایت کے آخری حصہ پر اورنگ آباد کی اس مسموم فضا کا اثر نمایاں نظر آتا ہے۔

## شیخ ابن عربیؒ سے عقیدت

عبدی کے معاصر شیوخ جن سے اس کی صحبتیں رہیں، پر ایک نظر ڈالنے سے عیاں ہوتا ہے کہ عبدی صرف ان صوفیہ سے متاثر تھا جو ہمہ وقت شیخ ابن عربی کا ورد کرتے اور مخالفین ابنِ عربی کی تادیب میں مصروف رہتے تھے، اس لیے بھلا حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات میں نظریاتِ ابن عربی پر تنقید دیکھ کر یہ کیوں نہ کہہ اٹھتا کہ

> در مکتوبات خود کہ مجلد بسہ است در اکثر مواضع محی الدین عربی را تکفیر نمودہ۔[۳۰]

عبدی کی شرح لمعات سے بھی اس کی شیخ ابن عربیؒ اور عراقی سے گہری عقیدت عیاں ہے۔

حضرتِ شیخ مجدد الف ثانی نے اپنی تصانیف میں زیادہ تر دو مکاتبِ فکر کو ہدف تنقید بنایا ہے، ایک ملاحدہ اور دوسرے اہل تشیع لہٰذا حضرت مجدد الف ثانی کے مخالفین میں اکثریت انہی دو گروہوں سے تعلق رکھتی ہے، ہم عبدی کو ان دونوں گروہوں میں سے کسی میں بھی شامل نہیں کر سکتے کیوں کہ عبدی کی کسی تحریر سے بھی یہ ثابت نہیں ہے کہ وہ ساری زندگی اہل تشیع سے متاثر ہوا ہو، خود اس کی تصنیف ''محرقات الرفضہ'' اس کا بیّن ثبوت ہے۔

---

۳۰۔ کتاب ہذا میں ''عبدی کی چند جانبدارانہ تحریریں'' کے تحت پورا اقتباس نقل کیا جا چکا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

## نتیجہ

عبدی نے اپنے مشائخ کرام سے موروثی اور اکتسابی طور پر نظریہ توحید وجودی پایا تھا مگر مشائخ کے کشفی ووجدانی مسائل میں اختلافات کو ادب سے برداشت کرنے کی توفیق رفیق نہ ہوئی تھی لہٰذا اس نے کشفی مشاہدات کے اختلاف کو ''خلاف'' کا رنگ دے کر غیر سلامتی کی راہ پر گامزن ہو کر حضرت شیخ مجدد الف ثانی کی مخالفت اختیار کی۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ضمیمہ اوّل

# سرگزشتِ عبدیؔ
# بزبانِ عبدی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدی کے یہ خودنوشت حالات اس کی تصنیف اخبار الاولیاء (۱۰۷۷ھ) کے آخری باب (ششم) سے منقول ہیں، یہ تقریباً مکمل باب کتاب ہذا میں مختلف مقامات پر بہ صورت اقتباسات مع ملخص ترجمہ نقل کیا جا چکا ہے، یہاں "سرگزشتِ عبدی بزبانِ عبدی"، محض ربط قائم رکھنے کے لیے بطور ضمیمہ اس میں شامل کیا جا رہا ہے اس باب کے متن کی تصحیح کے لیے اخبار الاولیاء کے یہ دو قلمی نسخے ہمارے پیش نظر رہے ہیں:

(۱) مملوکہ مولانا سید طیب شاہ ہمدانی مدظلہ، قصور۔ مکتوبہ ۱۱۱۴ھ

(۲) مخزونہ کتب خانہ ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال (کلکتہ)

روٹوگراف در کتب خانہ دانش گاہ پنجاب، لاہور"

مؤخر الذکر نسخہ نہایت بدخط اور اغلاط سے پُر ہے، اس لیے ہم نے اوّل الذکر نسخۂ قصور پر اپنے متن کی بنیاد رکھی ہے اور اوراق کے نمبر اسی نسخۂ قصور کے مطابق ہیں۔

اس باب میں مشمولہ رجال کے حالات کتاب ہذا کے مختلف مقامات پر لکھے جا چکے ہیں اور تمام قابل توضیح مقامات کی وضاحت بھی اسی کتاب میں متعلقہ مقامات پر کی جا چکی ہے اس لیے اس باب میں ہم نے حواشی کا اضافہ ضروری نہیں سمجھا۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۱۵۹اب)پوشیده نماند که در سال نهم از عمر خود بمدرسه معلم پیوستم بعد از چند روز قواعد حروف مقطعات وابجد فارغ گشتم' بعد ازان بتلاوت کلام مجید وفرقان حمید اشتغال نمودم ودر زمان قلیل از تلاوت قرآن فراغت روی نمود' آنگاه بخواندن نظم و نثر تقید داشتم' کتب نظم چنانکه گلستان و بوستان وانشاء یوسفی ودیوان حافظ را از اساتیذ (اساتذه) سند گرفتم ودر زمان تعلّم برجمیع طفلان قائم مقام معلم بودم ولهذا بخطاب خلیفه جی مخاطب گشتم' چون علم نظم را خوانده شد خواستم که بتعلم علوم عربیه شروع نمایم والدم مرحوم از خواندن عربی منع میکرد ومیگفت که درخواندن (۱۶۰) عربی بسی اشکال است خود از جماعت کثیریگان کسی بساحل مراد می رسد' اگر شروع کنی مردانه شروع کن واگر نه کرد ایں مطلب نگر' زیرا که شروع کردن در علم و ترک نمودن از قراء ت وی مثل ابدای کردن بحرب کفار و فرار کردن ازو روز زحف ست' ازین نصیحت تمام متاثر شدم' تسمیه خوانده در علم عربی شروع نمودم از صرف بهائی تا شرح مولوی جامی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

که موسوم به فوائد ضیائیه باشد' بملازمتِ میاں عبد الصمد که عم این احقر بود خواندم' چون حوادث وعلائق ازیں اُمنّیت مانع میشدند از حضرت والد رخصت گرفته بلاہور رفتم وبملازمت علمای وقت واساتید (اساتذه) عصر که میاں محمد صادق ومحمد سعید و شیخ نعمت اللّٰه بود' کتب تحصیل را تلمذ نمودم اغلب اوقات اینہا در حضور وغیب بادراك معانی و فہم مراد تذکیر می نمودند ودر مواضع مغلق ومحال معضل خود ساکت گشته به تنقیح وتقریر اشارت میکردند' چون جواب بوجه احسن گفته شدی خوش وقت میگشتند وباوصاف حمیده ممتاز می ساختند' درین وقت محنت ہای (۱۲۰ ب) شاقه و مجاہد اتہای حاقه کشیده شد' زیرا که ہیچ وقت از تعلم وتعلیم ومطالعه فرصت نه بود بلکه جمیع اوقات را مقسوم ساخته بودم' از اوّل شب تا بقریب نصف وی بمطالعه میگذشت' بعد ازان در خواب میشدم وبوقت یک پاس از بقیه شب اغلب برمیخاستم ونصف پاس را به بمطالعه بسر می بردم ونصف وی رابجہۃ سبقت بآخر میرساندم ونماز فجر را باستاد میگذاردم' اکثر اوقات نوبت از ہمه تلامیذ (تلامذه) پیش شدی تایک پاس روز از تعلم فارغ شده بخانه معاودت می نمودم' چیزی تناول کرده بمطالعه مشغول می شدم وپس ازمطالعه آنچه

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ضروری می بود تحریر نموده شدی وچون نیم روز گزشتی قیلوله کرده شدی' پس از ادای نماز ظہر بتعلیم بعضی احباب اشتغال داشته شدی' پس از ادای نماز عصر اگر طبیعت از مطالعه کاره شدی بجهة سیر رفته شدی واگر میل راغب بودی باز بمطالعه رجوع نموده آمدی' چند مرتبه از استغراق مطالعه دستار و جامه بسوخته گشتی وچون موسم برسات شدی بمقدار نیم کروه در گلِ ولای پائ برہنه رفتمی (۱۶۱) حتی که از کثرت مشقت وریاضت کار بجوار جنون رسیده بود و اغلب یاران مانع میشدند ومیگفتند که این چنیں محنت مثمر غرامت است وبحکم حدیث نبوی که ان لجسدك عليك حقًا بدن شمارا نیز برشما حقی است وعمل راکب مبتنی بر صحت مرکب است تا آنکه بعنایت الٰهی وفیض نامتنهاہی در سنه ثلث و عشرین از عمر خود فارغ شده به قصور آمدم وبمدة یک سال بدرس وتدریس مقید بودم در آنولا بمدة شش ماه بحر الفراسة که شرحِ دیوان خواجه حافظ است محرر نمودم' اکثر علمای وقت وفقراء زمان بعینِ عنایت ودیده مرحمت ملحوظ نمودند وچون در وی داب صریح و کنایات وطریقه تفنن عبارات و اطناب در توجهات واحتمالات مرعیداشته شده بود وبعضی طالبان را از تفهیم دقائق معانی وی اشکال پیش آمدی خلاصة البحر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

را از وی انتخاب نمودم وبعضی قواعد را بروی اضافه کردم وبحکم خیر الکلام ماقل ودلّ بسیار جید مستحسن افتاده است' رجا که مقبول خاطر صاحبدلی مقبلی گردد وچون در سینه بی کینه این احقر از ازل تخم محبت ازلی کاشته بودند اغلب اوقات در خاطر گذشتی (۱۶۱ ب) که اگر صحبتِ بزرگی دست دہد از وی طریقه قلبی حاصل کرده شود وبعبادت وریاضت بسر برده آید ولیکن چون از تعلیم علوم فرصت دست نمیداد واساتیذه (اساتذه) از صحبت فقراء مانع میشدند ومیگفتند که در اثنا طالب علمی طالب علم را نبائید که به فقراء صحبت دارد زیرا که از صحبت این قوم علم ظاہری در فتورمی اُفتد بناءً علی ہذا از صحبت این جماعت به تحاشی میگزشت' چون خداوند تعالٰی متمنی را بمنصۂ ظہور آورد و از تحصیل علوم فراغت میسر گردانید محبت اصلی در جوش آمد بنا بران از ہمه اشغال یکسو شده در تحصیل این مرام متوجه شدم' ہر درویشی و بزرگی را که می شنیدم بملازمت وی میرفتم' بطریق حصول این مقصود می جستم واز دعای وفاتحه وی استمداد میگرفتم واز کتب وملفوظات مشائخ متقدمین از طبقه خواجگان چشت اہل بہشت قدس اللّٰه اسرارہم ونحو آن انواع فواید التقاط می نمودم وچون در زمانِ طالب علمی ذوق

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

علوم معقولات بسیار بودی در محافل و مجالس اہل علم تصرف در مقدمات وی گفته شدی بمجرد این توجه از لوح سینه نقوش زنگ وی محو و زدوده (۱۶۲) گشت وبجای آن شوق مطالعه علوم منقولات مرکوز شد از مطالعه خواص سور و اذکار و ادعیه وصلٰوة در خاطر فاطر مصمم گشت' بحکم کریمه انما خلقنٰکم عبثًا الی الاخر عبث ماندن چیزی نیست' چون فراغت از مطالعه ومعاملات دیگر رو دہد بقراء ت ادعیه واذکار وصلٰوة را استثنا نمودم وروز و شب بخواندن او تقید کردم وبقرب حضرت رسالت (صلی اللّٰه علیه وسلم) ویرا وسیله جستم' چون بحکم الکسب الضرورت فریضةٌ بجہت کسب نوکری به گجرات رفتم' تمام سفر رابدین شغل گذرانیدم واز تلاوت آیات قرآنی اذنِ ذکر را اقتباس نمودم واز بزرگان بدین امر مامور گشتم ودر قعود و قیام' نوم و یقظه بذکر خفی مشغول شدم' حرکت قلبی و وقوف قلبی در زمان قلیل ہم پیوست وچون بجہة استکشاف این حرکت دست را بر قلب نہاده شدی' والده میگفتی که ای فرزند مگر درین محل درویست که اغلب دست خود رابدین موضع می نہی ومن این معنی را مخفی میداشتم وبجواب (۱۶۲ ب) بالصواب دفع میکردم' چون به بلده احمد آباد رسیدم بزیارت مشائخ آن وقت مشرف شدم'

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روزی بخدمت شیخ فتح اللہ که بالواسطه از خلفای شاه عالم بود رفتم' شیخ را طریقه بود که در مسجد درون حجره بودی وبوقت نماز پنجگانه از حجره بیرون آمدی ونماز باجماعت گزاردی' آنگاه بزیارت شاه عالم رفتی به نیت آن بزرگ فاتحه خوانده درون حجره رفتی ودر حجره محکم بستی وہیچ احدی را درون وی جای ندادی اگر کسی در حین معاودت بحجره ملاقی شدی اگر قابل دانستی درون حجره بُردی الاہما نساعت رخصت فرمودی' چون این احقر ملازمت وی پیوست درون حجره بُرد واز مولد و موطن وحسب و نسب استفسارنمود' بعد از استعلام حقیقت حال خوش وقت شد' مواعظ ونصائح کما ینبغی به تقدیم رسانید' اختتام نصیحت وی آن بود که یا عبد اللہ فکر گورباید کرد که ہیچ احدی را بغیر از نزول دران منزل چاره نیست' بعد ازان مرا رخصت فرمود' چون از انجا برخاستم در تحصیل این فکر سعی بلیغ بجای می آوردم (۱۶۳) ہنوز آن سخن از خاطر من نرفته است' بعد ازآن روزی بخدمت شاه سراج الدین که از اولادِ محمد غوث گوالیاری بود رفتم وویرا طریقه بود که ہمیشه درس گفتی و در روز جمعه نیز بدرس مشغول بودی و درکسب و ریاضت شانی عظیم داشت واز کملِ اولیاء روز جمعه در عین درس ملاقات حاصل شد مطول

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

را درس میگفت' بعد از فراغ مطول به تعلیم شرح مواقف شروع نموده مسئله وجود درمیان بود' درین اثنا فقیر عرض نمودم که وجود نزد متکلمین زاید برماہیة است' خواه موجود ممکن باشد خواه واجب ونزد حکماء وجود عین ماہیةاست و زاید بر ماية ممکن ونزد اشعری عین ماية است در واجب و در واجب وممکن این نزاع در وجود خارجیست یا در وجود ذہنی؟ ایشان ساکت ماندند' بعد ازان فقیر گفتم که در شرح حکمة العین آورده که نزاع در وجود خارجی است ومیر سید شریف آورده که نزاع در وجود ذہنی است واز شرح تجرید نیز نقل کرده که موافق مدعی وی است مدعی من گفتم که حق بجانب شارح است' زیرا که اگر نزاع در وجود ذہنی بودی' لازم آمدی (۱۶۳ب) که متکلمین قایل بوجود ذہنی شدندی اولین فلیس' پس لازم آمد که نزاع در وجود خارجی است کما لا یخفی' بعد ازان از خدمت وی مرخص شدم غائبانه اغلب بوفور علم و حلم مذکور نبودی وبدعای والتفات کرم فرمودی' بعد ازان روزی بخدمت شیخ عبد الرحمٰن رفیع مشرف شدم و وی در باتوه[1] میگذرانیده ویکے از اولاد قطب العالم پدر شاه عالم ویرا باوستاذی قبول کرده بود وی عالم عامل' درویش کامل بود بسیار

[1] بتوه' قریہ ایست دراحمد آباد (گجرات) محمد غوثی مندوی: اذکار ابرار ترجمہ گلزار ابرار صفحہ ۱۴۷

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

التفات وعنایات در حق این احقر مبذول داشت واز حسب
و نسب استفسار نمود وبذکر اسم ذات اجازت داد و وی
شیخ عالی ہمت بود' فتوحات راسی سال مطالعه کرده
بود و اکثر مطالب وی را استخضار داشت و در علم نحو
تسہیل ابن مالک وشروح وی را مطالعه نمودی ودر
ریاضت و عبادت شانی عظیم داشت' بعد از مواعظ بلیغ
مرا رخصت فرمودند در قلیل ایام بجانب وطن معاودت
حاصل شد' اشتیاق صحبت وی تا ہنوز باقیست' بعد از
مراجعت بوطن از تحصیل سنت بجہة کسب مالابُدی
بطرف دہلی رفته شد (۱۶۴) نوکری نواب مستطاب (دلیر
خان) بوقوع پیوست وبہمراہی ایشان بطرف لکھنؤ رفته
اکثری از علمای وفقرای را دیده شده خصوصًا از صحبت
صاحب تجرید و تفرید شیخ پیر محمد لکھنوی بسیار
محظوظ گشتم وسعادت دارین حاصل کردم وایشان از
مطالعه بحر الفراسة تمام ذوق یافتند وبدقت سخن وحدّت
فہم موصوف میساختند' چون نواب بمہم شجاع
عزیمت کرد بسیار مشائخ پورب و بنگاله دیده شد' چون
بعد از ایام معدوده مہم شجاع بآخر رسید و شجاع بطرف
رخنّک که ملک مکه بود رفت ولشکر ظفر اثر در بلده
داکه (ڈھاکه) طرح اقامت انداخت' روزی یکی از یاران
گفت در گجرات شما علی الصباح مشغول میشدید

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ودرین ملک بغفلت میگذرانید' بمجرد این سخن متاثر شدم وکمر اجتہاد وسعی بربستم وباحیاء ثلث اخیر شب تقید نمودم' در ایام قلیل انوار الٰہی واسرار نامتناہی ظہور نمودن گرفت از آنجا بحکم کریمہ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا حقیقت کار معلوم گشت و طریقہ کسب و ریاضت حاصل گشت وچون نواب را از صحبۃ رفضۂ ملعونہ خار شبہ در خاطر خلیدن گرفت وبجہۃ تحریر (۱۶۴ ب)رسوخ اعتقاد اہل سنت وجماعت ودفع شبہات اہل ہوا وبدعت اشارتی کرد' محرقات الرفضہ را محرر نمودم' مختصری بغایت مستحسن بوجود آمد' ہر کہ دید پسندید وبعین عنایت ملحوظ گردانید' چون بحکم محکم پادشاہ وقت بمہم ملک کوچ بہار رفتہ شد وپس از تسخیر ملک مذکور بجانب ملک آسام متوجہ شدیم آن نیز بعون و عنایت الٰہی در حوزۂ تصرف اہل اسلام درآمد' قریب ہفت ہشت ماہ در آن ملک چھاؤنی لشکر ظفر اثر بوقوع پیوست' چون مرض وبا در آنجا بتغیان پیوست' اکثر مردم لشکر ازین جہت برحمت حق پیوستند وہوای آن ملک بمردم لشکر موافقت نکرد' بمبلغ معین وچند زنجیر فیل مصالحۃ نمودند وبطرف ہندوستان عزیمت کردند' در اثنا راہ صوبہ لشکر بہ ممات پیوست ولشکر ببلدہ دہاکہ (ڈھاکہ) معاودت

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نمود' مدت قلیل نواب مستطاب را صوبه داری آن شهر مقرر کردند' بعد ازاں بحضور طلب داشتند چون به نوادهٔ خلیل رسیدیم بجهة دیدن مولانای خواجه علی که از مریدان و خلفای مولانای شهباز بهاگل پوری بود' رفته شد (۱۶۵) بغایت بزرگ وخوش خلق و صاحب فضیلت دیده شد از خدمت وی مسئالت رفت که ان اللّٰه خلق آدم علی صورته بر تقدیری که ضمیر راجع باللّٰه باشدچه معنی دارد دو سه تاویل که به مطابق علماء ظاهر بود بیان کردند' آنگاه گفته شد سوال از صورتی است که این صورت انموذج آن صورت است که حکم او درین بیت میر حسین مذکور است ؎

که میگوید که حق صورت نه بندد
من اینک دیده ام ذات مصور

فرمودند که چیزی که تعلق بحال دارد او را بقال نتوان کرد چنانکه پیغمبر صلی اللّٰه علیه وآله وسلم از سراهله مسئالت نمودند در جواب نازل شد که يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ' جواب باعتبار ظاهر است وسوال از اظهار اسرار است' چون ایشان اهلیة آن نداشتند باظهار آن مجاز نشدند' لاجرم بجواب ظاهر مُجاب گشتند وصورت معنوی که سوال دران است برعرفا عیان است واز جُهال نهان است' آنگاه شخصی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پرسید کہ در حق دخانِ اوراق کہ آن را تماك (تنباکو) گویندچه فرمودند که اصل در اشیاء (۱۶۵ ب) اباحة است مادامیکه دلیل حرمت قائم شود' در جواب واقع شد که اولة حرمت وی قائم است' زیرا که ضرر وخباثت وعبث بودن وی مانع از اباحت است باوجود آنکه بعضی بزرگان فرمودند که در آیهٔ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ (الآية) اشارة بهمیں دخان است وشعار ساختن واکل وشرب نمودن چیزی که عذاب اہل جهنم بدوموعود است' خالی از حرمت نیست کما فی قوله تعالٰی: وَظِلٍّ مِنْ يَحْمُوْمٍ لَا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ وعلماء مکه معظمه و مدینهٔ مطهره در حرمت وی استفتاءً نوشته اند' استفتاء انیست:

انشدكم الله ايها العلماء والصلحاء اهل تشخيث طباعكم الشريفة شرب الدخان ام تشطيبه' اخبرنا بالله تعالٰى وبرسوله اعجبنى ما حكم طباعكم الشريفة واكتبوه فى هذه الصحيفة نفع الله بوجودكم المسلمين بمنه وكرمه' الجواب قال العالم والمتقى الفاضل ابو يزيد المفتى الحنفى المدرس فى الحرم الشريف النبوى الحمد لله لا يشك ولا يرتاب ذو لُبّ ان يكون من الخبائث' الجواب قال العالم المتقى الشيخ محمد المفتى الشافعى والمدرس فى الحرم الشريف النبوى انهٔ اخبث قوى (۱۶۶ ا) ويكفى فيه تنفر الملائكة وبغض النبى عليه السلام الجواب قال افضل العلماء العظام واكمل الفضلاء الكرام الفخام القاضى تاج الدين المفتى المالكى المدرس

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فی المسجد الحرام لا شبهة فی خبثه الجواب قال العالم المتقی الشیخ ابو نمی بن عبداللّٰه المفتی الحنبلی الحمد للّٰه الموافق للصواب والیه المرجع والمآب ان الدخان من البدائع الخبیثه فی طبیعة کل منصف علیهم جبل قلبه علی الطبع الکریم۔

بعد ازین از خدمت ایشان مرخص شدیم در عین رخصت فرمودند که در جونپور شیخ عبد الرشید بزرگی ممتاز است وبعنایات والطاف ربانی سرفراز بزیارة وی مشرف شوید وفوائد دینی اخذ کنید' چون قبل ازین احرام زیارت آن کعبه شده بوصیت وی عزم بالجزم نمودم که بدین دولت مستعد شوم' چون به بنارس رسیدم از نواب مرخص شده بملازمت ایشان به جونپور رفتم' ایشان به سیر شیخپور که قریب الٰه آباد است رفته بودند' پسر رشید ایشان که محمد ارشد نام بود بسیار مهربانی مبذول داشتند وبجانب ایشان نوشتند که فلانی بقصد زیارت رسیده است (۱۲۲ ب) این احقر در آنجا که کمال استسقاء لقاء داشت از عدم تنبیه این قضیه متوجه بدان بحر الطاف گشت وبتودیع آن مخدوم زاده حاضر نشد آن حضرت از تمام رافت عزیمت جونپور کردند از کم طالعی خود بدولت پائبوس مشرف نگشت تا هنوز تاسف وتلهف عدم وصال آن قبله اقبال باقی ست' حضرت ایشان بجهة تسکین وتسلی این حقیر نوازش نامه ها

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

متواتر مبذول داشتند وبکسب جاروب وشغل بہونکم اشارۃ فرمودند وسند وشغل بہونکم اینست کہ بپاشنہ چپ راہ زیرین بند کند وزانوی پای راست برزانوی پای چپ اندازد وراست بنشید وبہرد ونر انگشت ہر دو سوراخ گوش را بند کند وبرو انگشت شہادت ہر کہ چشم را بند کند وبہر دو انگشت وسطی برد وپرہ بینی زور کند تاہر دو سوراخ بینی بند شود وہر دو خضر وبنصر برلب نہد وبا ملاحظہ اسم مثنی قصد کند کہ دم ہر دماغ رود مراقب غیب مطلق کہ مفہوم ہُو است باشد تا تواند دم را راہ ندہد وچون طاقت نماند پرہ بینی چپ بگذارد تادم با ملاحظہ ہو برآید باز براہ راست بینی دم تا ملاحظہ ہو بکشد وتمامی (۱۶۷)این شغل درین بیت مذکور است ؎

لب بہ بند و چشم بند و گوش بند
گر نہ بینی سر حق برما بخند

اگر صورتہا واشکال والوان عجیبہ در نظر آیند برآن مقید نشود مشغول بمفہوم مطلق باشد‘ چون بالوان مقید نشود جمیع الوان دور خواہند شد ومرتبہ اطلاق امید است کہ مشہور گردد ومعنی ہو الظاہر ہو الباطن مکشوف شود وقریب بہمیں است شغل خدا بین کہ عمدہ کار خواجگان چشت قدس اللہ اسرارہم بدو است وگفتہ اند کہ در طریقہ خاندان چشت چلہ یک شب آنروز

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

است اگر کما حقه بجا آرد بمقصود رسد و در حین معاودت بشاه آباد که نامش دراصل انکی است عبور بر قصبه لکهنو افتاده وزیارت شیخ پیر محمد دست داد' بسیار رافت وعطوفت بکار بردند بعضی مشکلات مثنوی ومعضلات معنوی پرسیده بجواب شافی متصدی شدند وبحر الفراسة را درخواست نمودند ببعضی از اشغال اجازت دادند از انجمله تصور اطلاقیست سند وی اینست که در ابتدای یک طی نگاه دارد وبس از نماز بامداد بدانچه انشراح باشد مشغول شود وطریق انشراح اینست که یک صد چهل یک بار (۱٦٧ ب)سوره الم نشرح بخواند ویک سیپاره ویک ربع یا دو سیپاره ونصف قرآن مجید تلاوت کند پس ازان برخیزد وضو کند وشصت وهفت بار صلٰوة خمسه کند بعد ازان پاره قیلوله کرده' در اوّل وقت پیشین وضو ساخته نماز بجماعت ادا کند بعد از فراغ نماز سورة اذا جاء نصر الله سیصد وسیزده بار بخواند وباقی وقت در مشغولی حق ضرب کند با صلٰوة مشغول شود وچون اوّل وقت عصر در آید وضو جدید کرده نماز بجماعت گزارد' پس از نماز مسبعات عشر اگر معلوم باشد بخواند وگرنه این اسم را سیصد وبیست وهفت بار باتسمیه بخواند واسم انیست یا حمید الفعال ذا المن علی جمیع خلقیه بلطفه یا حمید.

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

پس اذان نماز مغرب گزارده بصلٰوة مشغول شود' چون وقت عشا در آید پس وضو جدید نموده ونمازبجماعت ادا کند پس از فراغ هفتاد بار صلٰوة خوانده در خانه خالی بطریق اغلاط (کذا) صوفیه مشغول شود' چون تهجد در آید نماز تهجد ادا کرده' یک صد بار یا قدوس الطاہر را تا آخر ویکصد باریا عجیب الصنایع را تا آخر و یکصد باریا عالی الشامخ را تا آخر (۱۶۸)بخواند' چون وقت نماز بامداد در آید وضو جدید کرده نماز باجماعت ادای کند تاسه روز ہم چنین کند در روزِ سیوم بعد از نماز بامداد ہفت پیکر شروع کند' پیکر اول در روز اول پنج ہزار بار وہم چنین ہفت پیکر را در ہفت روز بخواند پس از مضٰی ہفته بعد از نماز مغرب غسل کند واز ابتدای غسل از تکلم مردم سکوت کند و پارچه پاك به پوشد وخوشبوی بر پارچه وبدن بمالد وحجره نیز معطر کند و در حجره قبله روی استاده شود وہر دو دست بردار وفاتحه بروح پیغمبر صلی اللّٰه علیه وسلم بخواند وبر ارواح جمیع بزرگان نیز بخواند وبجهت برآمدن حاجت نیز بخواند پس ازان ہفت بار درود ویازده بار الم نشرح ویازده بار اذا جاء نصر اللّٰه خوانده در حجره در آید و در سجده رود و در حالة سجده ہفتاد بار وہفت اغثنی یا غیاث المستغیثین خوانده بر خیزد ودوگانه تحیّت الوضو ادا کرده بصلٰوه مشغول

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

شود' چون وقت عشاء در آید عشاء ادا کنند وبطریق اغلاط مشغول شود و تصور علویات را بکاربرد روزی چند قلق و اضطراب بسیار خواهر شد پس اذان (۱۲۸ ب) کیفیتی روی خواهد داد که بسبب آن اسرار عجائب ظاہر خواہد شد که از احاطه تحریر و تقریر خارجست واز بعضی بزرگان دریں شغل بنوعی دیگر مجاز است' طریقش آنکه بآواز احدیث متوجه باشد در زمان توجه پر طاؤس یا صورت امرد را متصورباشد درادنی زمان آواز بود ظلمات به آب حیات کشد واین تصور را در اصطلاح خواجگان ما قدس اللّٰه اسرارہم تصور اکبر خوانند وبکتاب اربع منازل که در سلوك نوشته اندنیز اجازت دادند وانواع اشغال وادعیه رادروی مندرج ساخته واین شغل بنوع دیگر نیز منقول است واین احقر بدان ماذون شده ومدتی بدو اشتغال نموده است وسندوی درین ابیات مولوی معنوی مذکور است ـ

چشم را اے چار جو در لا مکان
ہین بنه چون چشم کشته سوی جان
کون پرچاره است ہیچت چاره نی
تاکه بکشاید خدایت روزنی

دو سه ماه در وطن گزرانیده شد' چون مرحوم و مغفور داؤد خان حسین زئی بجد شده (۱۲۹) که رقعه ہا شیخ عبد

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اللطیف برہانپوری را کہ ببعضی عزیزان نوشتہ اند ترتیبی لائق دہید باوجود عدم فرصت آن رقعات را جمع ساختہ بوجہ احسن ترتیب دادم وآن تالیف را جامع الکلمات نام نہادم' بعد از روز ایام مذبور بجانب شاہ آباد کہ وطن نواب مستطاب بود متوجہ گشتم' نواب را بادشاہ وقت بمہم دکن نامزد کردند نواب بدانصوب متوجہ گشت بمصاحب وی اکثری از مشائخ آن دیار را زیارت نمودہ آید' خصوصًا از زیارت شیخ برہان کہ از خلفاء شیخ عیسی سندھی بود محظوظ شدم باکثر از اشغال شطاریہ اجازت دادند والتفات ومرحمت کما ینبغی بجا آوردند وبرسالہ شیخ وجہہ الدین گجراتی کہ مشحون بنوادر اشغال است ماذون ساختند و بہ بعضی ادعیہ چنانکہ چہل اسم و نظائر آن بودمجاز ساختند آنگاہ لشکر متوجہ اورنگ آباد شد واز اورنگ آباد بر پُونا وہر کہ قلعہ سیوا بود متوجہ شدند وبعد از چند روز آن قلعہ از دست نواب صاحب مفتوح گشت وآنجا بطرف بلدہ بیجا پور عنان عزیمت را منعطف ساختند وخواستند (۱۲۹ ب)کہ آن ملک را در قبضۂ اقتدار خود در آرند دین اثناء بہ بعضی از بزرگان کہ در زمرہ سپاہیان بودند' ملاقات حاصل شد وبہ بعضی اشغال کہ عمدہ کار خواجگان چشت قدس اللہ اسرارہم بدو منوط ومربوط

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

است اجازت بحصول پیوست وبالجملہ از اوراد واشغال خواجگان چشت قدس اللہ اسرارہم حظی کامل ونفعی شامل کہ نہ در استعداد این خستہ شکستہ بود حاصل میکنم ودر جماعت جندیان سپاہیان وبعدم تمیز از ایشان میگذرانم وباحیاء ثلث آخر لیالی نفی خاطر وقوف قلبی مقیدم وبدین وسیلہ بغرائب واسرار عجائب اطوار ابناءِ جنس خود ممتازم واظہار او را موجب عزامت وقت ومثمر ندامت حاصل دانستم ودر زاویہ عزلت وگوشہ مسکنت نشستہ وپای شکستہ امہ

باہمچکس نیک وبدم کارنی

در سینہ بیکینہ من آزارنی

حضرت مہیمن علی الاطلاق این احقر العباد را بحالتی وذوقی مخصوص ساختہ کہ اختلاط خلق ومصاحبت عام حجاب وقت وی نگشتہ ومانع حضور وذکر وی نشدہ وبالجملہ باوقت (۱۷۰)خودخوشم اگرچہ مردمان مرا سر سری میدانندباکارخود مشغولم' ہرچند مرا سراسیمہ وہردری خوانند واعتصام واعتماد من بعروۃ وثقی وحبل متین خواجگان چشت قدس اللہ اسرارہم است کہ یکی از ایشان در عہد خودجنید وقت وبا یزید عہد بود بلکہ ایشان را بحضرت واہب العطیات ودرگاہ مفخر الموجودات نسبتی وخصوصیتی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حاصل است کہ ہیچ فردی را از اولیاء نسبت وخصوصیت نیست وباین ہمہ در انکسار وافتقار چنان کوشیدہ کہ در حالت سکر و تحیّر لفظی کہ مشعر از خلاف ظاہر شرع بود وحرفی کہ مبنی ازخود بینی وہستی باشد باوجود نیامدہ وہرکہ بدین طریقہ شریفہ پیوست وبسعادت ابدی ملحق گشت وبمناصب علیا ودولت عظمٰی مواصلت یافت و در سلاسل دیگر از ہزار یکی بہ مقصود رسد در خانوادہ از الوف واحدی نباشد کہ بمطلوب نہ رسید علی الخصوص این احقر العباد را بحضرت جامع الرموز معدن الکنوز قطب المشائخ فرد الرواسخ حبیب اللّٰہ محبوب اللّٰہ' محبوب اللّٰہ برہان العارفین حجۃ العاشقین عمدۃ المعشوقین خواجہ معین الحق (۱۷۰ب)والملۃ والدین حسن سجزی قدس اللّٰہ سرہٗ اعتقاد خاص ہست کہ بحوادث دوران ووقائع زمان نقش محبت وی از لوح سینہ من انقطاع پذیر نیست امیدوار ہستم کہ اگر ظلمات شک دامن گیر وقت من گردد وآن خورشید انور ونیّر اکبر نور یقین بخشد واگر شیاطین الانس والجن مانع عروج سپہر یقین وصعود افلاک متین دین شوند آن شہاب ثاقب مدد فرماید[۲]

گنج اسرارِ یقین خواجہ معین الدین است
رہبر کشور دیں خواجہ معین الدین است

---

۲ اس باب کے آخر میں خواجگان چشت کی منقبت میں چھیانوے (۹۶) شعروں کا ایک فارسی قصیدہ ہے' ہم نے اختصار کے پیش نظر صرف پہلا شعر نقل کیا ہے۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

نامِ او نزد حق مرشد محبوب و حبیب
شاہد حال چنین' خواجہ معین الدین است

..................

چشتیاں چون ز تفکر سوی بالا بینند
آفتاب رُخ معشوق ہویدا بینند

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ضمیمۂ ثانی

# حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خلاف ایک فتویٰ اور اُس کا تجزیہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مصلحین قوم کی مخالفت یقینی اور فطری امر ہے' ان مصلحین میں سے حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی پر معترضین نے جو جو اعتراضات کیے اور الزامات لگائے' تاریخ ان کج فہموں کی ستم ظریفوں کو کبھی معاف نہیں کر سکتی۔

خود حضرت مجدد الف ثانیؒ کی زندگی میں مخالفین نے شدید مخالفت کی اور آپ کے وصال کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا اور آج تک عاقبت نااندیش اور جاہل مصنفین اپنے قلم کو آپؒ کی مخالفت سے زہر آلود کرتے رہتے ہیں خود حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اپنے مکتوبات شریف میں جابجا کم فہموں کے اعتراضات کے خدشہ کا ذکر فرمایا ہے' ایک مقام پر لکھا ہے:

> ''سبحان اللہ! اس قسم کے عجیب وغریب معارف مجھ سے ظاہر ہوتے ہیں جن کو سن کر عجب نہیں کہ ابناءِ جنس بھی مجھ سے نفرت کریں اور محرم بھی مخالفت کے درپئے ہو کر نامحرم اور مجرم بن جائیں''۔[1]

اس مخالفت کی نوعیت ہر دور میں مختلف رہی چنانچہ اورنگ زیب عالمگیر جو کہ خود حضرت خواجہ محمد معصومؒ کا مرید تھا' کے دور میں بھی مخالفین نے سر اُٹھایا' مکتوبات شریف کے خلاف اورنگ زیب کے وضعی خط کا ذکر ہم اس کتاب کے پانچویں باب میں کر چکے ہیں' حضرت مجدد الف ثانیؒ کے صاحبزادگان سرہند سے نکل کر کہیں جاتے تو یہ علمائے سو اور علمائے ظاہر ضرور ان صاحبزادگان سے مناظرہ ومجادلہ

---

[1] مجدد الف ثانیؒ: مکتوبات جلد ثالث مکتوب نمبر ۸۸

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کرتے جب حضرت خواجہ سیف الدین بن حضرت خواجہ محمد معصومؒ لاہور تشریف لائے تو آپ کی تشریف آوری پر علمائے سو نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات پر اعتراضات کیے اور بہت بڑا مناظرہ بلکہ مجادلہ و مناقشہ ہوا' حضرت شیخ سعدی لاہوریؒ (متوفی ۱۱۰۸ھ) گواہ ہیں کہ ان علماء کے لایعنی اعتراضات سن کر حضرت خواجہ سیف الدینؒ خاموش رہے اور خلوت میں فرمایا کہ یہ کج فہم علماء سو حضرت مجدد الف ثانیؒ کا کلام کیا سمجھ سکتے ہیں؟[۲]

اس قسم کے کج فہم علماء نے حضرت مجدد الف ثانی کی تکفیر کے فتوے تیار کیے جن پر علمائے عرب و عجم کے دستخط کروا کر تشہیر کروائی گئی' اسی قسم کے بے سروپا اور لایعنی فتووں میں سے ایک فتویٰ ۱۰۹۰ھ کے قریب لکھا گیا' روضۃ القیومیہ میں ۱۰۹۴ھ کے واقعات کے تحت ایک محضر کا ذکر کیا گیا ہے کہ مکتوبات میں خلاف شرع مواد کی وجہ سے اس کے درس کو موقوف کر دیا جائے' روضۃ القیومیہ میں ہے:

"برین معنی محضری نوشتند وتمامی مہر
ہای علماء بر آن کردند".[۳]

حضرت شیخ محمد نقشبند ثانیؒ (متوفی ۱۱۱۵ھ) نے اپنے مکتوبات میں ایک "رسالۂ استفتاء" کا ذکر کیا ہے[۴] روضۃ القیومیہ میں مذکورہ محضر اور مکتوبات خواجہ محمد نقشبند ثانیؒ میں جس رسالۂ استفتاء کا ذکر کیا گیا ہے اسے پیش نظر رسالۂ استفتاء ہی تصور کرنا اس لیے بھی مشکل معلوم ہوتا ہے کہ عبدی نے اس استفتاء کو نقل کرنے سے پیشتر لکھا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے ردّ میں چار فتوے لکھے گئے ان میں سے ایک فتویٰ (معارج الولایت میں) نقل کیا جا رہا ہے' عبدی لکھتا ہے:

---

۲ محمد عمر بن ابراہیم پشاوری' مولانا: ظواہر ۱۱۱۲ھ قلمی ورق ۱۷۱۔الف تا ۱۷۲

۳ کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ رکن سوئم قلمی فارسی

۴ عماد الدین محمد: وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول ﷺ مکتوب نمبر ۱۱۸ حصہ اوّل

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

"چون علماء عرب و عجم در ردِ او (شیخ احمد الکابلی السرہندی) چہار استفتاء نوشتہ اند وایراد ہر چہار بسطِ کلام میکشید وبطول عبارت می انجامید برابر اویکے ازان اختصار میرود"۔[5]

معلوم نہیں ان چار استفتاء میں سے کس فتوے کا ذکر روضۃ القیومیہ اور مکتوبات خواجہ محمد نقشبندی ثانیؒ میں کیا گیا ہے' اس لیے ڈاکٹر ایس ایم اکرام کا مشمولۂ معارج الولایت استفتاء کو وہی "رسالہ استفتاء" قیاس کرنا درست معلوم نہیں ہوتا۔[6]

یہ استفتاء ۱۰۹۰ھ کے قریب لکھا گیا کیونکہ اس پر جن علماء نے اپنے تصدیقی دستخط کیے ہیں' اسی دور کے معلوم ہوتے ہیں' یہ ہماری محض قیاس آرائی ہے کیونکہ استفتاء پر کوئی سن تحریر نہیں ہے۔

اس استفتاء پر جتنے علماء نے دستخط کیے ہیں ان کے حالات سے معروف تذکرے یکسر خالی ہیں وجہ یہ ہے کہ یہ علماء معروف نہیں ہوئے بعض نام وضعی معلوم ہوتے ہیں کیونکہ ان کے تاثرات کے بعد ان کی مہر تصدیق کے ساتھ نام سے پہلے "مولانا" کا لفظ لکھا ہوا ہے' مولانا اپنے نام کے ساتھ کوئی نہیں لکھتا مثلاً "مولانا جان محمد" دو جگہ لکھا گیا ہے پھر مولانا تیمور لاہوری"۔

اس استفتاء کا محرک اور مستفتی عبدالوہاب مرید شاہ جیلان ہے جس کے استفتاء پر ان علماء نے اپنے دستخط ثبت کر کے تصدیق کی ہے۔

[5] عبدی: معارج الولایت ورق: ۵۹۹ ب

[6] اکرام ایس ایم' ڈاکٹر: رودِ کوثر صفحہ ۴۸۴

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۱) ابوالفتح (۲) عبدالصمد بن حافظ یار محمد معذور القریشی العباسی الکروڑی (۳) تاج محمود شورکوٹ (۴) فقیر بن مظر خان احمد (۵) عنایت اللہ (۶) سید شاہ محمد ناگوری (۷) عنایت اللہ (۸) مولانا جان محمد (۹) مولانا جان محمد (۱۰) محمد اشرف اورنگ آبادی (۱۱) سید حامد عبدالقادر ناگوری (۱۲) شیخ ابوالخیر نبیرہ حضرت سلطان التارکین (۱۳) محمد اکرم بن شیخ محمد الدینوری، کتبہ شیخ محمد (بن) مولانا عبداللہ فقیہی لاہوری (۱۴) محمد باقر اجمیری (۱۵) بہاء الدین مفتیٔ ملتان (۱۶) تاج محمد عباسی (۱۷) ابوحنیفہ مفتی ملتانی (۱۸) حافظ محمد طاہر تلمیذ مولانا عبداللہ سیالکوٹی (۱۹) قاضی خواجہ محمد (۲۰) فتح محمد مفتی پرگنۂ ہزارہ جہانگیر نگر (۲۱) محمد تقی ساکن قصبہ چیمہ چٹھہ من مضافات لاہور (۲۲) لطف اللہ قاضی (۲۳) عبداللہ (۲۴) عبدالکریم بن محمد جمیل لاہوری (۲۵) ابوالحسن لاہوری (۲۶) روح اللہ لاہوری (۲۷) سلیمان لاہوری (۲۸) عبدالمومن لاہوری (۲۹) حافظ نعمت اللہ لاہوری (۳۰) محمد ہاشم لاہوری خواہرزادہ عبدالکریم لاہوری (۳۱) عبدالغنی بن شیخ عبداللطیف مفتی لاہوری (۳۲) محمد عبداللہ (۳۳) مولانا تیمور لاہوری (۳۴) نور محمد (۳۵) عبدالحمید تلمیذ مولانا تیمور لاہوری (۳۶) عبدالرحمٰن قادری لاہوری (۳۷) قاضی نورالدین (۳۸) شیخ غلام محمد (۳۹) سید ولی لاہوری (۴۰) محمد حاصل فرملی (۴۱) محمد صادق امام مسجد قاضی محمد افضل (۴۲) سید عنایت اللہ لاہوری (۴۳) عبدالوہاب بن سلطان محمد۔

ان میں سے اکثر علماء کے حالات تذکروں میں قطعاً نہیں ملتے، بعض کا ذکر حاجی محمد اسمٰعیل عرف میاں وڈا لاہوری کے تلامذہ و خلفاء کے تحت ملتا ہے[۲] مثلاً مولانا تیمور لاہوری، مولانا جان محمد اور مولانا جان محمد ثانی لیکن ان علماء کی علمی حیثیت مسلمہ نہیں ہے، اس فتوے میں حضرت مجدد الف ثانیؒ سے جن اعتقادات کو

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

منسوب کیا گیا ہے وہ سب پادر ہوا ہیں (ان پر مفصل بحث اپنے مقام پر آئے گی) اگر اس میں کوئی قابل توجہ بات ہوتی تو اس وقت کے مسلمہ علماء اور مفتی حضرات اس پر ضرور اپنی مہر ہائے تصدیق ثبت کرتے' اس دور کے سر برآوردہ علماء فتاویٰ عالمگیری جیسی کتاب کی تدوین میں مصروف تھے' ان میں سے کسی بھی عالم کے دستخط اس استفتاء پر نہیں ہیں' فتاویٰ عالمگیری کے مرتبین میں سے چند ایک کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:

مولانا عبداللہ چلپی (مترجم فارسی فتاویٰ عالمگیری) سید علی اکبر سعد اللہ خانی' سید نظام الدین ٹھٹھوی' قاضی ابوالخیر ٹھٹھوی' جلال الدین محمد' ملا حامد جونپوری' شیخ رضی الدین' مولانا محمد شفیع' مولانا محمد فائق' ملا محمد اکرم لاہوری[8] ملا فصیح الدین پھلواری[9] سید نظام الدین ثانی و سید ابوالقاسم ثانی بن سید نور محمد ثانی'[10] شیخ جلال الدین محمد جونپوری' شیخ وجیہ الدین گوپاموی' شیخ محمد حسن جونپوری' ملا محمد غوث ابو محمد کاکوروی' ملا سعید بن قطب الدین شہید سہالوی' علامہ ابوالفرج اور ملا غلام محمد وغیرہ۔[11]

ان مستند اور مسلمہ علماء میں سے کسی بھی عالم کا نام اس استفتاء میں نظر نہیں آتا اور کوئی فتویٰ ان علماء کے دستخطوں کے بغیر قابل قبول نہیں تھا۔

اس استفتاء پر لاہور کے تیرہ (۱۳) علماء نے دستخط کیے لیکن ان میں سے کسی

---

۸ حافظ مجیب اللہ ندوی: ''فتاویٰ عالمگیر اور اس کے مؤلفین'' مقالہ مشمولہ معارف اعظم گڑھ جنوری ۱۹۴۷ء

۹ عون احمد قادری: ''ملا فصیح الدین'' مقالہ معارف اپریل ۱۹۴۷ء

۱۰ راشدی حسام الدین پیر: فتاویٰ عالمگیری کے دو سندھی مؤلفین مقالہ معارف جون ۱۹۴۷ء

۱۱ حافظ مجیب اللہ ندوی: ''فتاویٰ عالمگیری کے مؤلفین'' مقالہ مشمولہ معارف مارچ ۱۹۴۸ء' نومبر ۱۹۴۷ء' دسمبر ۴۷' دسمبر ۴۶

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عالم کی بھی علمی حیثیت واضح نہیں ہے جب کہ اس وقت لاہور میں ایسے نامور علماء موجود تھے جن کی شہرت سارے عالمِ اسلام میں تھی۔

حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری نقشبندیؒ متوفی ۱۰۴۰ھ نے اپنے ایک مکتوب میں جو انہوں نے اپنے شیخ حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں ارسال کیا تھا' لکھتے ہیں کہ جب میں بحکم شیخ لاہور پہنچا تو بعض حاسدوں نے حضرت مجدد الف ثانی کے ایک مکتوب جس میں کہ مقامات حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تحریر کیے گئے ہیں' میں الحاق کر کے اس پر اعتراض کیے' مولانا حامد اصل مکتوب شریف مولانا عبدالسلام لاہوریؒ کی خدمت میں لے گئے' مولانا نے مطالعہ کے بعد کہا کہ اس پر کسی شبہ کی گنجائش نہیں ہے اور مکتوب کی بہت تعریف کی جس سے حاسدوں کے منہ بند ہو گئے۔[۱۳]

اس استفتاء کے وقت لاہور میں حسب ذیل اجل علماء موجود تھے۔

مولانا الہداد' مولانا جمال الدین' شاہ محمد غوث بن حسن' شیخ سعد اللہ' قاضی محمد افضل' خواجہ ایوب' شیخ بدرالدین قادری' شیخ جمال اللہ' شیخ عبدالحکیم قادری' مولانا نور محمد مدقق (اگرچہ فتوے میں ایک نام نور محمد بھی درج ہے لیکن اس کے ساتھ ''لاہوری'' کی تخصیص نہیں ہے) شیخ عبداللہ بن اسماعیل' شیخ محمد بن فرید قادری' مولانا محمد مراد' مفتی محمد تقی' شیخ نصرت اللہ اور مولانا یار محمد[۱۴] وغیرہ۔

ان میں سے کسی بھی عالم کے دستخط اس فتوے پر نہیں ہیں۔

اس استفتاء پر جتنے علماء نے دستخط کیے ہیں تقریباً سب کا مدار

---

۱۳ شیخ بدرالدین سرہندی: حضرات القدس جلد دوم صفحہ ۲۹۲' اُردو صفحہ ۳۲۳ فارسی

۱۴ ان علمائے لاہور کے حالات و کمالات کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: نزہۃ الخواطر جلد پنجم و ششم وغیرہ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مستفتی (عبدالوہاب مرید شاہِ جیلان) کی خودساختہ عبارتیں ہیں، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ مفتی فتوے کی روح سے بے خبر اور سیاق و سباق سے بے پروا ہو کر اپنے دستخط ثبت کر دیتا ہے، یہ فتویٰ بھی اس بے پروائی کی واضح ترین مثال ہے۔

اس استفتاء کے مستفتی اور دستخط کنندگان کی علمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ ان کی اپنی تحریر کردہ عبارتوں میں عربی قواعد سے بے اعتنائی برتی گئی ہے اکثر جملے قواعد کی قید سے آزاد ہیں، ہم مثال کے طور پر چند الفاظ ذیل میں نقل کرتے ہیں:

| غلط | صحیح |
| --- | --- |
| فی حکمه قتله | فی حکمه بقتله |
| مقام المحمدی | المقام المحمدی |
| معتقده | معتقدها |
| بل ولیٍ | بل ولا ولیٍ |
| سخو | سخروا |
| تابعیه | تابعوه |

اکثر مقامات پر عبارتیں لایعنی، غیر مربوط اور غیر واضح ہیں چنانچہ ہم نے اس استفتاء کے حواشی میں ایسے اشارے کر دیے ہیں۔

مستفتی کی عبارت کا ملخص ترجمہ حسب ذیل ہے:

(۱) یہ شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ احمد روح کا نام ہے، اس سے نبوت ملائکہ کا تعلق ہے اور ایک ہزار سال گزر جانے کے بعد جسم بھی روح بن گیا تو مقامِ محمدی اب خالی رہے گا حتیٰ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول فرمائیں اور عیسویت سے نکلیں اور محمدیت میں داخل ہوں اور پھر دین اسلام کی تائید کریں۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

(۲) رسول ﷺ کو اللہ نے حکم دیا کہ وہ ''خُلّت'' حاصل کریں اور ملتِ ابراہیم کی پیروی کریں اور اس سے پہلے آپ ﷺ اس مقام پر نہیں تھے بلکہ اس سے ہٹے ہوئے تھے کیونکہ یہ آپ ﷺ کے مقام قطبیت کے خلاف تھا' ایک ہزار سال کے بعد اُمت کا ایک فرد بالا صالت خُلّت کے مقام کو پہنچا اور اس شخص کی وساطت سے حضرت محمد ﷺ کو خلت حاصل ہوئی۔

(۳) یہ شخص مرکز ثالث ہے اور اس کو تعین اوّل میں بہت سے مراحل میں سبقت حاصل ہے اور وہ مطلوب کی بہت سی منازل میں قریب تر ہے۔

(۴) یہ شخص اللہ تعالیٰ تک نبی کے وسیلہ کے بغیر پہنچا ہوا ہے.........

سارے فتوے کا حاصل یہ ہے کہ نبی کی توہین کرنے والا کافر' زندیق اور واجب القتل ہے' یہ بات عقائد اسلام میں شامل ہے کہ نبی کی اہانت کرنے والا کافر ہے' لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا کہیں حضرت مجدد الف ثانیؒ نے کسی نبی کی توہین کی ہے؟ ہمارے خیال میں توہین تو ایک طرف حضرت مجدد الف ثانی کی تحریرات میں کسی نبی کے متعلق ابتذال کا ادنیٰ سا شائبہ تک نہیں پایا جاتا' حضرت مجدد الف ثانی نے اپنی تحریرات میں انبیائے کرام کے جو فضائل و مناقب بیان کیے ہیں اگر انہیں جمع کیا جائے تو بہت سے صفحات درکار ہوں گے' مخالفین کو تو محض حیلے بہانے درکار ہوتے ہیں' انہوں نے مخالفت کے جوش میں حضرت مجدد الف ثانی جن کی ساری زندگی قال اللہ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم میں بسر ہوئی' کو خواہ مخواہ ''شاتم رسول'' بنا دیا ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ھذہ الخرافات

ہم نے حضرت مجدد الف ثانی کی تحریرات میں سے امکانی کوشش کر کے اس استفتاء میں مندرج عبارتیں تلاش کیں اور جب مستفتی کی عبارات سے ان کا مقابلہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

